🗀 شامی : ( ۵۹۸/۲ ، ۵۹۹ ) کتاب الحج ، باب الحج عن الغیر ، مطلب فی الفرق بین العباده والقربة والطاعة ، ط: سعید .

🗀 الهندیة: ( ۲۵۷/۱) کتاب المناسک، البا ب الرابع عشر فی الحج عن الغیر، ط: رشیدیه.

🗀 الهندیة : ( ۶۱/۳ ) کتاب الحج ، باب الحج عن الغیر ، ( قوله : والشرط العجز الدائم إلی وقت الموت ) ، ط: سعید .

🗀 بدائع الصنائع : ( ۲۱۳/۲ ) کتاب الحج ، فصل : وأمّا الّذی یرجع إلی النبات ، تحت قوله: ومنها إذا أمن علیه بنفسهٖ حال قدرتهٖ الخ ، ط: سعید .



## حج بدل میں نیت کس کی کرے

☆ حج بدل میں حج کرانے والے کی طرف سے نیت کرنا لازم ہے، اس لئے احرام باندھتے وقت یوں کہے ’’کہ میں فلاں مرد یا فلانی عورت کی طرف سے حج کا احرام باندھتا ہوں اور تلبیہ کہتا ہوں‘‘ اور یہ نیت دل میں کر لینا کافی ہے۔(۱)

☆ اگر حج بدل کرنے والے نے احرام باندھتے وقت حج بدل کرانے والے کی طرف سے نیت نہیں کی بلکہ نیت اپنی طرف سے کر لی تو حج بدل ادا نہیں ہوگا۔(۲)

حج بدل میں جس کی طرف سے حج بدل کیا جاتا ہے اس کا نام زبانی لینا ضروری نہیں بہتر ہے، دل میں صرف یہ نیت کر لینا بھی کافی ہے کہ فلاں شخص کی طرف سے احرام باندھتا ہوں، اگر احرام باندھتے وقت حج کرانے والے کی طرف سے احرام کی نیت نہیں کی ، اور حج کے اعمال شروع کر دیئے تو حج بدل صحیح نہیں ہوگا۔(۳)

## حج بلا نذر بھی واجب ہے

کبھی حج نذر کے بغیر بھی واجب ہوجاتا ہے، مثلاً اگر کوئی شخص میقات سے احرام کے بغیر گزر جائے تو اس پر حج یا عمرہ واجب ہوجاتا ہے، تو اگر ایسا شخص حج کریگا تو یہ حج واجب ہوگا۔(۴)

---

(۱،۲،۳) انظر االحاشیة السابقة، رقم: ۱. علی الصفحة رقم: ۱۱۷ ، (ومنها: نیة المحجوج عنه عند الإحرام؛)

(۴) وقد یجب الحج کما إذا جاوز المیقات بغیر إحرام ، فیجب علیه أحد النسکین ، فإن اختار الحج اتصف بالوجوب ، فیکون من قبیل الواجب المخیر . ( غنیة الناسک : (ص: ۱۰ ) مقدمة : فی تعریف الحج و مایتعلق بفرضیته ، ط: إدارة القرآن)

🗀 الدر المختار مع رد المحتار : ( ۴۵۵/۲ ، ۴۵۶ ) کتاب الحج ، ط: سعید .

🗀 البحر الرائق: (۳۱۰/۲، ۳۱۱) کتاب الحج، قبیل (قوله: بشرط حریة و بلوغ الخ)، ط: سعید.

# حج بیچنا

’’حج خریدنا‘‘ کےعنوان کودیکھیں۔(۱۲۶/۲)

# حج پانچواں رکن ہے

حاجی حج کے ذریعہ اسلام کا پانچواں اورآخری اہم رکن اداکرکے اپنے دین کی تکمیل کرتا ہے، اس لئے کہا گیا ہے کہ’’حج مبروراور حج مقبول کے بعد ایک نئی زندگی حاصل ہوتی ہے، گزرے ہوئے زمانہ کی کمزوریوں کا جائزہ لیکرنئی زندگی کے لئے کوئی ایسی نئی راہ اختیارکرلےجس سے واضح طور پرمعلوم ہوکہ حاجی صاحب میں نمایاں طور پرتبدیلی پیدا ہوئی اوردینی، اخلاقی، معاشرتی، اعتبار سے حاجی صاحب کےخیالات، رجحانات اورارادوں کی دنیابدل گئی ہے۔(۱)

# حج پر پابندی لگادی

اگرحکومت کی طرف سےمستقل طور پرمسلمانوں کوحج کرنے کی اجازت نہ ہو توان پرامام اعظم ابوحنیفہ کےنزدیک حج اداکرنافرض نہیں ہوگا،اوران کے لئے حج

(۱) وينبغي أن يجتهد في محاسنهٖ في باقي عمره، وأن يزاد خيره بعد العود، فعلامة الحج المبرور، وقبول زيارة خير مزور، أن يعود خيرًا مماكان في جميع الأمور، فإن رأى في نفسهٖ نزوعًا عن الأباطيل وتجافيًا عن دار الغرور، وإنابة إلى دار الخلود، فليحترز أن يدنس ذٰلک بطلب الفضول، ويستبشر بحصول خلعة القبول وهو غاية المطلوب، والمسؤول ونهاية المقصود والمأمول وبه يتمّ لباب المرام. (إرشاد الساري: (ص: ۷۵۴) باب زيارة سيد المرسلين ﷺ، فصل: في آداب الرجوع من سفر الحج، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 الفقه الإسلامي وأدلّته: (۳۵۵/۳) الباب الخامس: الحج والعمرة، الفصل الثالث: آداب السفر للحج وغيره، وآداب الحاج العائد، المبحث الثاني: آداب رجوع الحاج من سفرهٖ، ط: دار الفكر بيروت.

🗁 غنية الناسک: (ص: ۳۸۹) خاتمة في زيارة قبر الرسول ﷺ، فصل في آداب الرجوع، ط: إدارة القرآن.



بدل کی وصیت کرنا بھی لازم نہیں ہوگا۔مستقل طور پر پابندی کی صورت میں اس قول پرفتویٰ دیناچاہیے۔(۱)

مزید’’حکومت حج کرنے نہ دے‘‘عنوان کودیکھیں۔(۲۳۷/۲)

# حج پرروانگی سے پہلے

☆حج پرروانگی سے پہلے یہ سمجھے کہ آقا کی طلبی پرغلام اس کے آستانے پر حاضری کا قصدکرتا ہے، اورقبولیت کا امیدوار ہوکروطن چھوڑ رہاہے، اوراس طرح نکلے کہ دنیاچھوڑرہاہے، کسی پرظلم وزیادتی کی ہوتواس سے معافی مانگ لے، اگرکسی کا حق ہوتواس کا حق اداکردے، کسی کا دل دکھایا ہویاناحق ستایا ہوتواس سے معافی مانگ لے۔

☆دورکعت نمازتوبہ کی نیت سے پڑھے، اس کے بعد درودشریف پڑھے، سچے دل کے ساتھ اپنے گزشتہ چھوٹے بڑےتمام گناہوں سےتوبہ کرے، زبان سے استغفار پڑھےدل میں گزشتہ گناہوں پرنادم ہو، آئندہ کے لئے پختہ ارادہ کرے کہ

(۱) هٰذا ظاهر المذهب عن أبي حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ، وهو رواية عنهما، و ظاهر الرواية عنهما أنّه يجب عليهم، فإن أحجّوا أجزأهم مادام العجز مستمرًا بهم، فإن زال فعليهم الإعادة بأنفسهم، و ظاهر ما في التحفة اختياره فإن اقتصر عليه، وكذا الاسبيجابي، و قواه المحقق في فتح القدير، كذا في البحر الرائق، وألحق بهم المحبوس والخائف من السلطان الّذي يمنع النّاس عن الخروج إلى الحج، و كذا لايجب الإحجاج عنهم. (الهندية: (۲۱۸/۱) كتاب المناسک، الباب الأوّل، ومنها سلامة البدن، ط: رشيديه)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۲۴) باب شرائط الحج، فصل: وأمّا شرائط وجوب الأداء، ط: إدارة القرآن.

🗁 الدر مع الرد: (۴۵۹/۲) كتاب الحج، مطلب: فيمن حج بمال حرام، ط: سعيد.

🗁 إرشاد الساري: (ص: ۷۵، ۷۶) باب شرائط الحج، النوع الثاني، شرائط الأداء، الشرط الثالث: عدم الحبس والمنع والخوف، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة.

پھر کبھی ایسا نہیں کرے گا۔(۱)

## حج پہلے خود کرے یا والدین کو کرائے

☆ اگر لڑکے کے پاس اتنی استطاعت ہے کہ والدین کو اپنے ساتھ حج کے لئے لے جا سکتا ہے تو والدین کو بھی حج میں ساتھ لے جانا چاہیے، اور اگر اس وقت والدین کو ساتھ لے جانے کی حیثیت نہیں ہے، صرف خود جانے کی استطاعت ہے، تو خود جا کر حج ادا کرے پہلے والدین کو حج کرانا اس کے بعد پھر خود جانا یہ شرعی حکم نہیں ہے، استطاعت ہو جانے پر والدین کو بھی حج کرانے کی نیت رکھے اور کوشش کرتا رہے۔(۲)

---

(۱) فإذا عزم على الحج ينبغي له البداية بالتوبة بشروطها من رد المظالم إلى أهلها عند الإمكان، وقضاء ما قصر في فعله من العبادات، والندم على تفريطهٖ في ذٰلک، والعزم على عدم العود إلى مثل ذٰلک والاستحلال من ذوي الخصومات والمعاملات، فإن ماتوا فالإستغفار لهم...... وإذا أراد الخروج يصلى ركعتي السفر في بيته ويخرج خروج الخارج من الدنيا، ويودع المسجد بركعتين أيضًا. (غنية الناسک: (ص: ۳۴ــ ۳۸) باب ماينبغي لمريد الحج من آداب سفرهٖ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساري: (ص: ۷، ۸) مقدمة في آداب مريد الحج، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗁 البحر العميق: (۱/ ۴۲۴، ۴۲۵، ۴۲۶) الباب الرابع: في مقدمات السفر وآدابهٖ، الأمر الثالث: ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة.

(۲) (فرض)...... (مرة)...... (على الفور) في العام الأوّل عند الثاني وأصحّ الروايتين عن لإمام، و مالک و أحمد فيفسق وترد شهادته بتأخيره أي سنينًا؛ لأنّ تأخيره صغيرة، وبارتكابه مرة لايفسق إلّا بالإصرار...... و قالوا لو لم يحج حتى أتلف ماله و سعه أن يستقرض ويحج ولو غير قادر على وفائهٖ ويرجى أن لايؤاخذه اللّٰه بذٰلک. (الدر مع الرد: (۲/ ۴۵۶، ۴۵۷) كتاب الحج، ط: سعيد)

🗁 وإذا وجدت الشروط فالوجوب على الفور فيقدّمه خائف العذوبة على التزوّج ويأثم المؤخر عن سنة الإمكان. (مناسک الملا على القاري: (ص: ۸۹) باب شرائط الحج، النوع الرابع: شرائط وقوع الحج عن الفرض، فصل: وجوب الحج على الفور، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۲۰، ۳۲) باب شرائط الحج، فصل: وأمّا شرائط الوجوب، وفصل: فيما إذا وجد شرائط الوجوب والأداء أو الوجوب فقط، ط: إدارة القرآن.

🗁 البحر العميق: (۱/ ۴۱۱، ۴۱۲) الباب الثالث في مناسک الحج، فصل: فرضية الحج على الفور، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة.



☆ جب بیٹے پر خود حج فرض ہے تو والدین کو حج کرانے سے اس کا اپنا فرض حج ادا نہیں ہوگا، اس کو خود اپنا فرض حج کرنا لازم ہے۔(۱)

## حج پہلے کرے دوسرے کام بعد میں

☆ جس پر حج فرض ہو اس کو پہلے حج کرنا چاہیے اس کے بعد گنجائش ہو تو دوسرے نیک کام کرے مثلاً مسجد یا مدرسہ تعمیر کرائے، اس میں تعاون کرے وغیرہ۔

☆ حج فرض ہونے کے بعد پہلے اس کی ادائیگی ضروری ہے، بقیہ کاموں کا درجہ اس کے بعد ہے۔(۲)

## حج تمتع

''تمتع'' کے لغوی معنی ہیں: کچھ وقت تک فائدہ اٹھانا، (۳) اور شریعت کی اصطلاح میں تمتع کا معنی حج تمتع کرنا۔

حج تمتع یہ ہے کہ آدمی عمرہ اور حج ساتھ ساتھ کرے، لیکن اس طرح کہ دونوں کے احرام الگ الگ باندھے اور عمرہ کر لینے کے بعد احرام کھول کر ان ساری چیزوں سے فائدہ اٹھائے جو احرام کی حالت میں ممنوع ہو گئی تھیں۔

پھر حج کا احرام باندھ کر حج ادا کرے، اس طرح حج میں چونکہ عمرہ اور حج کی درمیانی مدت میں احرام کھول کر حلال چیزوں سے فائدہ اٹھانے کا کچھ وقت مل جاتا ہے اس لئے اس کو حج تمتع کہتے ہیں۔(۴)

---

(۱، ۲) انظر الى الحاشية السابقة رقم: ۲، فى الصفحة رقم: ۱۲۱. ((فرض)...... (مرة)......)

(۳) تمتّع بكذا: لطف اندوز ہونا، فائدہ اٹھاتے رہنا، مستفید ہونا، حاصل کرنا، تمتّع بالعمرة إلى الحج: عمرہ کر کے حرم میں رہنا اور حج کرنا، یعنی عمرہ کو حج کے ساتھ ملا دینا۔ (القاموس الوحيد: (ص: ۱۵۲۱) باب الميم، م ـ ت، ط: إداره اسلاميات، لاهور كراچى)

(۴) هو في اللغة بمعنى: التلذذ، والإنتفاع بالشيئ. وفي الشريعة كما قال: وهو الترفق أي لغير المكي بأداء النسكين أي العمرة والحج في أشهر الحج في سنةٍ واحدةٍ من غير إلمام أي بأهله =

البتہ قارن عمرہ سے فارغ ہونے کے بعد احرام کی حالت میں باقی رہے گا، اوران چیزوں سے فائدہ نہیں اٹھاسکے گا۔(۱)

☆حج تمتع کرنے والا بیت اللہ میں حاضری کے بعد عمرہ کا طواف اور صفا مروہ کی سعی کرنے کے بعد حلق یا قصر کر کے احرام سے نکل جائے گا، پھر آٹھ ذی الحجہ کو منی جانے سے پہلے حرم میں حج کا احرام باندھے گا، اور اس احرام کو ذی الحجہ کی دس تاریخ کو بڑے شیطان کو سات کنکریاں مارنے کے بعد دم شکر (قربانی کے جانور) کو ذبح کرنے کے بعد حلق یا قصر تک باقی رکھے گا۔(۲)

= بینهما إلماماً صحیحًا أی بأن یکون حال تحلّله من عمرته و قبل شروعه فی حجته. وزاد بعضهم: فی سفر واحدٍ کما ذکره صاحب "الهدایة" وزاد آخرون: بإحرام مکی للحج. وإنّما سمّی متمتّعا لانتفاعه بالتقرّب إلی اللّٰه تعالیٰ بالعبادتین کما اختاره المصنّف، أو لتمتّعه بمحظورات الإحرام بعد تحلّله من العمرة، أو لانتفاعه بسقوط العود إلی المیقات، ولا یبعد أن یقال: لتمتّعه بالحیاة حتی أدرک إحرام الحجّة. (إرشاد الساری: (ص: ۳۷۹، ۳۸۰) باب التمتّع، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک: (ص: ۲۱۲) باب التمتّع، فصل فی ماهیة التمتّع وشرائطه، ط: إدارة القرآن.

التاتارخانیة: (۲/۳۹۵، ۳۹۶) کتاب الحج، الفصل العاشر: فی المتمتّع، ط: قدیمی.

الهندیة: (۱/۲۳۸) کتاب المناسک، الباب السابع: فی القران والمتمتّع، ط: رشیدیه.

(۱) إذا دخل أی القارن مکّة بدأ بأفعال العمرة وإن أخرها فی الإحرام ...... ثم یقیم حرامًا أی محرمًا؛ لأنّ أوان التحلّل یوم النحر، فإن حلق تکون جنایته علی إحرامین ...... (إرشاد الساری: (ص: ۳۶۷، ۳۶۸) باب القران، فصل: فی بیان أداء القران، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک: (ص: ۲۰۵) باب القران، ط: إدارة القرآن.

الدر مع الرد: (۲/۵۳۲) کتاب الحج، باب القران، ط: سعید.

(۲) هو أن یحرم الآفاقی بعمرة من المیقات أو قبله فإذا دخل مکّة طاف لعمرته فی أشهر الحج، ویقطع التلبیة إذا ابتدأ بالطواف، وسعی بین الصفا والمروة، ثم حلق أو قصر، ثم أقام بمکّة حلالا! یطوف بالبیت ما بداله ویعتنی بسائر ماسبق له فی فصل ما ینبغی الاعتناء به بعد السعی، ویعتمر قبل الحج ماشاء ...... فإذا جاء الحج أحرم به کأهل ذٰلک الموضع، فلو أقام بمکّة فإذا کان یوم الترویة أحرم به، وقبله أفضل، وأفضل أماکنه الحطیم، ثم المسجد، ثم مکّة، ثم الحرم، ویصحّ من خارج الحرم، ولکنه یجب کونه فیه إلّا إذا خرج للحل لحاجة، =



☆حج تمتع کرنے والے پر طواف قدوم نہیں ہے۔(۱)

☆تمتع کرنے والا عمرہ کے طواف کے پہلے تین چکروں میں رمل اور ساتوں چکروں میں اضطباع کرے گا۔(۲)

☆عورتوں کیلئے رمل اور اضطباع کا حکم بالکل نہیں، اس لئے عورتیں طواف میں رمل اور اضطباع بالکل نہ کریں۔(۳)

= فأحرم منه لاشیئ علیه، بخلاف مالو خرج لقصد الإحرام منه، فإذا أراد المتمتّع وکذا المکی أن یحرم بالحج یأتی بماسبق له فی الإحرام من إزالة التفث، والاغتسال والتطیب وغیر ذٰلک...... وحج کالمفرد إلّا أنّه لایطوف للقدوم...... وإذ رمی یوم النحر ذبح للتمتّع کالقران. (غنیة الناسک: (ص: ۲۱۵، ۲۱۶) باب التمتّع، فصل: فی کیفیة أداء التمتّع المسنون، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساری: (ص: ۴۰۵، ۴۰۶، ۴۰۷، ۴۰۸، ۴۰۹) باب التمتّع، فصل: المتمتّع علی نوعین، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة.

الهندیة: (۱/۲۳۸، ۲۳۹) کتاب المناسک، الباب السابع فی القران والتمتّع، ط: رشدیه.

(۱) وحج کالمفرد إلّا أنّه لا یطوف للقدوم. (غنیة الناسک: (ص: ۲۱۶) باب التمتّع، فصل: فی کیفیة أداء التمتّع المسنون، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساری: (ص: ۴۰۷) باب التمتّع، فصل: المتمتّع علی نوعین، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة.

الهندیة: (۱/۲۳۹) کتاب المناسک، الباب السابع: فی القران والتمتّع، ط: رشیدیه.

(۲) ویرمل فی طواف العمرة فی الثلاث الأول، ویمشی فی الباقی علی هیئته باتفاق الأربعة؛ لأنّ هٰذا طواف بعده سعی ...... ویضطبع عند الأئمة الثلاثة خلافًا للمالکیة ...... (البحر العمیق: (۴/۲۰۵۸، ۲۰۵۹) الباب الرابع: فی العمرة، سنة العمرة ومستحباتها، ط: مؤسّسة الریّان المکتبة المکیّة)

إرشاد الساری: (ص: ۲۵۵) باب العمرة، صفة العمرة إجمالاً، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة.

والأصل أن کل طواف بعده سعی، فمن سنته الاضطباع والرمل وإلّا فلا. (غنیة الناسک: (ص: ۱۱۹) باب ماهیة الطواف وأنواعه وأرکانه وشرائطه وسائر أحکامه، فصل: وأمّا سنن الطواف، ط: إدارة القرآن)

شامی: (۲/۴۹۵، ۴۹۸) کتاب الحج، مطلب: فی دخول مکّة، ومطلب فی طواف القدوم، ط؛ سعید.

(۳) انظر الی الحاشیة الاتیة رقم: ۱، فی الصفحة رقم: ۱۲۶. (ولاترمل ولاتضطبع)

## حج تمتع کے افعال

| | |
|---|---|
| احرام عمرہ | شرط |
| طوافِ عمرہ معہ رمل | رکن |
| سعی عمرہ | واجب |
| سَر منڈانا | واجب |
| آٹھویں ذی الحجہ کو حج کا احرام باندھنا | شرط |
| وقوفِ عرفہ | رکن |
| وقوفِ مزدلفہ | واجب |
| رمی جمرہ عقبہ | واجب |
| قربانی | واجب |
| سَر منڈانا | واجب |
| طوافِ زیارت | رکن |
| سعی حج | واجب |
| رمی جمار | واجب |
| طوافِ وداع | واجب |

## حج ثانی کے لئے پانچ سال کی قید

حکومت کی جانب سے ایک مرتبہ حج کرنے کے بعد دوسری مرتبہ حج کرنے کے لئے پانچ سال کی قید لگانا شرعا درست نہیں، اور پانچ سال کے اندر دوسری مرتبہ حج کرنے کے لئے جھوٹے حلف نامے پر دستخط کرنا بھی جائز نہیں۔(۲)

## حج خریدنا

حج خریدنا اور بیچنا جائز نہیں ہے، نہ اس سے ثواب ملے گا اور نہ ہی اس سے فرض ادا ہوگا، اس لئے اگر کوئی حاجی حج فروخت کرنا چاہے تو کوئی بھی شخص اس کو نہ

---

(۱) ولاترمل ولاتضطبع ولا تسعى بين الميلين ...... لأنّ أصل مشروعيته لإظهار الجلد وهو للرجال، ولأنّه يخل بالستر ، وكذا السعى : أى الهرولة بين الميلين فى السعى ، والاضطباع سنة الرمل. (الدر مع الرد : (۵۲۸/۲) كتاب الحج ، قبيل باب القران ، ط: سعيد )

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۱۶۲ ) باب الإحرام ، فصل : فى إحرام المرأة ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

🗁 غنية الناسک : (ص: ۹۴ ) باب الإحرام ، فصل فى إحرام المرأة ، ط: إدارة القرآن .

(۲) قال اللّٰه تعالىٰ : ﴿ ومن أظلم ممن منع مساجد اللّٰه أن يذكر فيها اسمه وسعى فى خرابها أولٰئک ما كان لهم أن يدخلوها إلّا خائفين ﴾ ( سورة البقرة : ۱۱۴ )

🗁 وظاهر الآية : العموم فى كل مانع ، وفى كل مسجد وخصوص السبب لايمنعه ، وسعى فى خرابها : أى هدمها و تعطيلها ...... " أولٰئک " الظالمون المانعون الساعون فى خرابها " ماكان لهم أن يدخلوها إلّا خائفين " . ( روح المعانى للعلامة الآلوسى : (۳۶۳/۱ ، ۳۶۴ ) سورة البقرة ، الآية : ۱۱۴ ، ط: دار إحياء التراث العربى ، بيروت )

🗁 ومما يدل على أنّه عام فى سائر المساجد وأنّه غير مقصود على بيت المقدس خاصة أو المسجد الحرام خاصة ، إطلاقه ذٰلک فى المساجد فلايخص شيئ منه إلّا بدلا له .( أحكام القرآن للجصاص : (۸۷/۱ ) سورة البقرة ، باب فى نسخ القرآن بالسنة وذكر وجوه النسخ ، ط: قديمى)



خریدے ورنہ سارے پیسے ضائع ہو جائیں گے اور فائدہ کچھ نہیں ہوگا۔(۱)

اگر کسی آدمی پر حج فرض ہے اور وہ معذور نہیں ہے تو خود جا کر حج ادا کرے اور اگر معذور ہے تو شرائط کے مطابق حج بدل کرادے۔(۲)

---

(۱) وكون المعقود عليه ...... كونه موجودًا متقوّمًا مملوكًا فى نفسهٖ . (الدر المختار : (۵۰۵/۴) كتاب البيوع ، مطلب : شرائط البيع وأنواع أربعة ، ط: سعيد)

🗁 ولم أر حكم من أخذ شيئًا من الدنيا ليجعل شيئًا من عبادته للمعطى ، وينبغى أن لايصحّ ذٰلک اهـ : أى لأنّه إن كان أخذه على عبادة سابقة يكون ذٰلک بيعًا لها ، وذٰلک باطل قطعًا ، وإن كان أخذه لعمل ليعمل يكون إجارة على الطاعة وهى باطلة أيضًا ، كما نص عليه فى المتون والشروح والفتاوٰى . ( شامى : ( ۵۹۵/۲ ) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، مطلب : فيمن أخذ فى عبادته شيئًا من الدنيا ، ط: سعيد)

🗁 الهداية: ( ۵۳/۳ ) كتاب البيوع ، باب البيع الفاسد ، ط: شركة علمية ملتان.

🗁 الأصل : أنّ كل طاعة يختص بها المسلم ، لايجوز الاستئجار عليها عندنا لقوله عليه السلام: " اقرأوا القرآن ولاتأكلوا به " فالاستئجار على الطاعات مطلقًا لايصحّ عند أئمتنا الثلاثة...... (فتاوٰى تنقيح الحامدية : (۱۳۷/۲ ) كتاب الإجارة ، مطلب : فى حكم الاستئجار على التلاوة ، ط : ......

🗁 رسائل ابن عابدين : ( ۱۶۷/۱ ) شفاء العليل وبل الغليل فى حكم الوصية بالختمات والتهاليل ، ط: سهيل اكيڈمى لاهور .

🗁 الخانية على هامش الهنديه: (۳۲۵/۲) كتاب الإجارات، باب الإجارة الفاسدة، ط: رشيديه.

(۲) ( العبادات ثلاثة أنواع ) : مالية محضة كالزكوٰة وصدقة الفطر ، وبدنية محضة كالصلوٰة والصوم ، ومركبة منهما كالحج ،و الإنابة تجرى فى النوع الأوّل فى حالتى الاختيار والاضطرار، ولا تجرى فى النوع الثانى ، وتجرى فى النوع الثالث عند العجز كذا فى الكافى . (الهندية : ( ۲۵۷/۱ ) كتاب المناسک ، الباب الرابع عشر فى الحج عن الغير ، ط: رشيديه )

🗁 وكان مقتضى القياس أن لاتجرى النيابة فى الحج لتضمنه للمشقتين البدنية والمالية والأولىٰ لايكتفى فيها بالنائب لكنه تعالىٰ رخّص فى اسقاطهٖ بتحمل المشقة الأخرٰى ، أعنى إخراج المال عند العجز المستمر إلى الموت رحمة و فضلا بأن تدفع نفقة الحج إلى من يحج عنه . (البحر الرائق : ( ۶۰/۳ ) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ،ط : سعيد )

🗁 شامى : (۵۹۸/۲ ) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، مطلب فى الفرق بينا لعبادة والقربة والطاعة ، ط: سعيد .

☆ کسی کا پہلا کیا ہوا حج خریدنا یا خرید کر اس کا ثواب میت کو پہنچانا جائز نہیں ہے کیونکہ حج کی خرید وفروخت نہیں ہوسکتی۔(۱)

☆ کسی آدمی کو حج کا خرچہ دے کر اس سے نفلی حج ادا کرا کر اس کا ثواب میت کو پہنچانا جائز ہے مگر اس کے لئے شرط یہ ہے کہ نفلی حج کرنے والا احرام باندھتے وقت اسی میت کی طرف سے حج کرنے کی نیت کرے، اور اس کی طرف سے احرام باندھے۔(۲)

## حج دوسرے کی طرف سے کرنا

دوسرے آدمی کی طرف سے نفلی حج کرنا یا ثواب پہنچانے کیلئے نفلی حج کرنا جائز ہے حج کرنے والے اور جس کی طرف سے یا جس کو ثواب پہنچانے کیلئے کیا ہے سب

---

(۱) [ تنبیه ] قال فی البحر: ولم أر حکم من أخذ شیئًا من الدنیا لیجعل شیئًا من عبادتهٖ للمعطی ، وینبغی أن لایصح ذٰلک اهــ أی لأنّه إن کان أخذه علی عبادة سابقة یکون ذٰلک بیعا لها ، وذٰلک باطل قطعًا ، وإن کان أخذه لیعمل یکون إجارة علی الطاعة وهی باطلة أیضًا کما نص علیه فی المتون والشروح والفاوٰی . ( شامی : (۵۹۵/۲ ) کتاب الحج ، باب الحج عن الغیر ، مطلب فیمن أخذ فی عبادتهٖ شیئًا من الدنیا ، ط: سعید)

🗁 البحر: (۵۹/۳) کتاب الحج، باب الحج عن الغیر، ط: سعید.

(۲) والأصل فیه أنّ الإنسان له أن یجعل ثواب عمله لغیره صلاة أو صوما أو صدقة أو قراء ة أو ذکرا أو طوافا أو حجا أو عمرة أو غیر ذٰلک عند أصحابنا للکتاب والسنة...... فإن من صام أوصلی أو تصدق وجعل ثوابه لغیره من الأموات والأحیاء جاز ویصل ثوابها إلیهم عند أهل السنة والجماعة، کذا فی البدائع. (البحر الرائق: (۹۵/۳) کتاب الحج، باب الحج عن الغیر، ط: سعید)

🗁 الدر المختار مع رد المحتار : (۵۹۵/۲، ۵۹۶ ) کتاب الحج ، باب الحج عن الغیر

🗁 وإنّما یجوز الحج عن المیت إذا أوصٰی عن اجتماع شرائط الجواز ، ومنها : نیة الحج بأن یقول : نویتُ الحج عن فلان ، وإن شاء اکتفٰی بالنیة . ( البحر العمیق فی مانسک المعتمر والحاج إلی بیت اللّٰه العتیق : ( ۲۳۵۲/۴) الباب الثامن عشر فی الحج عن الغیر ، الفصل الثانی: فی الحج عن المیت الّذی فاته الحج فی عمره ، ط: مؤسّسة الریّان المکتبة المکیّة )

🗁 فتح القدیر : ( ۶۵/۳ ، ۶۷ ) کتاب الحج ، باب الحج عن الغیر ، ط: رشیدیه .



کو ثواب ملے گا، اور اگر کسی پر حج واجب ہے، اور وہ اتنا زیادہ بیمار یا کمزور ہے کہ خود حج نہیں کرسکتا ہے اور سفر کرنے پر قادر نہیں ہے تو اس صورت میں دوسرا آدمی اس کی طرف سے حج کرسکتا ہے۔(۱)

حضرت ابورزین العقیلی سے روایت ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کے پاس آئے کہ میرا باپ عمر رسیدہ ہے نہ تو حج کرسکتا ہے نہ عمرہ کرسکتا ہے اور نہ سفر کرنے کے قابل ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا، باپ کی طرف سے تم حج وعمرہ کرلو“۔(۲)

---

(۱) وأمّا العبادة المرکّبة من البدن والمال ، وهی الحج فلاتجوز فیها النیابة عند القدرة لعدم إتعاب النفس ، ویجوز عند العجز بحصول المشقة بتنقیص المال لسد خلة المحتاج عملا بالشبهین بالقدر الممکن ...... فالأصل فی جواز الحج عن الغیر : حدیث الخثعمیة ...... الخ . (البحر العمیق : ( ۲۲۵۰/۴ ) الباب الثامن عشر فی الحج عن الغیر ، الفصل الأوّل فی الحج عن الحی العاجز ، ط: مؤسّسة الریّان المکتبة المکیّة السعودیة )

🗁 الأصل فی هٰذا الباب أن الإنسان له أن یجعل ثواب عمله لغیره صلاة کان أو صوما أو صدقة أو غیرها کالحج و قراء ة القرآن الخ . ( الهندیة ( ۲۵۷/۱ ) کتاب المناسک ، الباب الرابع عشر فی الحج عن الغیر ، ط: رشیدیه )

🗁 البحر الرائق : (۵۹/۳ ) کتاب الحج ، باب الحج عن الغیر ، ط: سعید .

🗁 وانظر الحواشی السابقة أیضًا.

(۲) وعن أبی رزین العقیلی أنّه أتی النبیّ ﷺ فقال : إن أبی شیخ کبیر لایستطیع الحج ولا العمرة ولا الظعن ، قال : ” حج عن أبیک واعتمر “ . رواه أحمد والأربعة وابن حبان فی صحیحه ، والحاکم وصحیحه علی شرط الشیخین وحسنه الترمذی ، وفی بعض نسخهٖ تصحیحه . (البحر العمیق : ( ۳۷۲/۱ ) الباب الثالث فی مناسک الحج ، شرائط الحج ، شرائط وجوب الأداء ، ط: مؤسّسة الریّان المکتبة المکیّة السعودیة )

🗁 مسند الإمام أحمد بن حنبل : (۵۸۰/۴ ) رقم الحدیث : ۱۵۷۵۱ ، مسند أبی رزین العقیلی بن عامر بن المنتفق ، ط: دار إحیاء التراث العربی ، بیروت ، الطبعه الثالثة ، ۱۴۱۴ھ ، ۱۹۹۴م .

🗁 سنن النسائی: (۳/۲) کتاب المناسک، العمرة عن الرّجل الّذی لایستطیع، ط: قدیمی.

🗁 جامع الترمذی : ( ۱۱۲/۱ ) أبواب الحج عن رسول اللّٰه ﷺ ، باب ماجاء فی الحج عن الشیخ الکبیر والمیت ، ط: میر محمد .

## حجر اسود

’’حجر اسود‘‘ اور’’ مقام ابراہیم‘‘ جنت کے پتھر ہیں، جب ان کو زمین پر اتارا گیا تو حکمت الٰہی نے چاہا کہ ان پر دنیاوی زندگی کے احکام مرتب ہوں، کیونکہ جگہ کی تبدیلی سے احکام میں تبدیلی آتی ہے، ایک اقلیم کا آدمی دوسرے اقلیم میں جابستا ہے تو رنگ، مزاج اور قد وغیرہ میں تبدیلی آجاتی ہے، چنانچہ زمین میں اتارنے کے بعد ان کی روشنی مٹادی گئی اور وہ زمین کے پتھروں جیسے نظر آنے لگے، اس صورت میں ان کی فضیلت کی وجہ ان کا جنتی پتھر ہونا ہے۔(۱)

’’حجر اسود‘‘ شروع میں ایک ہی پتھر تھا، اب اس کے چھوٹے چھوٹے آٹھ ٹکڑے ہیں ان ٹکڑوں کو بیت اللہ کے شرقی جنوبی کونے پر پتھر کے بڑے ٹکڑے میں جوڑا گیا ہے اور پھر اس پر چاندی کا فریم لگا دیا گیا ہے، یہی وہ ٹکڑے ہیں جن کو بوسہ دینا مسنون ہے، نہ کہ وہ بڑا پتھر اور نہ ہی چاندی کا وہ خول جو اس بڑے پتھر پر چڑھا ہوا ہے۔(۲)

## حجر اسود جنت سے سفید آیا تھا

### ’’حجر اسود‘‘ جنت سے سفید آیا تھا لوگوں کے گناہوں کی وجہ سے کالا ہو گیا

---

(۱) وقال: أنّ الركن والمقام ياقوتتان، أقول: يحتمل أن يكونا من الجنّة فى الأصل فلما جعلا فى الأرض اقتضت الحكمة أن يراعى فيهما حكم نشأة الأرض فطمس نورهما. (حجة اللّٰه البالغة: (۲/ ۶۵) من أبواب الحج، أمور تتعلق بالحج، الكلام على الحجر الأسود، ط: كتب خانه رشيديه دهلى)

🗁 رحمة اللّٰه الواسعة : (۴/ ۲۴۲) حج کا بیان، باب (۴) حج سے تعلق رکھنے والی باتیں، حجر اسود کی فضیلت کا بیان، ط: زمزم پبلیشرز۔

(۲) وليجتنب عند استلام الحج عن استعمال ماهناک من طوق فضة ركبوها حول الحجر الأسود . (غنية الناسک : (ص: ۱۰۳ ) باب دخول مكّة و حرمها ، فصل فى صفة الاستلام ، تنبيه : ، ط: إدارة القرآن)



ورنہ اس کا نام نازل ہوتے وقت ’’حجر اسود‘‘ نہیں تھا۔(۱)

## حجر اسود کا استلام

حجر اسود کا استلام یعنی بوسہ دینا طواف کے شروع میں پہلی مرتبہ اور طواف ختم ہونے کے بعد آٹھویں مرتبہ بالاتفاق سنت مؤکدہ ہے، بیچ والے چکروں میں زیادہ تاکید نہیں ہے۔(۲)

## حجر اسود کا بوسہ لینا

### طواف کے درمیان حجر اسود کا بوسہ لینے کیلئے انتظار نہ کریں بلکہ موقع مل

---

(۱) قال النبیّ ﷺ : ” نزل الحجر الأسود من الجنّة وهو أشدّ بياضا من اللبن فسودته خطايا بنى آدم“. (حجة اللّٰه البالغ: (۲/ ۶۵) من أبواب الحج ، أمور تتعلق بالحج ، الكلام على الحجر الأسود ، ط: كتب خانه رشيديه دهلى)

🗁 وفى قوله : الحجر دون أن يصفه بالسواد ، إشارة إلى أنّه حين أخرج من الجنّة كان أبيض من اللبن ، وإنّما اسود بمس المشركين والعصاة ، كذا فى المحيط . ( البحر الرائق : ( ۲/ ۳۲۷ ) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد)

🗁 جامع الترمذى : ( ۱/ ۱۰۷ ) أبواب الحج عن رسول اللّٰه ﷺ ، باب ماجاء فى فضل الحجر الأسود والركن والمقام ، ط: مير محمد .

🗁 مشكوٰة المصابيح : ( ص: ۲۲۷ ) كتاب المناسک ، باب دخول مكّة والطواف ، الفصل الثانى ، ط: قديمى .

(۲) واستلامه فى أوّل الطواف وآخره سنة ، واختلفوا فيما بينهما ، فقيل : أدب ، و قيل : سنة ، ومشى فى ” اللباب “ على الثانى ، ثم قال : وإن استلمه فى أوّله وآخره أجزأه ، فأفاد أنّ استلام طرفيه آكد مما بينهما . ( غنية الناسک : (ص: ۱۰۴ ) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل فى الأخذ فى الطواف و كيفية أداءه الخ ، ط: إدارة القرآن )

🗁 مناسک الملا على القارى : (ص: ۱۸۷ ) باب دخول مكّة ، فصل فى صفة الشروع فى الطواف ، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة .

🗁 البحر العميق : ( ۲/ ۱۱۸۸ ) الباب العاشر فى دخول مكّة المشرفة ، فصل فى بيان أنواع الأطوفة ، سنن الطواف ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة .

جائے تو بہتر ہے ورنہ دور سے ہاتھوں سے اشارہ کرکے ہاتھوں کو چوم لیں، ٹھہریں نہیں، کیونکہ طواف کے درمیان ٹھہرنا سنت کے خلاف ہے البتہ طواف کے شروع میں یا بالکل آخر میں بوسہ کے انتظار میں ٹھہرنے میں مضائقہ نہیں۔(۱)

☆ ''حجر اسود'' کا استلام سنت ہے، بشرطیکہ بوسہ لینے سے اپنے آپ کو یا کسی دوسرے کو ایذا نہ ہو، اگر اس میں دھکم پیل کی نوبت آئے اور کسی مسلمان کو ایذا پہنچے تو یہ فعل حرام ہے، اور طواف کرتے ہوئے حرام فعل کا ارتکاب کرنا اور اپنی اور دوسروں کی جان کو خطرے میں ڈالنا بہت ہی بے عقلی کی بات ہے، اگر آدمی آسانی سے حجر اسود تک پہنچ سکے تو اس کو چوم لے ورنہ دور سے اپنے ہاتھوں کو حجر اسود کی طرف بڑھا کر یہ تصور کرے گویا میں نے ہاتھ حجر اسود پر رکھ دیئے ہیں، اور پھر اپنے ہاتھوں کو چوم لے، اس کے ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوگی اِن شاءاللہ۔(۲)

---

(۱) وإن ازدحم فلايمكنه الرمل لا في القرب ولا في البعد ، فإن كانت الزحمة قبل شروعهٖ في الطواف و قف حتى تزول ...... وإن كانت حصلت في أثناء الطواف لايقف ؛ لأنّ الموالاة بين الأشواط وأجزاء الأشواط سنة متفق عليهما ، بل قال بعض العلماء : واجبة ، فلايترك لحصول سنة مختلف فيها ...... بخلاف استلام الحجر الأسود حيث لايقف له في الحالين إذا ازدحم عنه ؛ لأنّ الإشارة إليه بدل له عند العجز ، إلّا أنّه لو وقف له في أوّل الطواف و آخره ، كان أحب ؛ لأنّه لايلزم من الوقوف فيهما فوات الموالاة مع إمكان أصل الاستلام الّذي هو سنّة مؤكّدة فيهما . (غنية الناسک : (ص: ۱۰۴ ) باب دخول مكّة و حرمها ، فصل : في الأخذ في الطواف و كيفية أداء ه الخ ، ط: إدارة القرآن )

🗁 مناسک الملا على القارى : (ص: ۱۸۹ ، ۱۹۰ ) باب دخول مكّة ، فصل في صفة الشروع في الطواف ، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة .

(۲) ومن سنن الطواف :استلام الحجر و تقبيله ...... فإذا أراد أن يستلم الحجر الأسود يستقبله بوجهه على القول الصحيح و يدنو منه بشرط أن لا يؤذى أحدا بالمزاحمة ، وهٰذا الاستقبال للحجر مستحب لا واجب ، ويرفع يديه عند استقبال الحجر حذاء أذنيه كما في الصلاة ، أمّا الاستقبال من غير إيذاء فلما روى : " أنّ رسول اللّٰه ﷺ دخل المسجد فبدأ بالحجر فاستقبله و قال ﷺ لعمر : يا عمر ! إنّک رجل قويّ فلاتزاحم على الحجر فتوذى الضعيف =



☆ جب حجر اسود کی طرف منہ کریں تو اسی حالت میں دائیں جانب کو ہرگز نہ سرکیں بلکہ وہیں دائیں طرف کو گھوم جائیں اور پھر آگے چلیں۔(۱)

---

= وإن وجدت خلوة فاستلمه وإلّا فاستقبله وهلل وكبر". رواه أحمد والشافعي و غيرهما ، ولأنّ الاستلام سنة، وترک الإيذاء واجب فالإتيان بالواجب أولىٰ ...... وعن عبد الرحمٰن بن عوف أنّه كان إذا أتى الركن فوجدهم يزدحمون عليه استقبله وكبر و دعا ثم طاف وإذا رأى خلوة استلمه...... قال ابن حجاج في المدخل : وليحذر مما يفعله بعضهم أنّ الرجال والنّساء يتزاحمون على الحجر الأسود فيقع الاتضعاط بينهم . ( البحر العميق : ( ۲/۱۱۷۱ ، ۱۱۷۲ ، ۱۱۷۳ ، ۱۱۸۳ ) الباب العاشر في دخول مكة المشرفة ، فصل : في بيان أنواع الأطوفة ، سنن الطواف، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة)

🗁 فاستقبل ( الحجر مكبرا مهللا رافعا يديه ) كالصلاة ( واستلمه ) فإن لم يقدر يضعهما ثم يقبلهما ( والا ) يمكنه ذٰلک ( يمس ) بالحجر ( شيئًا في يده ) ولو عصا ( ثم قبله ) أى الشيئ (وإن عجز عنهما ) اى الاستلام والإمساس ( استقبله ) مشيرا إليه بباطن كفيه كأنّه واضعهما عليه ( ...... ) ثم يقبل كفيه ، قال في الرد : ( قوله : وترک الإيذاء واجب ) أى فلا يترک الواجب لفعل السنة ...... ( قوله : ثم يقبل كفيه ) أى بعد الإشارة المذكورة . ( الدر المختار مع رد المحتار: ( ۲/۴۹۳ ، ۴۹۴ ) كتاب الحج ، فصل في الإحرام ، مطلب في دخول مكّة ، ط: سعيد)

🗁 البحر الرائق : ۲/۳۲۶ ) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد .

(۱) ليس شيئ من الطواف يجوز عندنا مع استقبال البيت ، فإذا استقبله عند استلام إحد الركنين، ينبغى أن يقر قدميه في موضعهما حالة الاستقبال ،فإذا فرغ من الاستلام اعتدل قائما على حاله قبل الاستقبال ، وجعل يساره إلى البيت كما كان ، فيطوف ؛ لأنّه لو زالت قدماه في موضعهما إلى جهة البيت ، ولو قليلا في حال استقباله ، ثم مضى من هناک في طوافهٖ لكان قد قطع جزأ من مطافه وهو مستقبل البيت . ( غنية الناسک : (ص: ۱۱۴ ) باب في ماهية الطواف وأنواعه وأركانهٖ الخ ، فصل في واجبات الطواف ، تنبيه ، ط: إدارة القرآن )

🗁 شامى : ( ۲/۴۹۵ ) كتاب الحج ، فصل في الإحرام ، مطلب في دخول مكة ، ط: سعيد .

🗁 وينبغى أن يبدأ بالطواف من جانب الحجر الّذى يلى الركن اليمانى ...... وشرحهٖ أن يقف مستقبلا على جانب الحجر بحيث يصير جميع الحجر عن يمينه ثم يمشى كذٰلک مستقبلا حتى يجاوز الحجر فإذا جاوزه انفتل وجعل يساره إلى البيت . ( الهندية : ( ۱/۲۲۵ ) كتاب المناسک ، الباب الخامس في كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه )

🗁 فتح القدير : ( ۲/۳۸۹ ) كتاب الحج ، باب الإحرام ، فروع تتعلق بالطواف ، ط : رشيديه.

☆ حجراسود کو بوسہ دیتے وقت چاندی کے حلقہ پر ہاتھ نہ رکھیں۔(۱)

☆ صرف ''حجراسود'' کا بوسہ لینا سنت ہے، بیت اللہ شریف کی دیوار وغیرہ یا کسی اور جگہ کا چومنا جائز نہیں ہے۔(۲)

☆ اگر ''حجراسود'' پر خوشبو لگی ہو تو محرم (احرام والے) کو اس کا چھونا جائز نہیں ہے۔(۳)

---

(۱) وليجتنب عند استلام الحجر عن استعمال ما هناک من طوق فضة ركبوها حول الحجر الأسود. (غنية الناسک: (ص: ۱۰۳) باب دخول مكّة وحرمها، فصل فی صفة الاستلام، تنبيه: ط: إدارة القرآن)

(۲) قال ابن الملقن رحمه اللّٰه تعالیٰ فی شرح "العمدة": لا يشرع التقبيل الا للحجر الأسود، والمصحف، ولايدی الصالحين من العلماء و غيرهم وللقادمين من السفر بشرط أن لايكون أمرد، ولا امرأة محرمة، ولوجوه الموتی الصالحين، ومن نطق بعلم أو حكمة ينتفع بها، وكل ذٰلک قد ثبت فی الأحاديث الصحيحة، وفعل السلف ، فأمّا تقبيل الأحجار والقبور والجدار والستور، وأيدی الظلمة والفسقة، واستلام ذٰلک جميعه، فلا يجوز، ولو كانت أحجار الكعبة أو القبر الشريف وأجدار حجرته، أو ستورهما، أو صخرة بيت المقدس، فإن التقبيل والاستلام ونحوهما تعظيم، والتعظيم خاص باللّٰه تعالیٰ، فلا يجوز إلاّ فيما أذن فيه اهـ. (غنية الناسک: (ص: ۱۲۶، ۱۲۷) باب فی ماهية الطواف وأنواعه وأركانه الخ، فصل: مكروهات الطواف، تنبيه، ط: إدارة القرآن)

(۳) ۳۳۳۴ـ يجب أن يعلم بأنّ المحرم ممنوع عن استعمال الدهن والتطيب......

🗁 ۳۳۳۵ـــ وقال فی المحرم: إذا مس الطيب، أو استلم الحجر فأصاب يده خلوف، إن كان ماأصاب يده كثيرا فعليه الدم. (المحيط البرهانی: (۳/۴۳۷) كتاب المناسک، الفصل الخامس: مايحرم علی المحرم ومالايحرم، نوع منه فی الدهن والتطيب والخضاب، ط: إدارة القرآن)

🗁 البحر الرائق : ( ۳/۳ ) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

🗁 غنية الناسک: (ص: ۲۴۳) باب الجنايات، الفصل الأوّل فی الطيب ، ط: إدارة القرآن.

🗁 فإن لم يستطع للزحمة، أو لكون الحجر ملطخا بالطيب وهو محرم وقف بحذائه مستقبلا له، وفعل ما ذكرنا من الأذكار. (غنية الناسک: (ص: ۱۰۳ ) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل فی صفة الاستلام ، ط:إدارة القرآن)

🗁 قال ابن الحجاج فی المدخل...... وليحذر مايفعله بعضهم من أنّه يكون يقبل الحجر والنّاس يصبون علی الحجر ماء الورد وفيه المسک فيصيبه منه وهو محرم، فليتحفظ من ذٰلک جهده. (البحر العميق: (۲/۱۱۸۳، ۱۱۸۴) الباب العاشر فی دخول مكّة و فی الطواف والسعی، فصل فی بيان أنواع الأطوفة، سنن الطواف (الاستلام) ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكيّة، مكّة المكرّمة)



☆ عورتوں کے لئے اس حال میں حجراسود چومنا بالکل حرام ہے جب کہ اجنبی مردوں کے ساتھ جسم لگنے کا احتمال ہو۔(۱)

☆ حجراسود کا بوسہ نہ لینے سے کفارہ اور دم وغیرہ لازم نہیں ہوگا اور حج ادا ہوجائے گا۔(۲)

## حجراسود کا بوسہ لینے کے آداب

### ☆ حجراسود کا بوسہ لینے کیلئے کسی کو دھکا دینا یا تکلیف پہنچانا جائز نہیں ہے

---

(۱) ولا تستلم الحجر إذا كان هناک جمع؛ لأنّها ممنوعة عن مماسة الرجال، إلا أن تجد الموضع خاليا. (غنية الناسک: ( ص: ۹۴) باب الإحرام، فصل فی إحرام المرأة، ط: إدارة القرآن)

🗁 البحر الرائق: (۲/۳۵۵) كتاب الحج، باب الإحرام، فصل: ومن لم يدخل مكّة الخ، ط: سعيد.

🗁 شامی : (۲/۵۲۸ ) كتاب الحج ، فصل فی الإحرام ، مطلب فی مضاعفة الصلاة بمكّة ، قبيل : باب القران ، ط: سعيد .

🗁 الهندية : ( ۱/۲۳۵ ) كتاب المناسک ، الباب الخامس فی كيفية أداء الحج ، قبيل : فصل فی المتفرّقات، ط: رشيديه.

(۲) ومن سنن الطواف :ا ستلام الحجر وتقبيله . ( البحر العميق : ( ۲/۱۱۷۱ ) الباب العاشر فی دخول مكّة و فی الطواف والسعی ، فصل : فی بيان أنواع الأطوفة ، سنن الطواف ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة )

🗁 واستلامه فی أوّل الطواف و آخره سنة . ( غنية الناسک : (ص: ۱۰۴ ) باب دخول مكّة و حرمها ، فصل فی الأخز فی الطواف وكيفية أدائه ، ط: إدارة القرآن )

🗁 بدائع الصنائع:(۲/۱۴۶ ) كتاب الحج، فصل وأمّا بيان سنن الحج و بيان ترتيبه، ط: سعيد.

🗁 وأمّا سننه ...... وحكمها الإساء ة بتركها وعدم لزوم الجزاء . ( غنية الناسک : ( ص: ۴۷ ) باب فرائض الحج و واجباتهٖ وسننه الخ ، فصل فی سننه ، ط: إدارة القرآن )

🗁 ولو ترک السنن والآداب فلاشيئ عليه وقد أساء كذا فی شرح الطحاوی . ( الهندية : ( ۱/ ۲۲۰) كتاب المناسک ، الباب الأوّل فی تفسير الحج و فرضيته الخ ، قبيل : وأمّا محظوراته الخ، ط: رشيديه)

🗁 ( وحكم السنن ) أی المؤكّدة ( الإساء ة بتركها ) أی لو تركها عمدا ( وعدم لزوم شيئ ) أی من دم أو صدقة علی فاعلها . ( مناسک الملا علی القاری : (ص: ۱۰۵ ) باب فرائض الحج و واجباتهٖ و سننه ، حكم السنن ، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة )

کیونکہ حجر اسود کا بوسہ لینا سنت ہے اور لوگوں کو تکلیف دینا حرام ہے، لہذا سنت پر عمل کرنے کیلئے حرام کا ارتکاب کرنا جائز نہیں ہے، اور ہجوم کی حالت میں ہاتھ یا چھڑی وغیرہ سے حجر اسود کی جانب اشارہ کرتے ہوئے "**اللّٰہ اکبر لاإلٰہ إلااللّٰہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسول اللّٰہ**" کہہ کر اپنے ہاتھ یا چھڑی کے بوسہ پر اکتفا کر لینا چاہیے۔(۱)

☆ نبی کریم ﷺ نے حجر اسود کا بوسہ بھی لیا ہے اور ہجوم کے وقت اشارہ بھی کیا ہے، حالانکہ نبی کریم ﷺ کو ہجوم میں جگہ مل سکتی تھی، اور جان اور مال قربان کرنے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم خوشی سے راستہ بھی دیدیتے، لیکن آنحضرت ﷺ نے اس کے باوجود اشارہ پر ہی اکتفا کیا تاکہ امت ہجوم کے وقت اشارہ پر عمل کرلے، لہذا بوسہ دینا اور اشارہ کرنا یہ دونوں عمل آپ ﷺ کی مبارک سنت ہیں۔(۲)

☆ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حجر اسود پر ہجوم نہ کرو نہ کسی کو

(۱) انظر الحاشية السابقة رقم: ۲، على الصفحة السابقة رقم: ۱۳۲. (ومن سنن الطواف)

🗁 ويستلم الحجر إن أمكنه ذٰلک من غير أن يؤذى أحدًا...... والأفضل أن يقبله...... ويقبله إن أمكنه ذٰلک من غير أن يؤذى أحدًا لما روى عن رسول الله ﷺ أنّه قال لعمر: ياأباحفص! إنّک رجل قوى وإنّک تؤذى الضعيف فإذا وجدت مسلكا فاستلم وإلا فدع وكبر وهلل ولأن الاستلام سنة وإيذاء المسلم حرام، وترک الحرام أولىٰ من الإتيان بالسنة، و إذا لم يمكنه ذٰلک من غير أن يؤذى استقبله و كبر وهلل و حمد الله وأثنىٰ عليه و صلى على النبىّ ﷺ كما يصلى فى الصلاة. (بدائع الصنائع: (۱۴۶/۲) كتاب الحج، فصل وأمّا بيان سنن الحج وبيات ترتيبه، ط: سعيد)

(۲) وقد ثبت كل من الاستقبال والتقبيل فى الصحيحين عن فعل رسول الله ﷺ، فعن ابن عمر رضى الله عنهما قال: رأيت رسول الله ﷺ يستلمه ويقبله. متفق عليه. وعنه: أنّ رجلا سأله عن استلام الحجر؟ فقال: رأيتُ رسول الله ﷺ يستلمه و يقبله...... وفى صحيح مسلم من حديث أبى الطفيل قال: رأيت رسول الله ﷺ يطوف بالبيت ويستلم الركن بمحجن ويقبل المحجن. (البحر العميق: (۱۱۷۷/۲، ۱۱۷۸، ۱۱۸۵) الباب العاشر فى دخول مكّة و فى الطواف والسعى، فصل: فى بيان أنواع الأطوفة، سنن الطواف، الاستلام، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة)

🗁 بدائع الصنائع: (۱۴۶/۲) كتاب الحج، فصل: وأمّا بيان سنن الحج و بيان ترتيبه، ط: سعيد.



تکلیف پہنچاؤ، اور نہ خود کسی کی تکلیف کا نشانہ بنو۔(۱)

☆ حضرت عطاؒ کہتے ہیں "صرف تکبیر اور اشارہ پر اکتفا کر لینا اور حجر اسود پر بوسہ نہ لینا میرے نزدیک اس سے بہتر ہے کہ کسی کو تکلیف دے کر بوسہ لوں نیز یہ بھی فرماتے ہیں کہ جب حجر اسود کی طرف اشارہ کر کے اپنے ہاتھوں کو چومے تو اس میں آواز بلند نہ کرے(۲)

☆ عورتوں کو مردوں کے ہجوم میں گھس کر بوسہ لینے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے البتہ جب ہجوم نہ ہو تو عورتیں حجر اسود کا بوسہ لے سکتی ہیں۔(۳)

☆ مطاف میں حجر اسود کی سیدھ میں دعا اور نماز کے لئے کھڑے نہیں ہونا چاہیے، خاص طور پر ہجوم کے وقت، اس لئے کہ ایسا کرنے سے طواف کرنے والوں کو

(۱) أخبرني عطاء أنّه سمع ابن عباس رضى الله عنهما يقول: إذا وجدت على الركن زحامًا، فلا يوذِ ولاتوذَ وامض. (اخبار مكّة للفاكهى: (۱۰۳/۱) رقم الحديث: ۴۸، ذكر ما يقال عند استلام الركن الأسود، واستلامه ولمن لم يستلمه ورفع الأيدى عنه، ط: دار خضر، بيروت)

🗁 عن ابن عبّاس رضى الله عنهما قال: لاتزاحم على الحجر، لاتؤذِ ولاتؤذَ. (اخبار مكّة للفاكهى: (۱۳۰/۱) رقم الحديث: ۱۳۳، ذكر الزحام على الركن الأسود، ط: دار خضر بيروت)

🗁 اخبار مكّة للأزرقى (۲۶۶/۱) باب ماجاء فى فضل استلام الركن الأسود، واليمانى، الزحام على استلام الركن الأسود، والركن اليمانى، ط: مكتبة الثقافة الدينية.

(۲) عن عطاء قال: تكبيرة ولا أذى مسلما أحبّ إلىّ من استلامه يعنى الركن. (أخبار مكّة للفاكهى: (۱۳۲/۱) رقم الحديث: ۱۴۰، ذكر الزحام على الركن الأسود واليمانى من فعل ذٰلک ومن كرهه...... ط: دار خضر، بيروت)

🗁 عن عطاء أنّه قال: إذا استلمت الحجر ثم قبّلتَ يديک فلاتصوّت. (أخبار مكّة للفاكهى: (۱۵۹/۱) رقم الحديث: ۲۱۴، ذكر تقبيل الأركان، و تقبيل الأيدى إذا مسحت بها والتصويت بالقبلة، ط: دار خضر بيروت)

(۳) قال ابن الحجاج فى المدخل...... وليحذر ممايفعله بعضهم أنّ الرّجال والنّساء يتزاحمون على الحجر الأسود فيقع الانضغاط بينهم فقد يأتى فم الرجل على فم المرأة وبالعكس. (البحر العميق: (۱۱۸۳/۲) الباب العاشر فى دخول مكّة و فى الطواف والسعى، فصل فى بيان أنواع الأطوفة، سنن الطواف (الاستلام) ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكيّه، مكّة المكرّمة)

پریشانی ہوتی ہے۔(۱)

## حجر اسود کا بوسہ نہیں لیا

حجر اسود کا بوسہ نہ لینے سے کفارہ یا دم لازم نہیں ہوگا اور حج ادا ہو جائے گا۔(۲)

## حجر اسود کو بوسہ دیتے وقت دوسروں کو تکلیف پہنچانا

حجر اسود کو بوسہ دینے یا ہاتھ لگانے میں اس کا خیال رکھیں کہ کسی کو تکلیف نہ پہنچے اگر تکلیف پہنچنے کا خطرہ ہو تو حجر اسود کو بوسہ دینا اور ہاتھ لگانا چھوڑ دیں بلکہ اشارہ کرنے پر اکتفا کریں، کیونکہ حجر اسود کو بوسہ دینا سنت ہے اور مسلمان کو تکلیف پہنچانا حرام ہے، سنت پر عمل کرنے کے لئے حرام کا مرتکب ہونا جائز نہیں ہے۔(۳)

---

(۱) انظر الی الحاشیة رقم: ۱. علی الصفحة رقم: ۱۳۷. (أخبرنی عطاء أنّه سمع ابن عباس رضی اللّٰه عنهما)

(۲) ومن سنن الطواف استلام الحجر و تقبیله. (البحر العمیق: (۲/۱۱۷۱) الباب العاشر فی دخول مکّة و فی الطواف والسعی، فصل: فی بیان أنواع الأطوفة، سنن الطواف، ط: مؤسّسة الریّان المکتبة المکیّة)

🗁 واستلامه فی أوّل الطواف و آخره سنة. (غنیة الناسک: (ص: ۱۰۴) باب دخول مکّة وحرمها، فصل فی الأخذ فی الطواف و کیفیة أدائه، ط: إدارة القرآن)

🗁 بدائع الصنائع: (۲/۱۴۶) کتاب الحج، فصل: وأمّا بیان سنن الحج و بیان ترتیبه، ط: سعید.

🗁 ولو ترک السنن والآداب فلاشیئ علیه وقد أساء، کذا فی شرح الطحاوی. (الهندیة: (۱/۲۲۰) کتاب المناسک، الباب الأوّل فی تفسیر الحج و فرضیته الخ، قبیل: وأمّا محظورات الخ، ط: رشیدیه)

🗁 (وحکم السنن) المؤکّدة (الإساءة بترکها) أی لو ترکها عمدًا (وعدم لزوم شیئ) أی من دم أو صدقة علی فاعلها. (مناسک الملا علی القاری: (ص: ۱۰۵، باب فرائض الحج و واجباته، وسننه، حکم السنن: ، ط: المکتبة الإمدادیة مکّة المکرّمة)

🗁 غنیة الناسک: (ص: ۴۷) باب فرائض الحج و واجباته و سننه الخ، فصل: سننه، ط: إدارة القرآن.

(۳) ویستلم الحجر إن أمکنه ذٰلک من غیر أن یؤذی أحدًا، والأفضل أن یقبله ...... ویقبله إن أمکنه ذٰلک من غیر أن یؤذی أحدا لما روی عن رسول اللّٰه ﷺ أنّه قال لعمر: یاأبا حفص إنّک رجل قوی وإنّک تؤذی الضعیف فإذا وجدت مسلکا فاستلم وإلا فدع و کبر وهلل، ولأنّ الاستلام سنة=



## حجر اسود کو بوسہ کیوں دیتے ہیں؟

☆ غیر مسلم اعتراض کرتے ہیں کہ مسلمان حجر اسود کو بوسہ دے کر اس کی پوجا اور عبادت کرتے ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ آج سے چودہ سو سال پہلے نبی کریم ﷺ نے حجر اسود کے قریب کھڑے ہو کر فرمایا تھا ”مجھے معلوم ہے تو ایک پتھر ہے، نفع نقصان پہنچانے پر قادر نہیں، میرا رب تجھے بوسہ دینے کا حکم نہ کرتا تو میں بوسہ نہ دیتا۔“

اسی طرح حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ طواف فرما رہے تھے، اس وقت کچھ نومسلم دیہاتی بھی موجود تھے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ حجر اسود کے قریب پہنچے تو بوسہ دینے سے پہلے ذرا ٹھہر گئے اور فرمایا ”میں جانتا ہوں اور میں یقین رکھتا ہوں تو ایک پتھر ہے (معبود نہیں) تو نہ نقصان پہنچا سکتا ہے اور نہ نفع، اگر میں نے آنحضرت ﷺ کو تیرا بوسہ لیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں بھی تجھے نہ چومتا۔“

اس سے صاف طور پر معلوم ہوا کہ مسلمان حجر اسود کو عبادت و پرستش کے قابل، حاجت روا، اور نفع و نقصان کا مالک نہیں جانتے، ورنہ حجر اسود کو اس طرح خطاب نہ کرتے، بلکہ حجر اسود کو صرف محبت میں بوسہ دیتے ہیں، جس طرح اپنی اولاد اور بیوی کو جذبہ محبت میں بوسہ دیتے ہیں۔ معبود اور حاجت روا سمجھ کر بوسہ نہیں دیتے بلکہ محبت میں بوسہ دیتے ہیں اور محبت میں بوسہ دینا عبادت اور پوجا نہیں ہے، اس

---

= وإیذاء المسلم حرام، وترک الحرام أولیٰ من الإتیان بالسنة، وإذا لم یمکنه ذٰلک من غیر أن یؤذی استقبله و کبر وهلل وحمد اللّٰه وأثنیٰ علیه وصلی علی النّبیّ ﷺ کما یصلی علیه فی الصلاة. (بدائع الصنائع: (۲/۱۴۶) کتاب الحج، فصل وأمّا بیان سنن الحج و بیان ترتیبه، ط: سعید)

🗁 البحر العمیق: (۲/۱۱۷۱، ۱۱۷۲، ۱۱۷۳، ۱۱۸۳) الباب العاشر فی دخول مکّة المشرفة، فصل فی بیان أنواع الأطوفة، سنن الطواف، ط: مؤسّسة الریّان المکتبة المکیّة السعودیة.

🗁 الدر المختار مع رد المحتار: (۲/۴۹۳، ۴۹۴) کتاب الحج، فصل فی الإحرام، مطلب فی دخول مکّة، ط: سعید.

🗁 البحر الرائق: (۲/۳۲۶) کتاب الحج، باب الإحرام، ط: سعید.

لئے غیر مسلموں کا اعتراض درست نہیں۔(۱)

☆ حجر اسود دنیاوی پتھر نہیں ہے، لہٰذا اس کو دنیاوی پتھر پر قیاس کرنا درست نہیں بلکہ یہ جنت کی محبوب اور معزز چیز ہے اس لئے رسول اللہ ﷺ نے اس کو ایسی اہمیت دی ہے۔(۲)

---

(۱) إن عمر بن الخطاب رضی اللّٰه عنه قال: للركن: أمّا واللّٰه! إنّی لأعلم إنّک حجر، لا تضر ولاتنفع، لولا أنّی رأيت رسول اللّٰه ﷺ استلمک ما استلمتُک فاستلمه. (صحیح البخاری: (۱/ ۲۱۸) کتاب المناسک، باب: الرمل فی الحج والعمرة، ط: قدیمی)

🗁 الصحیح لمسلم: (۱/ ۴۱۲، ۴۱۳) کتاب الحج، باب استحباب تقبیل الحجر الأسود فی الطواف، ط: قدیمی.

🗁 عن ابن عبّاس رضی اللّٰه عنهما قال: رأيت عمر رضی اللّٰه عنه قبّل الحجر ثلاثًا، ثم قال: إنّک حجر لاتضر ولاتنفع، ولولا أنّی رأيت رسول اللّٰه ﷺ قبّلک، ماقبلتک، ثم قال: رأيت رسول اللّٰه ﷺ فعل مثل ذٰلک. قال الطبری: إنّما قال ذٰلک عمر؛ لأنّ النّاس كانوا حديثی عهد بعبادة الأصنام فخشی عمر أن يظن الجهال أن استلام الحجر من باب تعظيم بعض الأحجار كما كانت العرب تفعل فی الجاهليّة، فأراد عمر أن يعلم النّاس أن استيلامه اتباع لفعل رسول اللّٰه ﷺ، لا لأنّ الحجر ينفع ويضر بذاتهٖ كماكانت الجاهليّة تعتقده فی الأوثان. (فتح الباری: (۳/ ۴۶۲، ۴۶۳) کتاب المناسک، باب ما ذكر فی الحجر الأسود، ط: دار المعرفة بيروت)

🗁 إنّی أعلم أنّک حجر لاتضر ولا تنفع ...... وأنّ ذٰلک من شعائر الحج الّتی أمر اللّٰه بتعظيمها، وأن استيلامه مخالف لفعل الجاهليّة فی عبادتهم الأصنام ؛ لأنّهم كانوا يعتقدون أنّها تقربهم إلى اللّٰه زلفٰی ، فنبّه عمر علی مخالفة هٰذا الاعتقاد ، وأنّه لاينبغی أن يعبد إلّا من يملک الضرر والنفع، وهو اللّٰه جلّ جلاله...... (عمدة القاری: (۹/ ۳۴۴) کتاب الحج، باب ما ذکر فی الحجر الأسود، رقم الحديث: ۱۵۹۷/۱۸۹ ) ط: دار الكتب العلمية ، بيروت)

(۲) وعنه قال: قال رسول اللّٰه ﷺ: نزل الحجر الأسود من الجنّة، وهوأشدّ بياضًا من اللبن فسوّدته خطايا بنی آدم. رواه أحمد و الترمذی. وقال الترمذی: هٰذا حديث حسن صحيح. (مشكوٰة المصابيح: (ص: ۲۲۷) کتاب الحج، باب دخول مكّة والطواف، الفصل الثانی، ط: قديمی)

🗁 مرقاة المفاتيح: (۵/ ۴۶۹، ۴۷۰) کتاب الحج، باب دخول مكّة والطواف، الفصل الثانی، ط: قديمی.

🗁 فتح الباری: (۳/ ۴۶۲) کتاب المناسک، باب ماذكر فی الحجر الأسود، ط: دار المعرفة، بيروت.

🗁 جامع الترمذی: (۱/ ۱۷۷ ) کتاب الحج، باب ماجاء فی فضل الحجر الأسود والركن والمقام، ط: سعيد.



☆ کسی چیز کی جو تعظیم و تکریم اس نظریہ سے کی جائے کہ اللہ ورسول کا حکم ہے تو وہ تعظیم برحق ہے، لیکن اگر کسی مخلوق کو نفع اور نقصان پہنچانے والا اور بگڑی کو بنانے والا، اور بنی ہوئی کو بگاڑنے والا یقین کر کے اس کی تعظیم کی جائے تو وہ شرک کا ایک شعبہ ہے، اور دین اسلام میں اس کی بالکل گنجائش نہیں۔(۱)

☆ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ ''حجر اسود جنت سے نازل ہوا اور آخرت میں وہ بھی اٹھایا جائے گا اور بوسہ دینے والوں کے حق میں شہادت دے گا۔

☆ حدیث شریف میں ہے کہ حجر اسود ہر اس شخص کو پہچانتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی نسبت سے ادب و محبت کے ساتھ اس کو بلا واسطہ یا بالواسطہ چومتا ہے اور اس کا استلام کرتا ہے، قیامت میں اللہ تعالیٰ اس کو ایک دیکھنے والی اور بولنے والی ہستی بنا کر کھڑا کردے گا اور وہ ان بندوں کے حق میں گواہی دے گا جو اللہ کے حکم کے مطابق عاشقانہ اور نیازمندانہ شان کے ساتھ اس کا استلام کرتے تھے۔(۲)

## حجر اسود کو عورتوں کا چومنا

''عورتوں کے لئے حجر اسود کو چومنا'' عنوان کو دیکھیں۔(۳/ ۲۳۶)

## حجر اسود کی اہمیت

☆ حجر اسود دنیاوی پتھر نہیں ہے، اس لئے اس کو دنیاوی پتھروں پر قیاس کرنا درست نہیں بلکہ جنت کی ایک محبوب اور معظم چیز ہے، اسی لئے سرکار دو عالم ﷺ نے اس کو

---

(۱) انظر الحاشية السابقة، رقم: ۱، على الصفحة السابقة، رقم: ۱۴۰.

(۲) عن ابن عباس رضی اللّٰه عنهما قال : قال رسول اللّٰه ﷺ فی الحجر : واللّٰه ليبعثه اللّٰه يوم القيامة له عينان ويبصربهما ، و لسان ينطق به يشهد على من استلمه بحق . ( مشكوٰة المصابيح : ( ص: ۲۲۷ ) کتاب الحج ، باب دخول مكّة والطواف ، الفصل الثانی ، ط: قديمی)

🗁 جامع الترمذی : ( ۱/ ۱۹۰ ) کتاب الحج ، باب ماجاء فی الحجر الأسود ، ط: سعيد .

🗁 سنن ابن ماجه : ( ص: ۲۱۱ ) أبواب المناسک ، باب استلام الحجر ، ط: قديمی .

ایسی اہمیت دی ہے، پھر آپ اکی جانب سے اس کا احترام کرنے کا حکم تھا اور یہ ایک امر تعبدی ہے، اس میں کوئی اشکال نہیں، جب اس پتھر کا محترم اور عزت والا ہونا عقل ودانش کے اعتبار سے ممکن ہے اور حضور انے اس کے ساتھ احترام کا معاملہ کرنے کا حکم دیا ہے، تو اس کی تحقیر کرنا رسول اللہ کی نافرمانی اور بغاوت ہوگی اور اللہ ورسول ﷺ کی نافرمانی اور بغاوت جائز نہیں ہے۔(۱)

☆ جنت میں فی الحال مادی اشیاء نہیں ہیں تو یہ مادی پتھر حضرت آدم علیہ السلام کو جنت میں کہاں سے ملا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ جب یہ پتھر جنت میں تھا تو

---

(۱) من استخف بالقرآن أو بالمسجد أو بنحوه مما يعظم في الشرع كفر. (شرح الفقه الأكبر للقارى: (ص: ۱٦٧) مطلب: في إيراد الألفاظ المكفرة، فصل من ذٰلك فيما يتعلق بالقرآن والصلاة، ط: قديمى)

▭ مجمع الأنهر : ( ۱/ ٦۹۲ ، ٦۹۳ ) كتاب السير ، باب المرتد ، ثم إن ألفاظ الكفر أنواع ، النوع الثالث فى القرآن ، ط: دار إحياء التراث العربى .

▭ ماكان فى كونهٖ كفر اختلاف ، فإن قائله يؤمر بتجديد النكاح وبالتوبة والرجوع عن ذٰلك بطريق الاحتياط ...... ثم إن كانت نية القائل ...... الوجه الّذى يوجب التكفير ، لاتنفعه فتوٰى المفتى ويؤمر بالتوبة والرجوع عن ذٰلك بتجديد النّكاح بينه و بين امرأتهٖ . ( الهندية : (۲/ ۲۸۳) كتاب السير ، الباب التاسع فى أحكام المرتدين ، موجبات الكفر أنواع ، قبيل : الباب العاشر فى البغاة ، ط: رشيديه )

▭ التاتارخانية: (۵/ ۴۵۸) كتاب أحكام المرتدين، فصل: فى إجراء كلمة الكفر، ط: إدارة القرآن.

▭ المحيط البرهانى : ( ۵/ ۵۵۰ ) كتاب السير ، فصل فى مسائل المرتدين النوع الأوّل ، فى إجراء كلمة الكفر ، ط: غفاريه كوئٹه.

▭ وقال المحب الطبرى : أن قول عمر لذٰلك طلب منه للآثار وبحث عنها وعن معانيها ، وقال : ولما رأى أن الحجر يستلم ولايعلم له سبب يظهر للحس ولا من جهة العقل ، ترك فيه الرأى والقياس ، و سار إلى محض الاتباع كما صنع فى الرمل ، و قال الخطابى ، فى حديث عمر من الفقه أن متابعة النّبىّ ﷺ واجبة وإن لم يوقف فيها على علل معلومة وأسباب معقولة وأن أعيانها حجة على من بلغته ، وإن لم يفقه معانيها ، ومن المعلوم أن تقبيل الحجر إكرام وإعظام لحقه. (عمدة القارى: (۹/ ۳۴۴) كتاب الحج ، باب ماذكر فى الحجر الأسود ، ط: دار الكتب العلمية بيروت)



ممکن ہے کہ یہ پتھر مادہ کے بغیر ''جواہر مجردہ'' میں سے رہا ہو، جب آدم علیہ السلام کے ساتھ جنت سے اتارا گیا تو مادہ کے ساتھ متصف کر دیا گیا ہو کیونکہ دنیا عالم مادیات ہے اور مادہ کے بغیر جواہر مجردہ کا مادہ کے ساتھ متصف ہونا ممکن ہے، جیسا کہ روح جواہر مجردہ میں سے ہے لیکن یہ روح جب بھی دنیا میں آتی ہے کسی نہ کسی جسم کے ساتھ متصف ہو کر آتی ہے حالانکہ اجسام کا مادی ہونا ظاہر ہے۔(۱)

## حجر اسود کی توہین کا حکم

''حجر اسود'' کی توہین کفر ہے، ایسے آدمی پر تجدید ایمان کے ساتھ ساتھ اگر شادی شدہ ہے تو تجدید نکاح بھی ضروری ہے۔(۲)

## حجر اسود کی شکست وریخت فرقہ قرامطہ کے ہاتھوں

''حجر اسود کی مکہ مکرمہ سے منتقلی اور واپسی'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/ ۱٤٤)

## حجر اسود کی فضیلت

حجر اسود ( کالا پتھر ) جنت سے آیا ہوا ہے، اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو پیش کیا گیا تا کہ وہ اس کو کعبہ شریف کے کونہ میں لگا دیں، آنحضرت ﷺ کے مبارک

---

(۱) أقول: يحتمل أن يكون من الجنّة فى الأصل فلما جعلا فى الأرض، اقتضت الحكمة أن يراعى فيهما حكم نشأة الأرض، فطمس نورهما، ويحتمل أن يراد أنّه خالطهما قوة مثاليّة بسبب توجه الملائكة إلى تنويه أمرهما وتعلق همم الملأ الأعلىٰ والصالحين من بنى آدم حتى صارت فيهما قوة ملكية، وهٰذا وجه التوفيق بين قول ابن عباس رضى اللّٰه عنهما، كلما هٰذا و قول محمد بن الحنفية رضى اللّٰه عنه: حجر من أحجار الأرض، وقد شاهدنا عيانًا أن البيت كالمحشو بقوّة ملكيّة ولذٰلك وجب أن يعطى (أى للحجر) فى المثال ماهو خاصيّة الأحياء من العينين واللسان، ولما كان معرفًا لإيمان المؤمنين وتعظيم المعظمين للّٰه، وجب أن يظهر فى اللسان بصورة الشهادة له أو عليه، كما ذكرنا من سر نطق الأرجل والأيدى. (حجة اللّٰه البالغة: (۲/ ٦۵) من أبواب الحج، مبحث فى أمور تتعلّق بالحج، ط: مير محمد كتب خانه)

(۲) انظر الحاشية السابقة، رقم: ۱، فى الصفحة رقم: ۱۴۲. (من استخف بالقرآن)

زمانہ میں قریش نے خانہ کعبہ کی تعمیر کی تو رسول اللہ ﷺ نے اپنے دست مبارک سے اٹھا کر مشرقی جنوبی کونے پر نصب فرمایا۔طواف کی ابتداء اور انتہاء اسی مبارک پتھر کے مقابل ہوتی ہے۔(۱)

تاریخ کے طویل ترین دور میں بے شمار انبیاء کرام اور خاتم الانبیاء حضرت محمد ﷺ اور لاکھوں صحابۂ کرامؓ، اولیاء عظام اور بے شمار حج اور عمرہ کرنے والوں کے مبارک ہونٹ اس مبارک پتھر سے ملے ہیں، اور اس کے قریب دعا بھی قبول ہوتی ہے اور قیامت کے دن یہ ''حجر اسود'' اپنے بوسہ لینے والوں کے حق میں گواہی دے گا۔(۲)

حدیث میں آتا ہے کہ: اس حجر اسود کو زیادہ سے زیادہ چومو اس لئے کہ وہ وقت قریب ہے کہ تم اس کو نہیں پاؤ گے، ایک رات لوگ اس کا طواف کر رہے ہوں گے مگر صبح ہوگی تو وہ اس کو نہیں پائیں گے، جنت کی جو چیز زمین پر ہے اس کو اللہ تعالیٰ قیامت سے پہلے واپس اٹھائے گا۔(۳)

## حجر اسود کی مکہ مکرمہ سے منتقلی اور واپسی

ابوطاہر نے ''ہجر'' (بحرین) نامی شہر کو دار الحکومت بنانے کے بعد وہاں ایک عالیشان مسجد تعمیر کرائی تھی، اور اس کا نام دار الہجرت رکھا تھا۔

(۱) حتى إذا انتهوا إلى موضع الركن، فاختلفوا فى وضعه وكثر الكلام فيه وتنافسوا فى ذٰلک...... فقال: أبو أميه بن المغيرة: ياقوم: إنّما أردنا البر ولم نرد الشر...... لكن حكموا بينكم أول من يطلع عليكم من هٰذا الفج، قالوا: رضينا وسلمنا، فطلع رسول اللّٰه ﷺ فقالوا: هٰذا الأمين قد رضينا به ، فحكموه فبسط ردائه ثم وضع فيه الركن ، فدعا من كل ربع رجلاً ، فأخذوا بأطراف الثوب ...... فرفع القوم الركن وقام النّبیّ ﷺ على الجدر ثم وضعه بيده . (أخبار مكّة للأزرقى : ( ۱/۱۲۹ ) ماجاء فى ذكر بناء قريش الكعبة فى الجاهلية ، ط: مكتبة الثقافية الدينية )

(۲) انظر الحاشية السابقة، رقم: ۲، على الصفحة السابقة، رقم: ۱۴۱ . (عن ابن عباس)

(۳) وقد جاء ''أكثروا من استلام هٰذا الحجر، فإنّكم توشكون أن تفقدوه''، بينما النّاس يطوفون ذات ليلة إذ أصبحوا وقد فقدوه، إن اللّٰه عزّ وجلّ لايترک شيئًا من الجنّة فى الأرض إلاً أعاده فيها قبل يوم القيامة. (السيرة الحلبية: ( ۱/۲۱۹) باب بنيان قريش الكعبة شرفها اللّٰه تعالیٰ، ط: دار الكتب العلمية)



اس کے بعد اس پر یہ جنون سوار ہوا کہ لوگ بیت اللہ کا حج چھوڑ کر دار الہجرت کا حج کریں، چونکہ اس مقصد کا حصول بظاہر ناممکن تھا، لہٰذا اپنے اس ارادے کو پورا کرنے کے لئے اس نے حجر اسود کو دار الہجرت میں نصب کرنے کا منصوبہ بنایا، اور ۳۱۷ ہجری میں مکہ مکرمہ پر چڑھائی کردی، وہاں پہنچ کر پہلے تو نہایت قتل وغارت گری کی، قبۂ زمزم کو بھی توڑ دیا، پھر اس پتھر کو تلاش کرنا شروع کیا جس پر حضرت ابراہیم خلیل اللہ علی نبینا وعلیہ الصلاۃ السلام کے پاؤں کا نقش تھا تاکہ اسے اپنے ساتھ لے جائے، لیکن بیت اللہ شریف کے خادموں نے اسے مکہ مکرمہ کی گھاٹیوں میں چھپا دیا، اس وجہ سے اس پر تو دسترس نہ پاسکا لیکن حجر اسود کو اس کی جگہ سے نکال دیا، یہ ہولناک واقعہ بروز پیر ۱۴ ذوالحجہ ۳۱۷ ہجری کو رونما ہوا۔اس کے بعد چھ یا گیارہ دن تک مکہ مکرمہ میں ٹھہر کر ہجر لوٹ گیا اور حجر اسود کو ہجر کی عالیشان عمارت دار الہجرت کی مغربی جانب نصب کردیا، اور بیت اللہ شریف میں حجر اسود کی جگہ خالی رہ گئی۔

ابوطاہر کی سرتوڑ کوششوں کے باوجود جب کوئی شخص بھی حج کے لئے ہجر نہ گیا تو مایوس ہو کر خلیفہ مطیع اللہ کی خلافت کے زمانے میں تیس ہزار دینار لے کر حجر اسود واپس کردیا، بروز منگل، ۱۰ محرم الحرام ۳۳۹ھ کو سنبر بن حسین قرمطی حجر اسود لے کر مکہ مکرمہ پہنچا، اور بیت اللہ شریف میں اس کی جگہ پر نصب کیا۔(۱)

(۱) فى هٰذه السنة المباركة فى ذى القعدة منها رد الحجر الأسود المكى إلى مكانهٖ فى البيت، وقد كان القرامطة أخذوه فى سنة سبع عشرة وثلاثمائة كما تقدّم، و كان ملكهم إذ ذاک أبو طاهر سليمان بن أبى سعيد الحسين الجنابى، ولما وقع هٰذا أعظم المسلمون ذٰلک، وقد بذل لهم الأمير بحكم التركى خمسين ألف دينار على أن يردّوه إلى موضعه فلم يفعلوا، و قالوا: نحن أخذنا بأمر فلانردّه إلاّ بأمر من أخذناه بأمره.

فلمّا كان فى هٰذا العام حملوه إلى الكوفة وعلّقوه على الاسطوانة السابعة من جامعها ليراه النّاس ، وكتب أخو أبى طاهر كتابا فيه : إنّا أخذنا هٰذا الحجر بأمر وقد رددناه بأمر من أمرنا بأخذه ليتمّ حجّ النّاس ومناسكهم .

ثمّ أرسلوه إلى مكّة بغير شيئ على قعود، فوصل فى ذى القعدة من هٰذه السنة وللّٰه الحمد والمنّة، وكان مدّة مغايبته عنده ثنتين وعشرين سنة، ففرح المسلمون لذٰلک فرحًا شديدًا.=

........................................................................

= وقد ذكر غير واحد أنّ القرامطة لما أخذوه حملوه على عدة جمل فعطبت تحته واعترى أسنمتها القرح ، ولما ردوه حملوه قعود واحد ولم يصبه أذى.(البداية والنهاية: (۱۲/ ۱۸۳) سنة تسعين و ثلاثين و ثلاثمائة ، ط: مكتبه رشيديه كوئٹه)

🗁 وفى ذى القعدة رد الحجر الأسود الّذى كان ابو طاهر سليمان بن الحسن الهجرى أخذه من الكعبة وعلق على الاسطوانة السابعة من مسجد الكوفة وقد كان بحكم بذل فى رده خمسين ألف دينار فلم يرد و قيل أخذناه بأمر وإذا ورد الأمر برده بذل فى ردّه خمسين ألف دينار فلم يرد و قيل أخذناه بأمر وإذا ورد الأمر بردّه رددناه فلما كان فى ذى القعدة كتب اخوة ابى طاهر كتابا يذكرون فيه أنّهم ردوا الحجر بأمر من أخذوه ليتم مناسک النّاس و حجهم فرد إلى موضعه. (المنتظم فى تاريخ الملوک و الأمم: (۱۴/ ۸۰، ۸۱) سنة تسعين و ثلاثين و ثلاثمائة، ط: دار الكتب العلمية، الطبعةالأولىٰ، ۱۴۱۲ھ/ ۱۹۹۲م)

(۱) فإذا زالت الشمس من اليوم الثانى من أيّام النحر، رمى الجمار الثلاث بعد أن يصلى الظهر...... يبدأ بالجمرة الأولىٰ فيأتيها من أسفل منىٰ من جهة مسجد الخيف ومزدلفة...... ثم يرميها بيمينه سبعًا بسبع حصيات مثل حصى الخذف لا أكبر كثيرًا ولا أصغر جدًا، يأخذها بطرفى إبهامه وسبابته، يكبر مع كل حصاة كما مر فى رمى يوم النحر، ثم يتقدّم عنها قليلاً من يساره، ويجعلها على قفاه، فيقف بعد تمام الرمى، لا عند كل حصاه كما قيل: مستقبل القبلة، فيحمد اللّٰه تعالىٰ، ويثنى عليه، ويكبر ويهلل، ويصلى على النبىّ ﷺ ويدعو بحاجته، ويرفع يديه حزو منكبيه ولايجاوز بهما منكبيه، و بسطهما، ويجعل باطن كفيه إلى السماء، كما هو السنة فى الأدعية، أو نحو القبلة وهو ظاهر الرواية...... ثم يأتى الجمرة الوسطىٰ فيصنع عندها كما صنع عند الأولىٰ...... ثم يأتى الجمرة القصوىٰ وهى الجمرة العقبة، فيرميها من بطن الوادى، لا من فوق العقبة، كما مر فى رمى يوم النحر، ولايقف عندها فى جميع أيّام الرمى للدعاء، ويدعو بلا وقوف، والوقوف عند الأولين سنة فى الأيّام كلها. (غنية الناسک: (ص: ۱۸۲، ۱۸۳) باب رمى الجمار، فصل: فى صفة رمى الجمار فى اليوم الثانى، ط: إدارة القرآن) =

☆ گیارہ ذی الحجہ کو رمی کا وقت زوال آفتاب سے شروع ہو کر صبح صادق تک رہتا ہے، اگر کوئی شخص اس سے پہلے رمی کرے گا تو اس کی رمی ادا نہیں ہوگی، اور اگر اس روز صبح صادق سے پہلے اس کا اعادہ نہیں کیا تو اس کے ذمہ دم واجب ہوگا۔(۱)

## حج کا دوسرا دن ۹ رذی الحجہ

☆ نویں ذی الحجہ "یوم عرفہ"، آج حج کا سب سے بڑا رکن ادا کرنا ہے، جس کے بغیر حج نہیں ہوتا، آج سورج نکلنے کے بعد منیٰ سے عرفات کو روانہ ہو جائے، عرفات مکہ سے تقریباً نو میل کے فاصلے پر ہے، اور حرم کی حدود سے باہر ہے، آج کل حجاج کرام کی تعداد بہت زیادہ ہوگئی ہے، اس وجہ سے "مکتب" والے مجبوراً لوگوں کو رات ہی سے عرفات بھیجنا شروع کر دیتے ہیں، اس لئے اگر رات کو عرفات جانا

---

= 🗁 إرشاد الساری : (ص: ۳۴۰، ۳۴۱، ۳۴۲) باب رمی الجمار وأحكامه ، فصل : فی صفة الرمی فی هٰذه الأيّام ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗁 الدر مع الرد: (۲/۵۲۰، ۵۲۱) كتاب الحج، مطلب: فی رمی الجمرات الثلاث، ط: سعيد.

(۱) وأمّا وقت الجواز فی اليوم الثانی والثالث من أيّام النّحر، فمن الزوال إلى طلوع الفجر من الغد، ولا يجوز قبل الزوال فی ظاهر الرواية، وعليه الجمهور من أصحاب المتون والشروح والفتاوىٰ. (غنية الناسک: (ص: ۱۸۱) باب رمی الجمار، فصل: فی أوقات الرمی فی الأيّام الأربعة، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۳۳۴) باب الجمار وأحكامه ، فصل : فی وقت الرمی فی اليومين ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۲۱) كتاب الحج ، مطلب فی رمی الجمرات الثلاث ، ط: سعيد .

🗁 لو ترک رمی يوم كله أو أكثر كأربع حصيات فما فوقها فی يوم النحر أو إحدى عشر حصاة فيما بعده أو أخّره إلى يوم آخر فعليه دم ، وإن أخّره إلى الليل فلاشيئ عليه . (مناسک الملا على القاری مع إرشاد الساری : (ص: ۵۰۷) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات فی أفعال الحج ، فصل : فی الجناية فی رمی الجمار ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة )

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۷۹) باب الجنايات ، الفصل السابع فی ترک الواجب فی أفعال الحج ، المطلب الثامن فی ترک الواجب فی رمی الجمرات ، ط: إدارة القرآن .

🗁 شامی : (۲/۵۵۴) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .



پڑے تو چلے جائیں اعتراض نہ کریں۔(۱)

وقوف کے لفظی معنی ٹھہرنے کے ہیں، اور احکام حج میں اس سے مراد نویں ذی الحجہ کو زوال کے بعد سے صبح صادق تک کے درمیانی حصہ میں کسی قدر ٹھہرنا ہے، اور یہ حج کا سب سے بڑا رکن ہے۔(۲)

**اس کے بغیر حج نہیں ہوتا، اور نویں کے غروب تک عرفات میں ٹھہرنا واجب**

---

(۱) فإذا أصبح صلى الفجر بها ثم يمكث إلى أن تطلع الشمس على ثبير، فإذا طلعت توجّه إلى عرفات مع السكينة والوقار ملبّيا مهلّلا مكبّرا داعيًا ذاكرًا مصليًا على النّبیّ ﷺ ويلبّی ساعة فساعة، وإن راح قبل طلوع الفجر أو قبل طلوع الشمس أو قبل أداء الفجر جاز وأساء. (مناسک الملا على القاری مع إرشاد الساری: (ص: ۲۶۸) باب الخطبة، فصل: فی الرواح من منىٰ إلى عرفات، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۴۶، ۱۴۷) باب السعی بين الصفا والمروة ، فصل : فی التوجّه من منىٰ إلى عرفات ، قبيل : باب مناسک عرفات ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الهندية : (۱/۲۲۷) كتاب المناسک ، الباب الخامس فی كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.

🗁 وهٰذا بيان الأفضل حتىٰ لو ذهب قبل طلوع الفجر إليها جاز كما يفعله الحجاج فی زماننا، فإن أكثرهم لايبيت بمنىٰ لتوهّم الضرر من السراق. (البحر الرائق: (۲/۳۳۶) كتاب الحج، باب الإحرام. ط: سعيد)

🗁 اعلم أنّ الوقوف بعرفة إحدى ركن الحج ، وهو الركن الأصلی ...... وقال صاحب صور الأقاليم : وليس عرفات من الحرم وإنّما حد الحرم من المازمين . (البحر العميق : (۳/۱۴۹۵، ۱۵۰۳) الباب الحادی عشر : فی الخروج من مكّة إلى منىٰ ثم عرفة ، فصل : الوقوف بعرفة ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة)

🗁 من عرفات إلى آخر المزدلفة فرسخ، ومنه إلى آخر منىٰ فرسخ ومنه إلى آخر مكة فرسخ، والفرسخ ثلاثة أميال. (غنية الناسک: (ص: ۱۶۲) باب مناسک عرفات، فصل: فی الإفاضة من عرفات، تنبيه ، ط: إدارة القرآن)

🗁 انظر الحاشية التالية رقم: ۱، على الصفحة الاتية رقم: ۱۷۶ .

(۲) وأمّا ركن الحج فشيئان : أحدهما الوقوف بعرفة ، وهو الركن الأصلی للحج . (بدائع الصنائع : (۲/۱۲۵) كتاب الحج ، فصل : وأمّا ركن الحج فشيئان ، ط: سعيد )

🗁 وأمّا ركنه: فشيئان: الوقوف بعرفة و طواف الزيارة، والوقوف أقوىٰ من الطواف، كذا فی النهاية. (عالمگيری: (۱/۲۱۹) كتاب المناسک، الباب الأوّل فی تفسير الحج و فرضيته، ط: رشيديه.

🗁 شامی : (۲/۴۶۷) كتاب الحج ، مطلب : فی فروض الحج و واجباته ، ط: سعيد.

ہے۔(۱)

☆اگر عرفات میں موقع ہے تو زوال سے پہلے غسل کرنا مستحب ہے، اور اگر موقع نہیں تو وضو کر لینا کافی ہے، وہاں مسجد نمرہ کا امام خطبہ دیں گے جو کہ سنت ہے واجب نہیں ہے، پھر ظہر اور عصر کی دونوں نمازیں ظہر ہی کے وقت میں ایک ساتھ پڑھائیں گے، اس صورت میں ظہر کی دو سنتیں بھی چھوڑ دی جائیں گی۔(۲)

☆وقوف عرفات جو حج کا سب سے بڑا رکن ہے عرفات کی حدود سے باہر نہ ہو، نیز مسجد نمرہ عرفات کے میدان کے بالکل کنارہ پر ہے، اس کی مغربی دیوار کے نیچے کا حصہ عرفات سے خارج ہے، اس کو ''بطن عرنہ'' کہا جاتا ہے، یہ حصہ عرفات میں داخل نہیں ہے، لہٰذا یہاں کا وقوف معتبر نہیں، ''بطن عرنہ'' والے وقوف کے وقت اس سے نکل کر عرفات کی حدود میں آجائیں، تو حج درست ہوجائے گا ورنہ ان کا حج ہی

(۱) أمّا ركنه فكينونيته بعرفة ولو لحظة على أى وجه...... وأمّا قدر الواجب فيه إن وقف نهارًا فحد الوقوف من الزوال بل من حين وقف إلى أن تغرب الشمس. (غنية الناسك: (ص: ۱۵۹) باب مناسك عرفات، فصل: فى ركن الوقوف وقدر الواجب عليه...... ط: إدارة القرآن)

🗀 إرشاد السارى: (ص: ۲۹۱) باب الوقوف بعرفات وأحكامه، فصل فى شرائط صحة الوقوف، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗀 عالمگيرى: (۱/ ۲۳۹) كتاب المناسك، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج، ط: رشيديه.

(۲) ويغتسل يوم عرفة وغسل يوم عرفة سنة كغسل يوم الجمعة والعيدين وعند الإحرام وذكر فى الأصل: إن اغتسل فحسن، وهٰذا يشير إلى الاستحباب...... فإذا زالت الشمس صعد الإمام المنبر فأذن المؤذنون والإمام على المنبر فى ظاهر الرواية، فإذا فرغوا من الأذان قام الإمام وخطب خطبتين...... ثم هٰذه الخطبة سنة و ليست بفريضة حتى لو جمع بين الظهر والعصر فصلاهما من غير خطبة أجزأه بخلاف خطبة الجمعة؛ لأنّه لاتجوز الجمعة بدونها...... فإذا فرغ من الخطبة أقام المؤذنون فصلى الإمام بهم صلاة الظهر ثم يقوم المؤذنون فيقيمون للعصر فيصلى بهم الظهر والعصر بأذان واحد وإقامتين ولايشتغل الإمام والقوم بالسنن والتطوع فيما بينهما. (بدائع الصنائع: (۲/ ۱۵۱، ۱۵۲) كتاب الحج، وأمّا بيان سنن الحج وبيان ترتيبه، ط: سعيد)

🗀 عالمگيرى: (۲/ ۲۲۹) كتاب المناسك، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج، ط: رشيديه.

🗀 الدر مع الرد: (۲/ ۵۰۳، ۵۰۴) كتاب الحج، مطلب فى الرواح إلى عرفات، ط: سعيد.



نہیں ہوگا۔(۱)

☆عرفات کی حدود کے اندر جس جگہ پر چاہے ٹھہر سکتا ہے۔(۲)

☆نو ذی الحجہ کی فجر کی نماز کے بعد سے ہر فرض نماز کے بعد بلند آواز سے پہلے تکبیر تشریق کہے پھر اس کے بعد تلبیہ کہے اور تیرہ ذی الحجہ کی عصر تک تمام فرض نمازوں کے بعد تکبیر تشریق پڑھنی ضروری ہے البتہ تلبیہ دسویں تاریخ کی رمی کے ساتھ ختم ہوجائے گا، باقی ایام میں صرف تکبیر کہی جائے گی۔(۳)

(۱، ۲) وعرفات كلها موقف إلا بطن عرنة، فإنّه لايصح الوقوف فيه على المشهور،...... قال الإمام الشافعى رحمه الله تعالىٰ: ليس من عرفات وادى عرنة ولا نمرة ولا المسجد الّذى يصلى فيه الإمام، بل هٰذه المواضع خارج عرفات على طرفها الغربى، وقال أصحاب الشافعى رحمهم الله تعالىٰ: مقدم هٰذا المسجد فى طرف وادى عرنة، لا فى عرفات، وآخره فى عرفات، فمن وقف فى مقدم المسجد لم يصح وقوفه، ومن وقف فى آخره صحّ وقوفه، ثم قالوا و بين هٰذا المسجد و جبل الرحمة قدر ميل، وجميع تلك الأرض يصح الوقوف فيه. (غنية الناسك: (ص: ۱۵۳، ۱۵۷) باب مناسك عرفات، فصل: فى صفة الوقوف بعرفة، وفصل: فى شرائط صحة الوقوف، ط: إدارة القرآن)

🗀 إرشاد السارى: (ص: ۲۷۰، ۲۷۱) باب الوقوف بعرفة وأحكامه، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗀 بدائع الصنائع: (۲/ ۱۵۱) كتاب الحج، فصل: وأمّا بيان سنن الحج و بيان ترتيبه، ط: سعيد.

🗀 وعرفة كلها موقف إلّا بطن عرنة، كذا فى الكنز، ويقف فى أىّ موضع شاء، كذا فى فتاوىٰ قاضيخان. (عالمگيرى: (۱/ ۲۲۹) كتاب المناسك، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج، ط: رشيديه)

🗀 فتاوىٰ قاضيخان على هامش الهندية: (۱/ ۲۹۳) كتاب الحج، فصل فى كيفية أداء الحج، ط: رشيديه.

(۳) وأمّا صفته فإنّه واجب...... وأمّا وقته فأوّله عقيب صلاة الفجر من يوم عرفة وآخره فى قول أبى يوسف و محمد رحمهما الله تعالىٰ عقيب صلاة العصر من آخر أيّام التشريق هٰكذا فى التبيين، والفتوىٰ والعمل فى عامة الأمصار و كافة الأعصار على قولهما، كذا فى الزاهدى. (عالمگيرى: (۱/ ۱۵۲) كتاب الصلاة، الباب السابع عشر فى صلاة العيدين ومما يتّصل بذٰلك تكبيرات أيّام التشريق، ط: رشيديه)

🗀 الدر مع الرد: (۲/ ۱۷۷، ۱۷۹) كتاب الصلاة، باب العيدين، مطلب فى تكبير التشريق، ط: سعيد.

🗀 البحر الرائق: (۲/ ۱۶۴، ۱۶۵) كتاب الصلاة، باب العيدين، قبيل: باب صلاة الكسوف، ط: سعيد.

🗀 ولايقطع التلبية وهٰذا قول عامة العلماء و قال مالك إذا وقف بعرفة يقطع التلبية والصحيح قول العامة، لما روى أنّ رسول الله ﷺ لبّى حتى رمى الجمرة العقبة...... (بدائع الصنائع: (۲/ ۱۵۴) كتاب الحج، فصل: وأمّا بيان سنن الحج و بيان ترتيبه، ط: سعيد) =

☆تکبیر تشریق یہ ہے:اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لاَ اِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ وَ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ.(۱)

☆وقوف عرفات کیلئے نیت شرط نہیں لیکن مستحب ہے،اگر وقوف کی نیت نہیں کی تب بھی وقوف ہوجائے گا،اسی طرح عرفات میں وقوف کیلئے کھڑا رہنا شرط اور واجب نہیں بلکہ مستحب ہے، بیٹھ کر، لیٹ کر جس طرح ہو سکے سوتے جاگتے وقوف کرنا جائز ہے،لیکن وقوف کیلئے بلا عذر لیٹنا مکروہ ہے۔(۲)

☆وقوف کے لئے حیض ونفاس اور جنابت سے پاک ہونا شرط نہیں ہے

---

= 🗁 إرشاد الساری : (ص: ۲۵۷ ) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل : فإذا فرغ من السعی، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

🗁 عالمگیری: (۱/ ۲۳۱) کتاب المناسک، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج، ط: رشیدیه.

🗁 ویتأكّد استحباب إكثارها عند تغیر الأحوال والأزمان، وكلما علاشرفًا أو هبط واديًا، أو لقی ركبانًا وعند إقبال الليل والنهار وبالإسحار وبعد المكتوبات اتفاقًا، يبدأ بتكبير التشريق ثم بها، فلو بدأ بها سقط التكبير. (غنية الناسک: (ص: ۷۵) باب الإحرام، فصل فی کیفیة الإحرام و صفة التلبية، ط: إدارة القرآن)

🗁 ثم بالتكبير لوجوبه فی حرمتها ثم بالتلبية لو محرمًا لعدمهما خلاصة ، وفی الولوالجية : لو بدأ بالتلبية، سقط السجود والتكبير . ( شامی مع الدر : (۲/ ۱۸۰ ، ۱۸۱ ) کتاب الصلاة ، باب العیدین ، مطلب فی تكبير التشريق ، ط: سعيد)

(۱) وأمّا عدده وماهيته فهو أن يقول مرّة : اللّٰه أكبر اللّٰه أكبر لاإلٰه إلّا اللّٰه واللّٰه أكبر اللّٰه أكبر ولِلّٰه الحمد. ( عالمگیری : ( ۱/ ۱۵۲ ) کتاب الصلاة ، الباب السابع فی صلاة العیدین ، ومما يتّصل بذٰلک تكبيرات أيّام التشريق ، ط: رشیدیه)

🗁 البحر الرائق: (۲/ ۱۶۵ ) کتاب الصلاة، باب العیدین، قبیل: باب صلاة الكسوف، ط: سعید.

🗁 شامی : (۲/ ۱۷۸ ) کتاب الصلاة ، باب العیدین ، مطلب فی تكبيرات التشريق ، ومطلب: يطلق اسم السنه على الواجب ، ط: سعيد.

(۲) فيقف راكبا وهو الأفضل والأكمل أن يكون المركوب بعيرًا وإلّا فقائمًا أی إن قدر عليه و إلّا فقاعدًاأی وإلّا فمضطجعًا، لقوله تعالىٰ ﴿الّذين يذكرون اللّٰه قيامًا قعودًا وعلى جنوبهم﴾. (إرشاد الساری: (ص: ۲۸۲) باب الوقوف بعرفة وأحكامه، فصل: فی صفة الوقوف، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 ويكره الاضطجاع إلّا من عذر ...... ( غنية الناسک : (ص: ۱۵۴ ) باب مناسک عرفات ، فصل : فی صفة الوقوف بعرفة ، ط: إدارة القرآن )

🗁 عالمگیری: (۱/ ۲۲۹) کتاب المناسک، الباب الخامس فی کیفیة أدء الحج، ط: رشیدیه.



ناپا کی کی حالت میں بھی وقوف عرفات ہوجا تا ہے۔(۱)

☆وقوف کا وقت زوال آفتاب سے شروع ہوجاتا ہے، افضل ہے کہ اس وقت قبلہ رو کھڑا ہو کر غروب آفتاب تک وقوف کرے، اور ہاتھ اٹھا کر دعائیں کرتا رہے، اگر پورے وقت میں کھڑا نہ ہو سکے تو جس قدر کھڑا ہوسکتا ہے کھڑا رہے پھر بیٹھ جائے، پھر جب قوت ہو کھڑا ہوجائے اور حمد وثنا اور تکبیر (اللہ اکبر) وتہلیل (لاالہ الاالله) اور تلبیہ تین تین بار پڑھے، استغفار وقراءت قرآن شریف اور درود شریف کی کثرت کرے، کیوں کہ اس دن اعمال میں کوتاہی یا کمی کا کوئی تدارک نہیں ہوسکتا، دل کی ندامت کے ساتھ تمام خلاف شرع امور کے متعلق توبہ واستغفار کثرت سے کرے اور ذکر کے ساتھ گریہ وزاری بھی کثرت کے کرے، وہاں پر آنسو بہائے جائیں اور گناہوں سے معافی مانگی جائے۔(۲)

---

(۱) ووقوف الحائض والجنب ومن لم يصل الصلاتين يجزيه ولايلزمه شيئ كذا فی محيط السرخسی. (عالمگیری: (۱/ ۲۲۹) کتاب المناسک، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج، ط: رشیدیه)

🗁 إرشاد الساری : ( ص: ۲۹۰ ) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل فی شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۵۹ ) باب مناسک عرفات ، فصل : فی ركن الوقوف ، وقدر الواجب فيه ، وسننه ومستحباته ، ط: إدارة القرآن .

(۲) فيقف راكبا وهو الأفضل ، وإلّا فقائمًا وإلّا فقاعدًا بقرب الإمام وبقرب جبل الرحمة أفضل عند الصخرات السود، مستقبل القبلة خلف الإمام وإلّا فعن يمينه أو بحذائهٖ أو شماله، رافعًا يديه بسطًا مكبّرًا مهلّلا ملبيًا حامدًا مصليًا على النّبیّ ﷺ داعيًا مستغفرًا له ولوالديه وأقاربه وأحبائه ولجميع المؤمنين والمؤمنات ويجتهد فی الدعاء ويقوى الرجاء. ولايفرط فی الجهر بصوتهٖ، ويكرّر الدعاء ثلاثًا، يستفتحه بالتحميد والتمجيد والتسبيح، والصلاة، ويختمه بها و بآمين. فيقف هٰكذا إلى غروب الشمس ويلبّی ساعة فساعة فی أثناء الدعاء، ويعلّمهم المناسک، وليجتهد فی أن يقطر من عينيه قطرات فإنّه دليل الإجابة. (مناسک الملا على القاری: (ص: ۲۸۲، ۲۸۳، ۲۸۵، ۲۸۷) باب الوقوف بعرفات وأحكامه، فصل: فی صفة الوقوف، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۱۵۴ ) باب مناسک عرفات، فصل فی صفة الوقوف بعرفة، ط: إدارة القرآن.

🗁 عالمگیری: (۱/ ۲۲۹) کتاب المناسک، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج، ط: رشیدیه.

## ☆عرفات کی تسبیحات اوردعائیں:

① ۔لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَه، لَا شَرِيْكَ لَه، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ، ۱۰۰ مرتبہ۔

② ۔درود ابراہیمی، ۱۰۰ مرتبہ۔

③ ۔کلمہ سوم: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، ۱۰۰ مرتبہ۔

④ ۔استغفار: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ، ۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔

⑤ ۔لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، ۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔

⑥ ۔سورۂ اخلاص، ۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔(۱)

---

(۱) وأخرج البيهقي في الشعب عن جابر بن عبد اللّٰه قال: قال رسول اللّٰه ﷺ: ما من مسلم يقف عشية عرفة بالموقف فيستقبل القبلة بوجهه ثم يقول: "لاإلٰه إلّا اللّٰه وحده لاشريك له، له الملك وله الحمد وهو على كلّ شيئ قدير" مئة مرة، ثم يقرأ: "قل هو اللّٰه أحد" مئة مرّة، ثم يقول: "اللّٰه صلّ على محمّد وعلى اٰل محمّد كما صلّيت على إبراهيم وعلى اٰل إبراهيم إنّك حميد مجيد، وعلينا معهم" مئة مرة، إلّا قال اللّٰه تعالىٰ: يا ملائكتي! ما جزاء عبدي هٰذا، سبّحني و هللني وكبّرني وعظمني وعرفني وأثنىٰ عليّ وصلّى على نبيّي، أشهدوا يا ملائكتي! أنّي قد غفرت له وشفعته في نفسهٖ ولو سألني عبد لشفعته في أهل الموقف، انتهٰى.

ولعل بعض العلماء أخذوا من هٰذا الحديث أنّه يقال في الموقف: "سبحان اللّٰه" مئة مرّة، "والحمد للّٰه" مئة مرّة، و "اللّٰه أكبر"، مئة، "ولاحول ولا قوّة إلّا باللّٰه" مئة مرة، و "الاستغفار" مئة ...... (إرشاد الساري: (ص: ۲۸۴، ۲۸۵) باب الوقوف بعرفات وأحكامه، فصل: في صفة الوقوف، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسك: (ص: ۱۵۵) باب مناسك عرفات، فصل: في صفة الوقوف بعرفة، ط: إدارة القرآن.



## ☆عرفات سے مزدلفہ کوروانگی:

☆ جیسے ہی سورج غروب ہوجائے تو عرفات سے مزدلفہ روانہ ہوجائیں، اور مزدلفہ منٰی سے مشرق کی طرف حدود حرم کے اندر منٰی سے تقریباً تین میل کے فاصلہ پر ہے، عرفات کے وقوف سے فارغ ہوکر دسویں ذی الحجہ کی رات میں مزدلفہ پہنچنا ہے، اور مغرب اور عشاء کی دونوں نمازوں کو ایک اذان اور ایک اقامت کے ساتھ عشاء کے وقت میں جمع کر کے پڑھنا ہے اور سنت وتر بعد میں پڑھنے ہیں، مزدلفہ کے راستہ میں اللہ کا ذکر اور تلبیہ پڑھتے ہوئے چلیں، اس روز حجاج کرام کے لئے مغرب کی نماز عرفات میں یا راستہ میں پڑھنا جائز نہیں ہے، مغرب کی نماز کو مؤخر کر کے مزدلفہ میں عشاء کے ساتھ پڑھنا واجب ہے، اور مغرب کی فرض نماز کے فوراً بعد عشاء کی فرض نماز پڑھیں، مغرب کی سنتیں اور عشاء کی سنت اور وتر سب بعد میں پڑھیں۔(۱)

☆ یہ رات مزدلفہ میں گزارنی ہے، مزدلفہ میں ساری رات جاگنا افضل ہے

---

(۱) إذا غربت الشمس أفاض الإمام والنّاس معه...... من عرفات إلى آخر المزدلفة فرسخ ومنه إلى آخر مكّة فرسخ، والفرسخ ثلاثة أميال ويستحب أن يكون في مسيره ملبيًا مكبرًا مهللا مستغفرًا داعيًا مصليًا على النبيّ ﷺ ذاكرًا باكيًا حتى يأتي مزدلفة ولايصلي المغرب ولا العشاء بعرفات ولا في الطريق ولايعرج على شيئ حتى يدخل مزدلفة وينزل بها...... ويستحب التعجيل في هٰذا الجمع، فيصليهما قبل حط رحله، بل ينيخ جماله ويعقلها حتى يصلي فإذا دخل وقت العشاء أذن المؤذن، ويقيم فيصلي بهم المغرب في أول وقت العشاء، ثم يتبعها العشاء بجماعة ولايعيد الأذان ولا الإقامة للعشاء، بل يكتفي بأذان واحد إجماعًا وإقامة واحدةٍ عندنا...... ولايتطوّع بينهما، ويصلي سنة المغرب والعشاء والوتر بعدهما. (غنية الناسك: (ص: ۱۶۱، ۱۶۲، ۱۶۳) باب مناسك عرفات، فصل: في الإفاضة من عرفات، وباب أحكام المزدلفة، فصل: في الجمع بين العشائين بمزدلفة، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساري: (ص: ۳۰۱) باب الوقوف بعرفات وأحكامه، فصل: في الإفاضة من عرفة، و: (ص: ۳۰۲، ۳۰۳) باب أحكام المزدلفة، فصل في الجمع بين الصلاتين بها، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗁 الدر مع الرد: (۲/۵۰۸، ۵۰۹، ۵۱۰) كتاب الحج، مطلب في إجابة الدعاء، قبيل: مطلب في الوقوف بمزدلفة، ط: سعيد.

لیکن لیٹنا یا سونا منع نہیں ہے۔(۱)

☆مزدلفہ میں عشاء کی نماز سے فارغ ہو کر صبح صادق تک ٹھہرنا سنت موکدہ ہے اس رات میں جاگنا اور عبادت میں مشغول رہنا مستحب ہے، یہ رات بعض کے نزدیک شب قدر سے بھی افضل ہے، اس رات کی عظمت اور قدر و قیمت کو یاد رکھیں۔(۲)

☆ یہاں اللہ کی تسبیح و تقدیس اور حمد و شکر ادا کریں، دعا، توبہ اور استغفار میں مشغول رہیں، آخری حصے میں تہجد پڑھ کر فجر تک ذکر و فکر، درود شریف، اَللّٰـهُ أَكْبَرُ، لَااِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ، اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّىْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّأَتُوْبُ اِلَيْهِ، اور تلبیہ پڑھیں اور ذکر اور دعا میں مشغول رہیں، اور دعا میں اس طرح ہاتھ اٹھائیں جیسے عام دعا کے وقت اٹھاتے ہیں۔(۳)

---

(۱،۲،۳) وإذا فرغ من العشاء يبيت بمزدلفة والبيتوتة بها إلى الفجر سنة مؤكدة عندنا...... وينبغى أن يحيى هٰذه الليلة بالصلاة والتلبية والدعاء والتضرع ويشتغل بالدعاء وغيره بمثل ما اشتغل به بعرفة إن تيسر؛ لأنّها ليلة العيد، وقد جمعت شرف الزمان والمكان وجلالة أهل الجمع وهم وفد اللّٰه تعالىٰ وخير عباده ومن لايشقى به جليسهم. (غنية الناسک: (ص: ١٦٥) باب أحكام المزدلفة، فصل فى البيتوتة بمزدلفة، ط: إدارة القرآن)

🗁 فإنّها أشرف من ليلة القدر كما أفتىٰ به صاحب النهر وغيره، جزم شارح البخارى سيما القسطلانى بأن عشر ذى الحجة أفضل من عشر الأخير من رمضان. تأييد لما قبله من حيث إن الأكثر على أنّ ليلة القدر فى العشر الأخير من رمضان، فإذا كان عشر ذى الحجة أفضل منه لزم تفضيله على ليلة القدر، وليلة العيد أفضل ليالى العشر فتكون أفضل من ليلة القدر ...... وأخذ به بعضهم، لكن الجمهور على خلافه ...... (شامى: (٥١٠/٢، ٥١١) كتاب الحج، مطلب فى المفاضلة بين ليلة العيد و ليلة الجمعة و عشر ذى الحجة و عشر رمضان، ط: سعيد)

🗁 إرشاد السارى: (ص: ٣٠٩) باب أحكام المزدلفة، فصل: فى البيتوتة بمزدلفة، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗁 عالمگيرى: (٢٣٠/١) كتاب المناسک، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج، ط: رشيديه.

🗁 (فيرفعهما كالدعاء) والرفع فيه، وفى الاستسقاء مستحب (فيبسط يديه) حذاء صدره (نحو السماء)؛ لأنّها قبلة الدعاء ...... (الدر مع الرد: (٥٠٧/١) كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، فصل: وإذا أراد الشروف فى الصلاة، ط: سعيد)



☆وقوف مزدلفہ واجب ہے اس کا وقت صبح صادق سے لے کر سورج نکلنے سے کچھ پہلے تک ہے، اگر کوئی شخص طلوع فجر کے بعد تھوڑی دیر ٹھہر کر منی کو چلا جائے طلوع آفتاب کا انتظار نہ کرے تو بھی واجب وقوف ادا ہو جائے گا، اور واجب کی ادائیگی کے لئے اتنا بھی کافی ہے کہ فجر کی نماز مزدلفہ میں پڑھ لے، مگر سنت یہی ہے کہ سورج نکلنے تک ٹھہرے۔(۱)

## ☆وقوف مزدلفہ:

صبح صادق ہو جانے کے بعد اول وقت میں فجر کی نماز پڑھیں، پھر وقوف کریں یعنی کھڑے ہو کر **سبحان اللّٰه** اور **لااله الااللّٰه** پڑھیں اور دعا کریں جب سورج نکلنے میں تقریباً پانچ منٹ باقی رہ جائیں تو مزدلفہ سے منی کے لئے روانہ ہو جائیں، اس کے بعد تاخیر کرنا سنت کے خلاف ہے۔(۲)

---

(۱) الوقوف بها أى بعد طلوع الفجر واجب وشرائط صحته شرائط جمع الصلاة،...... وقدر الواجب منه ساعة ولو لطيفة أى قليلة ولو لحظة أو لمحة، و قدر السنة امتداد الوقوف أى من مبداء الصبح إلى الإسفار جدًا أى إلى الإضاءة بطريق المبالغة بحيث تكاد الشمس تطلع. (إرشاد السارى: (ص: ٤١٠) باب أحكام المزدلفة، فصل فى الوقوف بها، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک: (ص: ١٦٥، ١٦٦) باب أحكام المزدلفة، فصل فى البيتوتة بمزدلفة، فصل فى صفة الوقوف بمزدلفة، ط: إدارة القرآن.

🗁 شامى: (٥١١/٢) كتاب الحج، مطلب: فى الوقوف بمزدلفة، ط: سعيد.

(۲) فإذا انشق الفجر يستحب أن يصلى الفجر بغلس مع الإمام، فإذا صلى فردًا جاز، فإذا فرغ منها فالمستحب أن يأتى الإمام والنّاس المشعر الحرام، وهو جبل قزح الّذى عليه بناء اليوم ويقف مستقبل القبلة والنّاس وراءه، والأفضل أن يقف على جبل قزح إن أمكنه وإلا فتحته أو بقربه. ويستحب أن يدعوَ ويكبر ويهلل، ويحمد اللّٰه تعالىٰ ويثنى عليه ويصلى على النبىّ ﷺ ويكثر التلبية ويرفع يديه للدعاء بسطا، يستقبل بهما وجهه ويذكر اللّٰه كثيرًا ويسأل اللّٰه حوائجه ولايزال كذٰلک إلى أن يسفر جدًا، وهو أن يبقى من طلوع الشمس قدر ركعتين أن نحوه فيدفع، والأفضل أن يكون وقوفه بعد الصلاة. فإذا فرغ من الوقوف وأسفر جدًا فالسنة أن يفيض مع الإمام، قبل طلوع الشمس، فإن تقدم على الإمام أو تأخّر عنه جاز ولاشيئ عليه، وكذا لو دفع بعد طلوع الشمس لايلزمه شيئ ويكون مسيئًا (لتركه السنة). =

☆مزدلفہ میں کنکریاں اٹھانا مستحب ہے، اس لئے مزدلفہ سے روانگی سے پہلے ستر کنکریاں بڑے چنے یا مٹر کے دانوں کے برابر یا کھجور کی گٹھلی کے برابر مزدلفہ سے اٹھا کر ساتھ لے لیں، اگر مزدلفہ سے کنکریاں اٹھانے کا موقعہ نہ ملے تو راستہ سے یا کسی اور جگہ سے بھی اٹھانا درست ہے لیکن جمرات کے پاس سے نہ اٹھائیں، حدود حرم میں جہاں سے چاہیں اٹھا سکتے ہیں، البتہ مزدلفہ میں جس طرح آسانی سے مل جاتی ہیں کسی دوسری جگہ اس طرح آسانی سے نہیں ملتیں، اس لئے مزدلفہ ہی سے اٹھانے کی کوشش کریں تاکہ بعد میں پریشانی نہ ہو۔(۱)

## حج کب فرض ہوا

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانے سے حج فرض ہوا، اس سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام اوران کے بعد کے انبیاء کرام علیہم السلام ''بیت اللہ'' حاضر

= (مناسک الملا علی القاری مع إرشاد الساری: (ص: ۳۱۱، ۳۱۲، ۳۱۳) باب أحكام المزدلفة، فصل: فی آداب الوقوف بمزدلفة، وفصل: فی آداب التوجه إلی منٰی، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۱۶۵) باب أحكام المزدلفة، فصل: فی صفة الوقوف بمزدلفة، و: (ص: ۱۶۷) فصل فی إفاضه من المشعر الحرام و رفع الحصی من المزدلفة وقدر الحصٰی، ط: إدارة القرآن.

🗁 عالمگیری: (۱/ ۲۳۰، ۲۳۱) كتاب المناسک، الباب الخامس فی كيفية أداء الحج، ط: رشيديه.

(۱) ويستحب أن يرفع من المزدلفة أو من قارعة الطريق سبع حصيات كحصی الخذف، أو أكبر منها قليلًا، والمختار قدر الباقلاة ويكره أكبر منها كالصخرة العظيمة، ومايقرب منها...... وإن رفع من المزدلفة سبعين حصاة، أو من قارعة الطريق، فهو جائز؛ لأنّه يجوز أخذها من أی موضع شاء إلا من عند الجمرة، والمسجد ومكان نجس، فإن فعل جاز و كره تنزيهًا،...... و إنّما كره أخذها من عند الجمرة؛ لأنّها مردودة لحديث: رواه الدار قطنی، والحاكم وصححه عن أبی سعيد الخدری رضی اللّٰه عنه: من قبلت حجته رفعت جمرته فيتشاء م بها. (غنية الناسک: (ص: ۱۶۸، ۱۶۹) باب أحكام المزدلفة، فصل: فی إفاضة من مشعر الحرام ورفع الحصی من المزدلفة وقدر الحصٰی، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری: (ص: ۳۱۳، ۳۱۴) باب أحكام المزدلفة، فصل فی رفع الحصی، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗁 شامی: (۲/ ۵۱۵) كتاب الحج، مطلب فی رمی جمرة العقبة، ط: سعيد.



ہوتے اور طواف کرتے تھے، رہی یہ بات کہ یہ طواف فرض تھا یا نفل اس کی کہیں وضاحت نہیں ہے۔(۱)

## حج کرنے کی شرط پر زکوٰۃ دینا

مستحق زکوٰۃ آدمی کو حج کرنے کے لئے زکوٰۃ دینا جائز ہے، البتہ زکوٰۃ دیتے وقت حج کرنے کی شرط رکھنا درست نہیں، یہ زکوٰۃ لینے والے کی مرضی ہے کہ وہ اس سے حج کرے یا اپنی دوسری ضروریات اس سے پوری کرے۔(۲)

## حج کرنے والے اللہ کے مہمان ہیں

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: حج اور عمرہ کرنے والے اللہ تعالیٰ کے مہمان ہیں اگر وہ اللہ تعالیٰ سے کوئی دعا مانگتے ہیں تو اللہ تعالیٰ اسے قبول فرماتے ہیں، اور اگر خطائیں

(۱) ﴿وأذّن فی النّاس بالحج يأتوک رجالاً وعلی كلّ ضامرٍ يأتين من كلّ فجٍّ عميق﴾ (سورة الحج، رقم الآية: ۲۷)

🗁 روی معتمر عن ليث عن مجاهد فی قوله تعالیٰ: ﴿ وأذن فی النّاس بالحج ﴾ قال ابراهيم عليه السلام: وكيف أؤذّنهم؟ قال: تقول: يأيّها النّاس أجيبوا، يأيّها النّاس أجيبوا! قال: فقال: يٰأيّها النّاس أجيبوا! فصارت التلبيه: لبّيک اللّٰهم لبّيک ...... وهٰذه الآية تدلّ علی أنّ فرض الحج كان فی ذٰلک الوقت؛ لأنّ اللّٰه تعالیٰ أمر إبراهيم بدعاء النّاس إلی الحج وأمره كان علی الوجوب ...... (أحكام القرآن للجصاص: (۳/ ۳۴۲) سورة الحج، باب بيع أراضی مكّة وإجارة بيوتها، قبيل: باب الحج ماشيًا، رقم الآية: ۲۷، ط: قديمی كتب خانه)

🗁 إرشاد الساری: (ص: ۲۰، ۲۱) مقدّمة: هل فرضية الحج خصوصية للأمة المحمدية، ط: المكتنة الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗁 بدائع الصنائع: (۲/ ۱۱۸) كتاب الحج، ط: سعيد.

(۲) فهی تمليک المال من فقير مسلم غير هاشمی ولامولاه بشرط قطع المنفعة عن المملک من كلّ وجه للّٰه تعالیٰ، هٰذا فی الشرع، كذا فی التبيين. (الهندية: (۱/ ۱۷۰) كتاب الزكاة، الباب الأوّل فی تفسيرها و صفتها و شرائطها، ط: رشيديه)

🗁 الدر مع الرد: (۲/ ۲۵۶، ۲۵۷، ۲۵۸) كتاب الزكاة، ط: سعيد.

🗁 البحر الرائق: (۲/ ۲۰۱) كتاب الزكاة، ط: سعيد.

معاف کرواتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کی خطاؤں کو معاف کرتے ہیں۔(۱)

## حج کریں گے مختلف نیتوں کے ساتھ

حدیث شریف میں ہے کہ لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ مالدار صرف سیر وسیاحت اور تفریح کے لئے حج کریں گے، متوسط طبقہ کے لوگ تجارت کے لئے، فقراء سوال کرنے کے لئے اور قراء اور علماء نام ونمود کے لئے حج کریں گے۔(۲)

## حج کس سن میں فرض ہوا

حج کی فرضیت کی تاریخ میں اختلاف ہے، بعض نے ۶ ھ، بعضوں نے ۷ ھ اور بعض نے ۸ ھ کا قول نقل کیا ہے، لیکن جمہور علماء ۶ ھ کا قول اختیار کرتے ہیں اور علامہ شامی رحمہ اللہ نے ۹ ھ کے قول کو صحیح قرار دیا ہے۔(۳)

---

(۱) عن أبی هريرة عن النّبیّ ﷺ أنّه قال: الحاج والعمّار وفد اللّٰه، إن دعوه أجابهم، وإن استغفروه غفرلهم، رواه ابن ماجه. (مشكاة المصابيح: (ص: ۲۲۲، ۲۲۳) كتاب المناسک، الفصل الثالث، ط: قديمی)

إرشاد السارى : (ص: ۳۹) باب شرائط الحج ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

(۲) ويروى عن النّبیّ ﷺ أنّه قال: "يأتی على النّاس زمان يحج اغنياء أمتی للنزهة، وأوساطهم للتجارة، وقرّائهم للرياء، والسمعة، وفقرائهم للمسألة. (البحر العميق: (۱/۲۹۰) الباب الثانی فی الرقائق المتعلقة بالحج وأسراره، الفصل الأوّل فی العزم على الحج، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة)

(۳) فرض سنة تسع وإنّما أخّره عليه الصلاة والسلام لعشر لعذر مع علمه ببقاء حياته ليكمّل التبليغ...... وفی الشامية: أنّ الصحيح أنّ الحج فرض فی أواخر السنة تسع، وإن آية فرضه هی قوله تعالىٰ: ﴿وللّٰه على النّاس حج البيت﴾ وهی نزلت عام الوفود أواخر سنة تسع، وأنّه ﷺ لم يؤخر الحج بعد فرضه عامدًا واحدًا، وهٰذا هو اللائق بهديه و حاله ﷺ، وليس بيد من ادعىٰ تقدم فرض الحج سنة ست أو سبع أو ثمان أو تسع دليل واحد، وغاية ما احتج به من قال سنة ست أن فيها نزل قوله تعالىٰ: ﴿وأتمّوا الحج والعمرة للّٰه﴾ وهٰذا ليس فيه ابتداء فرض الحج وإنّما فيه الأمر باتمامه إذا شرع فيه فأين هو من وجوب ابتدائه. (الدر مع الرد: (۲/۴۵۵) كتاب الحج، ط: سعيد)

إرشاد السارى : (ص: ۲۲) مقدّمة : هل فرضية الحج خصوصية للأمة المحمدية ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .



## حج کس کا قبول ہے؟

حج کس کا قبول ہوتا ہے کس کا نہیں؟ یہ فیصلہ تو قبول کرنے والی ذات اللہ تعالیٰ ہی کر سکتے ہیں، یہ کام بندہ کا نہیں ہے، نہ کوئی بندہ اس بارے میں کچھ کہنے کا مجاز ہے البتہ ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ جس نے شرائط کی پابندی کے ساتھ حج کے ارکان صحیح طور پر ادا کئے اس کا حج قبول ہوگیا، اور جس نے شرائط کی پابندی کیساتھ حج نہیں کیا اس کا حج قبول نہیں ہوگا۔(۱)

## حج کی اوّلین دعوت اور اعلان

حضرت ابن عبّاس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب ابراہیم علیہ السلام کعبہ کی تعمیر سے فارغ ہوگئے تو انہوں نے اللہ تعالیٰ سے عرض کیا:

اے پروردگار! میں تیرے گھر کی تعمیر سے فارغ ہوگیا، حق تعالیٰ کا ارشاد ہوا:

"اب لوگوں میں حج کا اعلان کردو"۔

ابراہیم علیہ السلام نے عرض کیا:

"اے پروردگار میری آواز لوگوں تک کیسے اور کون پہنچائے گا؟

---

(۱) واختلف فی الحج المبرور فقال النووی رحمه اللّٰه : الأصحّ أنّ المبرور وهو الّذی لايخالطه إثم و قيل: هو المقبول، وقيل: هو الّذی لامعصية بعده، وقال الحسن البصری: هو أن يرجع زاهدًا فی الدنيا راغبًا فی العقبیٰ . (إرشاد السارى : (ص: ۴۵۷) باب زيارة المرسلين ﷺ، فصل فی آداب الرجوع من سفر الحج ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

والمبرور الّذی لايخالطه إثم، مأخوذ من البر وهو الطاعة، وقيل: المتقبل، واستشكله النووی من حيث إنّه إطلاع على القبول، وأجاب عنه بأنّه قد قيل من علامات القبول أن يزداد بعده خيرًا ولايعود المعاصی بعد رجوعه، وقيل: المبرور: الّذی لارياء فيه ولاسمعة، ولا رفث ولا فسوق، وقيل: الّذی لامعصية بعده. (البحر العميق: (۱/۵۷، ۵۸) الباب الأوّل: فی الفضائل، فصل: فی فضل الحج والعمرة و ذم تارک الحج)

مرقاة المفاتيح : (۵/۲۶۵) كتاب المناسک ، الفصل الأوّل ، ط: الإمدادية ملتان .

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

''تم اعلان کرواور (تمہاری آواز کا لوگوں تک) پہنچانا میرا کام ہے۔

ابراہیم علیہ السلام نے پوچھا:

اے پروردگا میں کیا کہوں؟

اس پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہوا:

تم یہ کہو: اے لوگو! تم پر بیت العتیق یعنی اللہ تعالیٰ کے اس قدیم گھر کی طرف حج فرض کیا گیا ہے اس لئے تم اپنے پروردگار کے حکم پر آؤ۔

اب ابراہیم علیہ السلام مقام ابراہیم یعنی اس پتھر پر کھڑے ہوگئے (جو کعبہ کی تعمیر کے لئے ان کے واسطے جنت سے بھیجا گیا تھا) پھر یہ پتھر اوپر اٹھنا شروع ہوا یہاں تک کہ اونچے سے اونچے پہاڑ سے زیادہ بلند ہوگیا، ابراہیم علیہ السلام نے اپنے دونوں کانوں میں انگلیاں ڈالیں اور چہرے کو دائیں بائیں گھماتے ہوئے تین بار اعلان کیا۔

چنانچہ ابراہیم علیہ السلام کے لئے زمین کے میدان اور پہاڑ، دریا اور خشکی کو سمیٹ دیا گیا یہاں تک کہ انسانوں اور جنات سب نے اس آواز کو سنا اور انہوں نے جواب میں کہا:

''لبّیک اللّٰھم لبّیک''یعنی حاضر ہیں اے رب ہم حاضر ہیں۔

چنانچہ آج تک حج کرنے والے احرام باندھ کر یہی کلمے دہراتے ہیں:

**لبّیک اللّٰھم لبّیک لبّیک لا شریک لک لبّیک إنّ الحمد والنعمة لک والملک لاشریک لک.** (۱)

(۱) وعن ابن عبّاس رضی اللّٰہ عنھما: لمّا فرغ ابراھیم علیہ السلام من بناء البیت، قال: یا رب قد فرغت، قال: أذن فی النّاس بالحج، قال: أی رب ومن یبلغ صوتی؟ قال اللّٰہ جلّ ثناؤہ: أذن وعلی الإبلاغ، قال: أی رب کیف أقول: قال: قل: یأیّھا النّاس کتب علیکم الحج إلی البیت العتیق فأجیبوا ربّکم عزّو جلّ، فوقف علی المقام وارتفع بہ حتّٰی کان أطول الجبال، فنادی وأدخل اصبعیہ فی أذنیہ، وأقبل بوجھہ شرقًا و غربًا ینادی بذٰلک ثلاث مرّات: أی وزویت الأرض لہ یومئذٍ سھلھا =



# حج کی تعلیم ابراہیم علیہ السلام کو

''ابراہیم علیہ السلام کو تعلیم حج''عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱/۸۲)

# حج کی تین اقسام میں سے کونسا حج افضل ہے؟

''احرام باندھنے والے کو اختیار ہے''عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۱/۱۰۶)

# حج کی روانگی سے پہلے

## حج کی روانگی سے پہلے تیاری کے متعلق مشورے:

① ۔روانگی سے پہلے پاسپورٹ اور ٹکٹ حاصل کرلے۔

② ۔احرام کے کپڑے کے دو جوڑے ساتھ رکھے۔

③ ۔حج کی کتاب ساتھ لے لے۔

④ ۔وظیفہ اور دعا کی کتابیں۔

⑤ ۔سردی کا موسم ہو تو گرم چادر۔

⑥ ۔عورتیں اپنے پردے کے لئے ایسا ہیٹ خرید لیں جس کے اوپر سے نقاب ڈالنے سے کپڑہ چہرے پر نہ لگے۔ پاکستان میں اس قسم کا ہیٹ حاجی کیمپ اور برقعہ کی دکانوں میں تیار مل جاتا ہے۔

⑦ ۔احرام باندھنے کے لئے مرد حضرات پٹی، بیلٹ، یا چمڑے کا پرس لے لیں، تاکہ بقدر ضرورت روپیہ وغیرہ رکھنے میں آسانی رہے۔

⑧ ۔چار پانچ جوڑے کپڑے ساتھ لے لیں۔

⑨ ۔جوتوں کے لئے تھیلے ضرور ساتھ لیں تاکہ جوتے تھیلے میں رکھ کر اپنے

= وجبلھا وبرّھا والسھا وجنھا حتّٰی اسمعھم جمیعًا فقالوا؟ لبّیک اللّٰھم لبّیک، وبدأ بشق الیمن، وحینئذٍ یکون أوّل من أجاب أھل الیمن، وسیأتی التصریح بذٰلک فی بعض الروایات. (السیر الحلبیة: (۱/۲۱۳) باب بنیان قریش الکعبة شرفھا اللّٰہ تعالیٰ، ط: دار الکتب العلمیة، بیروت)

ہی ساتھ رکھیں ورنہ گم ہونا یقینی ہے، اور جوتے کا تھیلا حاجی کیمپ میں تیار ملتا ہے۔

⑩۔ کھانے پینے کا سارا سامان وہاں ہر جگہ آسانی سے مل جاتا ہے اس لئے اپنے ملک سے کچھ بھی لے جانے کی ضرورت نہیں۔

⑪۔ جائے نماز اور چٹائی وہاں تقریباً ہر جگہ ملتی ہے اس لئے یہ چیزیں بھی یہاں سے لے جانے کی ضرورت نہیں۔

⑫۔ سامان کا بیگ وغیرہ مضبوط ہونا ضروری ہے ورنہ جہاز وغیرہ میں بے دردی سے اتارنے چڑھانے اور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کے دوران ٹوٹ جاتا ہے اور اس وقت کوئی متبادل انتظام نہیں ہوتا۔

⑬۔ اپنے بیگ اور سامانوں پر موٹے حروف سے اپنا نام، پتہ، موبائل نمبر اور پاسپورٹ نمبر لکھ دیں، اور اگر حج گروپ سے جارہے ہیں تو اس کا نام بھی لکھ دیں تاکہ گم ہو جانے کی صورت میں ملنا آسان ہو۔

⑭۔ سفر کے دوران روپیہ پیسہ کی حفاظت کا خاص خیال رکھیں۔

⑮۔ مرد حضرات ہوائی چپل خرید لیں تاکہ احرام کے دوران کوئی پریشانی نہ ہو۔

⑯۔ حج کے سفر سے پہلے حج کے مسائل کو اچھی طرح جاننا ضروری ہے بلکہ کسی ماہر عالم کے پاس جا کر احرام، طواف، سعی اور رمی وغیرہ کے طریقہ کی عملی طور پر مشق بھی کر لینی چاہیے تاکہ وہاں جا کر عملی میدان میں پریشانی نہ ہو۔

⑰۔ سفر میں ذوق وشوق کے ساتھ حج کی سعادت پر اللہ تعالیٰ کا تہ دل سے شکر گزار رہنا بھی ضروری ہے، کیونکہ یہ سعادت ہر ایک کو میسر نہیں آتی۔

⑱۔ خاص طور پر حج کے سفر میں آنکھ، کان، زبان اور تمام اعضاء وجوارح کو گناہوں سے بچانے کا بھرپور اہتمام کرنا چاہیے، اور مکمل یکسوئی اور کامل خشوع اور تواضع کے ساتھ ریاکاری سے بچتے ہوئے سفر کا آغاز کرنا چاہیے، اور سفر کے دوران





فضول باتوں سے بچنا چاہیے، اور ذکر واذکار میں زیادہ سے زیادہ وقت گزارنا چاہیے، اور حج کے احرام میں دس تاریخ کی رمی تک کثرت سے تلبیہ پڑھنا چاہیے، پھر ایسا موقع قسمت سے ملے گا، ضائع نہیں کرنا چاہیے۔(۱)

## حج کی سنتیں

❶۔ طواف قدوم۔

❷۔ طواف قدوم یا طواف فرض میں رمل کرنا (اکڑ کر چلنا)۔

❸۔ صفا مروہ کی سعی میں دونوں سبز نشانوں کے درمیان جلدی چلنا۔

❹۔ قربانی کی راتوں میں سے ایک رات منیٰ میں قیام کرنا۔

❺۔ سورج نکلنے کے بعد منیٰ سے عرفات جانا۔

❻۔ سورج نکلنے سے پہلے مزدلفہ سے منیٰ آجانا۔

❼۔ مزدلفہ میں رات گزارنا۔

❽۔ گیارہ اور بارہ ذی الحجہ کو تینوں شیطانوں کو ترتیب سے سات سات

---

(۱) وإذا عزم على الحج ينبغي له البداية بالتوبة بشرطها من رد المظالم إلى أهلها عند الإمكان...... وتجريد السفر من التجارة أحسن، ولو اتجر لاينقص ثوابه، وأمّا عن الرياء والسمعة والفخر ظاهرًا أوباطنًا ففرض...... ولايليق بالحاج غير التواضع فى جميع هيئاته وأحواله فى جميع سفره...... ويحافظ على الطهارة والنوم عليها وعلى صون لسانه من الكلام المباح والمكروه تنزيها، وإلا فهو واجب...... ويكثر ذكر اللّٰه تعالىٰ، وليكثر من الدعاء فى جميع سفرهٖ لنفسهٖ ولوالديه ولولاة المسلمين ولعامتهم...... ويجتنب الغضب...... ويجتنب المخاصمة والمخاشنة ومزاحمة النّاس فى الطريق. (غنية الناسک: (ص: ۳۴ إلى ۳۹) باب ماينبغي لمريد الحج من آداب سفره، ط: إدارة القرآن)

🗁 ويستحب إكثارها...... قائمًا و قاعدًا...... راكبًا و نازلًا واقفًا و سائرًا طاهرًا، ومحدثًا، ويلبى...... فى مسجد مكّة...... ومنىٰ...... لا فى الطواف أى لايلبّى حال طوافهٖ مطلقًا لأنّ اشتغاله حينئذٍ بالأدعية المأثورة أفضل، إذا أريد به طواف القدوم أو طواف الفرض على فرض تقديمه على الرمى، وإلّا فلاتلبية فى طواف العمرة وفى طواف الفرض بعد الرمى. (إرشاد السارى: (ص: ۱۴۵، ۱۴۷) باب الإحرام، فصل: وشرط التلبية أن تكون باللسان، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

کنکریاں مارنا۔(۱)

☆سنتوں کا حکم یہ ہے کہ ان کو قصداً چھوڑنا برا ہے، اور کرنے سے ثواب ملتا ہے اور ان کے ترک یعنی چھوڑنے سے دم یا صدقہ لازم نہیں ہوتا لیکن آخرت میں سنت موکدہ کو ترک کرنے پر سخت سرزنش اور ڈانٹ بھی ہوگی۔(۲)

## حج کی فرضیت کا وقت

☆اگر کوئی شخص حج کے مہینوں میں مالدار ہوا، اور حج کرنے کی استطاعت ہوگئی، تو حج فرض ہوجائے گا اگر اس وقت نہیں کرے گا تو بعد میں کرنا لازم ہوگا۔(۳)

---

(۱) طواف القدوم للآفاقی المفرد بالحج والقارن، والابتداء من الحجر الأسود وخطبة الإمام فی ثلاثة مواضع، والخروج من مکّة إلی منٰی یوم الترویة، والبیتوتة بمنٰی لیلة عرفة، والرفع منه إلی عرفة بعد طلوع الشمس، والغسل بعرفة والبیتوتة بمزدلفة والدفع منها إلی منٰی قبل طلوع الشمس والبیتوتة بمنٰی لیالی أیّامه والنزول بالأبطح. (مناسک الملا علی القاری مع إرشاد الساری: (ص: ۱۰۳، ۱۰۴) باب فرائض الحج و وجباته وسننه ومستحباته ومکروهاته، فصل: فی سنن الحج، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

🗁 أمّا سننه: فطواف القدوم والرمل فیه أو فی الطواف الفرض والسعی بین المیلین الأخضرین، والبیتوتة بمنی فی لیالی أیّام النحر، والدفع من منٰی إلی عرفة بعد طلوع الشمس، ومن مزدلفة إلی منٰی قبلها، کذا فی فتح القدیر، والبیتوتة بمزدلفة سنة، والترتیب بین الجمار الثلاث سنة. (الهندیة: (۲۱۹/۱) کتاب المناسک، الباب الأوّل، ط: رشیدیه)

🗁 غنیة الناسک: (ص: ۴۷) باب فرائض الحج، و واجباته وسننه و مستحباته، ومکروهاته، وأمّا سننه، ط: إدارة القرآن.

(۲) وحکمها الإساءة بترکها وعدم لزوم الجزاء. (غنیة الناسک: (ص: ۴۷) باب فرائض الحج و واجباته وسننه ومستحابته ومکروهاته، فصل: وأمّا سننه، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری: (ص: ۱۰۵) باب فرائض الحج، وواجباته، وسننه ومستحباته، ومکروهاته، فصل: فی سنن الحج، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة.

🗁 وحکمها مایؤجر علی فعله ولایلام علی ترکه. (شامی: (۱۰۴/۱) کتاب الطهارة، مطلب فی السنة وتعریفها، ط: سعید)

(۳) الحج واجب علی الأحرار الأصحّاء إذا قدروا علی الزاد والراحلة فاضلًا عن المسکن ومالابد منه وعن نفقة عیاله إلی حین عوده...... (الهدایة مع فتح القدیر: (۳۱۷/۲، ۳۲۱، ۳۲۲) کتاب الحج، ط: رشیدیه) =



موجودہ دور میں سعودی عرب کے لوگوں کے علاوہ دوسرے ممالک کے لوگوں کیلئے اپنی مرضی سے حج میں جانے کی اجازت نہیں ہوتی، بلکہ ہر ملک میں حج کے لئے جانے کے قوانین الگ الگ ہیں، مثلاً پاکستان میں حج کے مہینے شروع ہونے سے کافی مہینے پہلے حکومت کی طرف سے بینک میں پیسے جمع کرانے کا اعلان کیا جاتا ہے، اگر اعلان کے مطابق متعینہ مدت میں پیسے جمع کردیتے ہیں تو اس سال حج کیلئے جانے کی اجازت ہوتی ہے ورنہ بعد میں مشکل سے اجازت ملتی ہے اس صورت میں اگر اعلان کے مطابق متعینہ مدت میں کسی آدمی کے پاس حج پر جانے کے لئے پیسے ہوں گے تو حج فرض ہوگا، اگر اس سال کرلیا تو بہتر ورنہ بعد میں ادا کرنا فرض ہوگا، اور اگر اصل مدت کے بعد کسی کے پاس حج کے لئے پیسے ہوں گے تو اس پر اس سال حج فرض نہیں ہوگا، البتہ اگر اگلے سال اعلان کے وقت اتنے پیسے ہوں گے تو اس وقت حج فرض ہوگا۔(۱)

☆استطاعت کے بعد حج فوری طور پر فرض ہوجاتا ہے، لہذا بلا عذر تاخیر

---

= 🗁 عالمگیری: (۲۱۷/۱) کتاب المناسک، الباب الأوّل: فی تفسیر الحج......، ط: رشیدیه.

🗁 إرشاد الساری: (ص: ۵۹، ۶۰) باب شرائط الحج، النوع الأوّل: شرائط الوجوب، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة.

(۱) السابع: الوقت، أی وجود القدرة فیه، وهو أشهر الحج، أو وقت خروج أهل بلدهٖ، إن کانوا یخرجون قبلها، فلایجب إلا علی القادر فیها، أو فی وقت خروج أهل بلدهٖ، فإن ملک المال قبل الوقت فله صرفه حیث شاء...... وإن ملکه فی الوقت فلیس له صرفه إلی غیر الحج علی القول بالفور. (غنیة الناسک: (ص: ۲۲) باب شرائط الحج، فصل أمّا شرائط الوجوب، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری: (ص: ۶۷) باب شرائط الحج، النوع الأوّل: شرائط الوجوب، السابع: الوقت، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة.

🗁 شامی: (۴۵۸/۲، ۴۶۵) کتاب الحج، قبیل: مطلب فی فروض الحج ووجباته، ط: سعید.

کرنے کی صورت میں گنہگار رہوگا۔(۱)

## حج کی قربانی بے ہوشی کی وجہ سے نہ کرسکا

”بے ہوشی کی وجہ سے حج کی قربانی نہ کرسکا“ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۲۳٤)

## حج کی قربانی کے احکام

☆حج کی قربانی کے جانوروں کے احکام عیدالاضحیٰ کی قربانی کے جانوروں کے مانند ہیں دونوں میں کوئی فرق نہیں، جن جانوروں کی قربانی عیدالاضحیٰ میں جائز ہے حج کی قربانی میں بھی ان جانوروں کی قربانی جائز ہے۔(۲)

جس طرح عیدالاضحیٰ کی قربانی میں اونٹ، بھینس، اور گائے میں سات آدمی شریک ہوسکتے ہیں حج کی قربانی میں بھی شریک ہوسکتے ہیں۔(۳)

---

(۱) وهو فرض على الفور وهو الأصحّ، فلا يباح له التاخير بعد الإمكان إلى عام الثانى...... وعنده دراهم يبلغ بها الحج أو يبلغ ثمن مسكن وخادم و طعام وقوت فعليه الحج، فإن جعلها فى غير الحج أثم. (عالمگیری: (۱/۲۱٦، ۲۱۷) كتاب المناسک، الباب الأوّل: فى تفسير الحج و فرضيته، ط: رشيديه)

🗁 شامى : ( ۲/٤٥۷ ) كتاب الحج ، مطلب فيمن حج بمال حرام ، ط: سعيد.

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۸۹ ) باب شرائط الحج ، النوع الرابع : شرائط وقوع الحج عن الفرض ، فصل : وجوب الحج على الفور ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

🗁 غنية الناسک: (ص: ۱۰، ۱۱) مقدمة فى تعريف الحج ومايتعلق بفرضيته، ط: إدارة القرآن.

(۲) ولايجوز فى الهدايا إلّا ماجاز فى الضحايا إلّا أنّ القيمة قد تجزى فى الأضحية ، كما إذا مضت أيّامها ، ولم يضح الغنى بخلاف الهدى . ( غنية الناسک : (ص: ۳٦٦ ) باب الهدايا ، فصل : فيما يجوز من الهدايا ومالايجوز ، ط: إدارة القرآن )

🗁 إرشاد السارى: (ص: ٦٦۹) باب الهدايا، فيما لايجوز من الهدايا، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗁 عالمگيرى : ( ۱/۲٦۱ ) كتاب المناسک ، الباب السادس عشر فى الهدى ، ط: رشيديه .

(۳) فلو اشترک سبعة فى بدنة جاز عند الأئمة الأربعة بشرط قصد القربة من جميع السبعة. (إرشاد السارى : (ص: ۵۵٦ ) باب فى جزاء الجنايات و كفاراتها ، فصل : فى أحكام الدماء وشرائط جوازها ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 ويجوز اشتراکُ واحدٍ ستةً أو أقل فى بدنة والهدى ابتداء بأن يكون الشراء منهم جميعًا، =



☆اونٹ، گائے، بھینس میں سات آدمیوں سے کم بھی شریک ہوسکتے ہیں لیکن کسی کا حصہ ساتویں سے کم نہ ہو۔(۱)

☆چونکہ ”منیٰ“ میں عیدالاضحیٰ کی نماز نہیں ہوتی اس لئے وہاں پر ذبح کے لئے عید کی نماز کا پہلے ہونا شرط نہیں ہے البتہ رمی کے بعد جانور کو ذبح کرنا شرط ہے، ذبح کے بعد حلق یا قصر کرے، اگر کسی نے رمی سے پہلے قربانی کرلی تو ایک دم بھی دینا پڑے گا۔(۲)

## حج کی قسمیں

### حج کی تین قسمیں ہیں اور تینوں کے مسائل کچھ الگ الگ ہیں:

❶۔حج افراد۔ ❷۔حج قران۔ ❸۔حج تمتع۔(۳)

---

= أو من أحدهم بأمر الباقين ، وهٰذا هو الأفضل ، أو بقاء ، كما إذا اشترىٰ واحد بدنة لمتعة مثلا بلانية أو بنية أن يشترک فيها ستة ؛ ......وأمّا يجوز الاشتراک فيها بشرط أن لايكون لأحدهم أقلّ من سبع . (غنية الناسک : (ص: ۳٦۷ ، ۳٦۸ ) باب الهدايا ، فصل : فيما يجوز من الهدايا ومالايجوز ، مطلب : فى جواز الاشتراک فى الهدى ، ط: إدارة القرآن)

🗁 الدر مع الرد : ( ۲/٦۱۵ ) كتاب الحج ، باب الهدى ، ط: سعيد .

(۱) انظر الحاشية السابقة ، رقم : ۲، على الصفحه السابقة، رقم: ۱۹۴ .

(۲) ولو حلق المفرد أوغيره من القارن والمتمتّع قبل الرمى أو القارن أو المتمتّع أى أو حلقا قبل الذبح أوذبحا قبل الرمى فعليه دم...... (إرشاد السارى: (ص: ۵۰۷) باب الجنايات وأنواعها، النوع الخامس: الجنايات فى أفعال الحج، فصل: فى ترک الترتيب بين أفعال الحج، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۲۷۹، ۲۸۰) باب الجنايات، الفصل السابع: فى ترک الواجب فى أفعال الحج، المطلب العاشر: فى ترک الترتيب بين الرمى والذبح والحلق......، ط: إدارة القرآن.

🗁 شامى : (۲/۵۵۵ ) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۳) وهى أربعة: قران: وهو الجمع بين العمرة والحج، وتمتّع: أى بانتفاع المحظورات بين تحلله من العمرة وبين إحرامه للحج، إذا لم يسق الهدى، وإفراد بحجة: أى سواء أتىٰ بعمرة بعدها أو قبلها لكن فى غير الأشهر...... (إرشاد السارى: (ص: ۱۳۳) باب الإحرام، فصل: فى وجوه الإحرام، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 شرح العناية مع فتح القدير : (۲/٤۰۸ ) كتاب الحج ، باب القران ، ط: رشيديه .

🗁 شامى : (۲/۵۲۹ ) كتاب الحج ، باب القران ، ط: سعيد .

## حج کے احرام میں عمرہ کا احرام باندھ لیا

اگر حج کا احرام باندھ کر طواف قدوم کرنے سے پہلے عمرہ کا احرام باندھ لیا تو قران ہو جائے گا، لیکن اس طرح کرنا اچھا نہیں ہے۔(۱)

## حج کے ارکان

''ارکان حج'' عنوان کو دیکھیں۔(۱/۱۴۰)

## حج کے ایام میں عمرہ کرنا

عمرہ تمام سال میں کرنا جائز ہے، صرف حج کے پانچ دن ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳/ ذی الحجہ میں عمرہ کا احرام باندھنا مکروہ تحریمی ہے، اگر ان ایام میں احرام نہیں باندھا بلکہ پہلے سے احرام بندھا ہوا تھا، تو پھر مکروہ نہیں ہے، مثلاً کوئی شخص پہلے سے احرام باندھ کر آیا اس کو حج نہیں ملا اور اس نے ان ایام میں عمرہ کرلیا تو مکروہ نہیں ہے لیکن اس کے لئے مستحب یہ ہے کہ ان پانچ دن کے بعد عمرہ کرے۔(۲)

---

(۱) وإن كان أى المحرم بهما آفاقيًا أدخل العمرة على الحج أى ففيه تفصيل إن كان إدخاله قبل أن يشرع فى طواف القدوم فهو قارن مسيئ . ( إرشاد السارى : (ص: ۴۱۸ ) باب إضافة أحد النسكين إلى الآخر ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة )

غنية الناسک : (ص: ۲۳۱ )باب الجمع بين النسكين أو أكثر ، فصل فى الجمع المكروه بين عمرة و حجة ، مطلب فى جمع الآفاقى بينهما إحرامًا بإضافة إحرامها إلى إحرامه أوأفعالاً، ط: إدارة القرآن)

الدر مع الرد : ( ۲/۵۳۰ ) كتاب الحج ، باب القران ، ط: سعيد .

(۲) السنة كلها وقت لها إلّا أنّه يكره تحريمًا إنشاء إحرامها فى الأيّام الخمسة ، وإن أداها بإحرام سابق لا بأس ويستحب أن يؤخّر حتٰى تمضى الأيّام ، ثم يفعلها . ( مناسک الملا على القارى مع إرشاد السارى : (ص: ۶۵۵ ) باب العمرة ، فصل فى وقتها ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۹۷ ) باب العمرة ، وتسمى الحج الأصغر ، ط : إدارة القرآن.

عالمگيرى : ( ۱/۲۳۷ ) كتاب المناسک ، الباب السادس : فى العمرة ، ط: رشيديه.



## حج کے بعد اعمال میں سستی آئے تو۔۔۔۔۔!!

☆ حج کے بعد اعمال میں سستی نہیں بلکہ چستی ہونی چاہیے، اگر اعمال میں سستی آئے تو ہمت سے کام لے ان شاء اللہ سستی ختم ہو جائے گی اور چستی پیدا ہو جائے گی، اگر پہلا حج شرائط کے مطابق ادا کیا ہے تو دوبارہ کرنے کی ضرورت نہیں۔(۱)

☆ جو شخص حج سے پہلے بھی گناہوں میں ملوث تھا اور حج کے اندر بھی بے پروائی سے کام لیتا رہا، اور حج کے بعد بھی گناہوں سے پرہیز نہ کیا تو اس کا حج کوئی فائدہ نہیں دے گا، اگرچہ اس نے حج کے فرائض کو پورا کرلیا ہے۔(۲)

---

(۱، ۲) وينبغى أن يجتهد فى محاسنه فى باقى عمره وأن يزاد خيره بعد العود ، فعلامة الحج المبرور و قبول زيارة خير مزرور أن يعود خيرًا مما كان فى جميع الأمور ، فإن رأى فى نفسهٖ نزوعًا عن الأباطيل وتجافيًا عن دار الغرور و إنابة إلى دار الخلود ، فليحترز أن يدنس ذٰلک بطلب الفضول ويستبشر بحصول خلعة القبول ، وهو غاية المطلوب والمسؤول و نهاية المقصود والمأمول . ( مناسک الملا على القارى مع إرشاد السارى : (ص: ۷۵۴ ) باب زيارة سيد المرسلين ، فصل : فى آداب الرجوع من سفر الحج ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة )

والمبرور الّذى لايخالطه إثم ، مأخوذ من البر وهو الطاعة ، وقيل : المتقبل واستشكله النووى من حيث إنّه لا اطلاع على القبول ، وأجاب عنه ، بأنّه قد قيل من علامات القبول : أن يزداد بعده خيرًا ، ولايعاد المعاصى بعد رجوعه ، و قيل : المبرور الّذى لارياء ولا سمعة ولا رفث ولا فسوق و قيل : الّذى لا معصية بعده ، وقال الحسن البصرى : الحج المبرور أن يرجع زاهدًا فى الدنيا راغبًا فى الآخرة . ( البحر العميق : ( ۱/۵۷ ، ۵۸ ) الباب الأوّل : فى الفضائل ، فضل الحج والعمرة و ذم تارک الحج ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة )

غنية الناسک : (ص : ۳۸۹ ) خاتمة فى زيارة قبر الرسول ﷺ ، فصل : فى آداب الرجوع، ط: إدارة القرآن.

وينبغى لمن منّ اللّٰه عليه بحج بيته الحرام ، ونظفت صحيفة عمله بالغفران من دنس الآثام أن يحذر من العود إلى وسخ المعاصى ، فالنكسة أشد من المرض ، وليجتنب الغفلة ،وليتأهب بعد لقاء البيت للقاء رب البيت ، وليكن خيره بعد ذٰلک فى ازدياد ، فذٰلک من علامات القبول، والمعصية بعد الحج أفحش منها قبله ...... ( البحر العميق : ( ۱/۳۴۶ ) الباب الثانى : فى الرقائق المتعلقة بالحج وأسراره، الفصل الثالث : فى رقائق دخول مكّة وباقى الأعمال ، قبيل الباب الثالث : فى مناسک الحج ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة)

## حج کے بعد شیطان کیا کرتا ہے

حج ادا کرنے کے بعد شیطان عام طور پر انسان کے دل میں اپنی بڑائی اور بزرگی کا خیال ڈالتا ہے جو اس کے تمام اعمال کو برباد کر دینے والا ہے۔(۱)

جس طرح حج سے پہلے اور حج کے اندر اللہ تعالیٰ سے ڈرنا اور اس کی اطاعت لازم ہے اسی طرح حج کے بعد اس سے زیادہ ڈرنا اور گناہوں سے بچنے کا اہتمام کرنا لازم ہے تا کہ محنت ومشقت سے کی ہوئی عبادت ضائع نہ ہو جائے۔(۲)

## حج کے بعد کی زندگی

حج کے بعد کی زندگی اور سرگرمیاں واضح کر دیتی ہیں کہ کس کا حج واقعی حج ہے اور اللہ کے دربار میں مقبول ہے، اور کس کا حج مقبول نہیں یعنی سارے ارکان کی ادائیگی اور بیت اللہ شریف کی زیارت، عرفات، منیٰ، اور مزدلفہ کی حاضری اور دعا اور آہ وزاری کے باوجود اللہ کی رحمت سے محروم رہ گیا ہے۔

حج حقیقت میں حال کی ایک کسوٹی ہے، کہ کس نے اللہ کی دی ہوئی توفیق واستطاعت سے واقعی فائدہ اٹھایا ہے، اور کون موقع پانے کے باوجود محروم رہ گیا ہے۔(۳)

## حج کے بعد گناہ سے نہ بچنا

بعض لوگ حج اور عمرہ کر کے واپس آنے کے بعد گناہوں سے بچتے نہیں، وی سی آر، فلمیں دیکھتے ہیں، نماز کی پابندی نہیں کرتے، سود کھاتے ہیں، جھوٹ بولتے ہیں اور غیر شرعی کام کرتے ہیں اور ناجائز چیز کھاتے ہیں اور پیتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے صحیح معنوں میں حج وعمرہ نہیں کیا بس گھوم پھر کر واپس آ گئے۔

(۱، ۲، ۳) انظر الحاشية السابقة رقم، ۱. على الصفحة رقم: ۱۹۷. (وينبغى أن يجتهد فى محاسنه)



حج قبول ہونے کی علامت یہ ہے کہ حج کے بعد آدمی کی زندگی میں انقلاب آ جائے، اور اس کا رخ خیر اور نیکی کی طرف بدل جائے۔(۱)

ایسے لوگوں پر ضروری ہے کہ اپنے برے فعل سے توبہ کریں، فرائض کی پابندی کریں، اور حرام چیزوں سے پرہیز کریں، اگر سچی توبہ کر لیں گے تو اللہ تعالیٰ ان کے قصور کو معاف فرما دیں گے۔(۲) اللہ تعالیٰ ہم سب کو معاف فرمائیں۔(آمین)

## حج کے بعد مالی پوزیشن صفر ہونے کی حالت میں حج

اگر کسی آدمی کی مالی حیثیت اتنی ہے کہ بیوی کا مہر اور اہل وعیال کا خرچہ ادا کرنے کے بعد آسانی کے ساتھ حج کے اخراجات پورے ہو سکتے ہیں، لیکن حج کے بعد مالی پوزیشن صفر ہو جائے گی تب بھی حج کرنا فرض ہوگا۔(۳)

(۱) انظر الحاشية السابقة رقم: ۱، على الصفحة: رقم: ۱۹۷. (وينبغى أن يجتهد فى محاسنه)

(۲) عن عائشة قالت قال رسول الله ﷺ: إن العبد إذا اعترف ثم تاب تاب الله عليه. متفق عليه. مشكاة المصابيح: (ص: ۲۰۳) باب الاستغفار والتوبة، الفصل الأوّل، ط: قديمى)

قال رسول الله ﷺ: التائب من الذنب كمن لا ذنب له ...... روى عنه موقوفًا، قال الندم توبة، والتائب كمن لا ذنب له. وقال على القارى تحت قوله: (والتائب من الذنب كما لاذنب له) ...... ثم اعلم أنّ التوبة إذا وجدت بشروطها المعتبرة فلاشكّ فى قبولها و ترتب المغفرة عليها؛ لقوله تعالىٰ: ﴿وهو الّذى يقبل التوبة عن عباده ......﴾. (مرقاة المفاتيح: (۱۵۱/۵) باب الاستغفار والتوبة، الفصل الثالث، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

البحر العميق: (۴۲۵/۱، ۴۲۶) الباب الرابع: فى مقدمات السفر وآدابه، التوبة، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة.

(۳) ولايشترط نفقة أى بقاء نفقة لما بعد إيابه أى لاسنة ولاشهرًا ولايومًا، كما ورد فيه روايات عن بعضهم، قال ابن الهمام: والمسطور عندنا أنّه لايعتبر نفقة لما بعد إيابه فى ظاهر الرواية. (إرشاد السارى: (ص: ۵۹) باب شرائط الحج، النوع الأوّل: شرائط الوجوب، السادس: الاستطاعة، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

غنية الناسك: (ص: ۱۹) باب شرائط الحج، فصل: وأمّا شرائط الوجوب، السادس: الاستطاعة، ط: إدارة القرآن.

فتح القدير مع الكفاية: (۳۲۲/۲) كتاب الحج، ط: رشيديه.

# حج کے دنوں میں مکہ مکرمہ پہنچ گیا

☆اگر حج کے دنوں میں آدمی مکہ مکرمہ تک پہنچ جائے،اور حج تک وہاں ٹھہرنا ممکن بھی ہےاور خرچہ بھی ہے اور پہلے حج بھی نہیں کیا ہے تو اس صورت میں حج فرض ہوجاتا ہے،اور اگر یہ تمام شرطیں موجود نہیں ہیں تو حج فرض نہیں ہوتا۔(۱)

☆اگر کوئی شخص رمضان المبارک میں عمرہ کیلئے گیا،اورشوال کا مہینہ شروع ہوگیا تو اگر وہ پہلے حج کر چکا ہے تو دوبارہ حج فرض نہ ہوگا،اور اگر پہلے حج نہیں کیا ہے اور یہ شخص حج کی ادائیگی تک مکہ مکرمہ میں رہ سکتا ہے(ویزا ہے یا اجازت ہے)اور حج کا خرچہ بھی ہے تو اس پر حج فرض ہوگا،اور اگر پیسہ نہیں یا پیسہ ہے لیکن ٹھہرنے کی کوئی صورت نہیں یا واپس ہونے کے بعد دوبارہ حج کے لئے جانے کی استطاعت نہیں تو ان صورتوں میں حج فرض نہیں ہوگا۔(۲)

---

(۱) والفقير الآفاقی إذا وصل إلى ميقات فهو كالمكی أی حيث لايشترط فی حقه إلّا الزاد دون الواحلة إن لم يكن عاجزًا عن المشی، وينبغی أن يكون الغنیّ الآفاقی كذٰلک إذا عدم المركوب بعد وصوله إلى أحد المواقيت، فالتقيد بالفقير لظهور عجزهٖ عن المركب، وليفيد أنّه يتعين عليه أن ينوی حج الفرض ليقع عن حجة الإسلام ولا ينوی نفلا على زعم أنّه فقير لايجب عليه الحج؛ لأنّه ما كان واجبًا عليه وهو آفاقی، فلما صار كالمكی وجب عليه فلو حج نفلًا يجب عليه أن يحج حجًا ثانيًا، ولو أطلق يصرف إلى الفرض...... (إرشاد السارى: (ص: ۵۷) باب شرائط الحج، النوع الأوّل: شرائط الوجوب، الشرط السادس: الاستطاعة، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۱۸) باب شرائط الحج، فصل: وأمّا شرائط الوجوب ، السادس: الاستطاعة، ط: إدارة القرآن.

🗁 فتح القدير مع الكفاية : ( ۳۲۲/۲ ) كتاب الحج ، ط: رشيديه.

(۲) انظر الحاشية السابقة أيضًا.

🗁 السابع من شرائط الوجوب "الوقت": وهو أشهر الحج...... وهو عندنا شوال و ذو القعدة و عشرة أيّام من ذی الحجة...... أو وقت خروج أهل بلده ، إن كانوا يخرجون قبلها ، فلايجب إلّا على القادر فيها أو فی وقت خروجهم . ( إرشاد السارى : (ص: ٦٧ ) باب شروط الحج ، النوع الأوّل : شرائط الوجوب ، السابع : الوقت ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة) =



# حج کے دو رکن

حج کے دو رکن ہیں:''**وقوف عرفات**''اور''**طواف زیارت**''اگر حج کا احرام باندھنے کے بعد یہ دونوں کام کر لئے تو حج ادا ہوجائے گا،ان دونوں کاموں کے علاوہ باقی کام حج میں واجب،سنت اور مستحب ہیں،جن کے ترک کرنے سے دم اور صدقہ وغیرہ لازم ہوتا ہے یا ثواب میں کمی آتی ہے،باقی حج ہوجاتا ہے۔(۱)

# حج کے سفر میں جانے کی وجہ سے تنخواہ کا حکم

حج کے سفر میں جانے کی وجہ سے ملازم کو رخصت کے ایام کی تنخواہ ملے گی یا نہیں؟اس کے بارے میں حکم یہ ہے کہ اگر ملازم کے ساتھ معاہدہ یا اس بارے میں ادارے کا قانون ہے تو اس پر عمل کیا جائے گا،ورنہ دیگر اداروں کے قانون پر عمل کیا جائے گا،عام طور پر فرض حج کے لئے تنخواہ کے ساتھ رخصت دینے کا معمول اور رواج

---

= 🗁 غنية الناسک: (ص: ۲۲) باب شرائط الحج ، فصل : أمّا شرائط الوجوب ، السابع : الوقت ، ط: إدارة القرآن.

🗁 الدر مع الرد : (۴٦۵/۲ ) كتاب الحج ، ط: سعيد .

(۱) أمّا فرائض الحج : وهی أعمّ من الشرائط فثلاث : الأوّل : الإحرام قبل الوقوف بعرفة،...... والثانی : الوقوف بعرفة فی وقتهٖ ولو ساعة ، والثالث طواف الزيارة فی وقتهٖ ومكانهٖ ...... وهما ركنان إجماعًا لكن الوقوف هو الركن الأصلی والطواف أفضل من الوقوف؛ لأنّه عبادة مقصودة ، ولهٰذا يتنفل به ، بخلاف الوقف ...... وحكم الفرائض أنّه لايصحّ الحج إلّا بها ، ولو ترک واحدًا منها لايجبر بدم . ( غنية الناسک : (ص: ۴۴ ، ۴۵ ) باب فرائض الحج وواجباته و سننه و مستحباته و مكروهاته ، فصل : أمّا فرائض الحج ، ط: إدارة القرآن )

🗁 والوقوف بعرفة أی فی وقتهٖ ولو ساعة وأكثر طواف الزياره أی فی محلهٖ ، وهما ركنان للحج، ......وحكم الفرائض أنّه لايصحّ الحج إلّا بها أو بوجود جميعها ولو ترک واحدًا منها لايصحّ أداؤه...... (إرشادالسارى : (ص: ۹۴ ) باب فرائض الحج ، فصل : فی فرائضه ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 الهندية: (۲۱۹/۱) كتاب المناسک، الباب الأوّل فی تفسير الحج و فرضيته،...... وأمّا ركنه فشيئان، ط: رشيديه.

ہے۔(۱)

## حج کے سفر میں مر گیا

☆ اگر کسی آدمی پر پہلے سے حج فرض تھا، اور وہ حج کا احرام باندھ کر حج کے لئے روانہ ہوا، اور وقوف عرفہ کے بعد فوت ہو گیا تو فرض ادا ہو گیا، اور اگر وقوف عرفہ سے پہلے فوت ہوا تو فرض ساقط نہیں ہوا، اس لئے ایسے آدمی پر اپنے شہر سے حج بدل کرانے کی وصیت کرنا فرض ہے (اگر وصیت کرنا ممکن ہو) اب اگر ترکہ کا ایک تہائی مال اس کے شہر سے حج بدل کرانے کے لئے کافی ہے تو اس کے شہر سے حج بدل کرانا ضروری ہوگا ورنہ ایک تہائی ترکہ سے جہاں سے بھی حج بدل ہو سکے وہیں سے حج بدل کرا دیا جائے۔(۲)

---

(۱) أمّا لو شرط شرطًا تبع كحضور الدّرس أياما معلومة فى كل جمعة، فلايستحق المعلوم الا من باشر خصوصًا إذا قال: من غائب عن الدّرس قطع معلومة فيجب اتباعه. (شامی: (۴/ ۴۱۹) كتاب الوقف، مطلب فى الغيبة الّتى يستحق بها العزل عن الوظيفة ومالايستحق ، ط: سعيد)

🗁 البحر الرائق : (۲۴۶/۵) كتاب الوقف ، ط: دار المعرفة ، بيروت.

(۲) فلو خرج و مات فى الطريق لم يجب الإيصاء ؛ لأنّه لم يؤخر بعد الإيجاب. (شامی: (۲/ ۴۵۹) كتاب الحج، و فى تقريرات الرافعى تحت قوله: "ولو خرج و مات فى الطريق الخ" عبارة النهر: ولو مات فى الطريق لايجب عليه الإيصاء أى اتّفاقًا اهـ وعلّله فى البحر بما ذكره المحشى، والمراد أنّ من مات فى الطريق من أصحاب الأعذار المذكورة فى أوّل سنة الإيجاب لايجب عليه الإيصاء، لا من مات بعد تقرّرہٖ فى ذمّتهٖ أو ضمير "خرج" عائد للقادر على الحج، إلّا أنّه مقيد بما إذا خرج فى أوّل سنة الوجوب بدليل التعليل. (تقريرات الرافعى على حاشية ابن عابدين: (۱۵۶/۲) كتاب الحج، ط: سعيد)

🗁 البحر الرائق: (۲/ ۳۱۱) كتاب الحج، ط: سعيد.

🗁 غنية الناسک: (ص: ۳۳) باب شرائط الحج، فصل: فيما إذا وجد شرائط الوجوب والأداء أو الوجوب فقط، ط: إدارة القرآن.

🗁 اعلم أنّ كل من وجب عليه الحج...... وعجز عن الأداء بنفسهٖ أى بعده يجب عليه الإحجاج أى بأن يحج عنه فى حال حياتهٖ أو بعد مماتهٖ إن فرّط أى قصّر فى التأخير، بأن وجب عليه فلم يخرج إليه من عامه...... وفيه الإيماء إلى أنّ وجوب الإيصاء إنّما يتعلق بمن لم يحج بعد الوجوب إذ الم يخرج إلى الحج حتى مات فأمّا من وجب عليه الحج فحج من عامه فمات فى الطريق لايجب عليه الإيصاء بالحج؛ لأنّه لم يؤخر بعد الإيجاب ولم يقصر فى هٰذا الباب. (إرشاد السارى: (ص: ۶۱۱) باب الحج عن الغير، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)



☆ اور اگر ایسے آدمی نے حج بدل کرانے کے لئے وصیت نہیں کی تو وارثوں پر حج بدل کرانا لازم تو نہیں ہوگا البتہ اگر تمام ورثاء بالغ ہیں اور سب رضا مندی سے مرحوم کے لئے حج بدل کرائیں تو میت پر بہت بڑا احسان ہوگا اور وہ آخرت کی پکڑ سے بچ جائے گا۔(۱)

☆ اور اگر اس آدمی پر پہلے سے حج فرض نہیں تھا بلکہ اس سال ہی حج فرض ہوا اور حج فرض ہوتے ہی حج کرنے کے لئے نکلا اور وقوف عرفہ سے پہلے فوت ہو گیا تو حج بدل کرانا لازم نہیں ہوگا، ہاں اگر اس نے حج بدل کرانے کے لئے وصیت کی ہے تو ایک تہائی ترکہ سے حج بدل کرانا لازم ہوگا۔(۲)

## حج کے فرائض

### ☆ حج کے اصل فرض تین ہیں:

① ۔احرام۔

② ۔وقوف عرفات یعنی نو ذی الحجہ کو زوال آفتاب کے وقت سے دس ذی الحجہ کی صبح صادق تک عرفات میں کسی وقت ٹھہرنا، اگرچہ ایک لحظہ ہی کیوں نہ ہو۔

③ ۔طواف زیارت جو دسویں ذی الحجہ کی صبح سے لے کر بارہویں ذی الحجہ

---

(۱) من مات بعد وجوب الحج ولم يوص به لم يلزم الوارث أن يحج عنه من تركته...... وإن أحب يحج عنه، وفعل الولد ذٰلک مندوب إليه جدًا...... تبرّع الولد بالإحجاج أوالحج بنفسهٖ عن أبويه إذا مات وعليه حج الفرض ولم يوص به مندوب إليه جدًا...... وقال عليه الصلاة والسلام: "من حج عن أبيه أو أمّه فقد قضى عنه حجته وكان له فضل عشر حجج"...... (غنية الناسک: (ص: ۳۲۲، ۳۲۸) باب الحج عن الغير، فصل: فى شرائط النيابة فى الحج الفرض، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى: (ص: ۶۱۳، ۶۱۴) باب الحج عن الغير، فصل فى شرائط جواز الإحجاج، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗁 الدر مع الرد: (۶۰۸/۲، ۶۰۹، ۶۱۰) كتاب الحج، باب الحج عن الغير، ط: سعيد.

(۲) انظر الحاشية السابقة، رقم: ؟؟؟؟؟، على الصفحه السابقة، رقم: ۲۰۲.

تک عام طور پر سر کے بال منڈوانے یا کتروانے کے بعد کیا جاتا ہے اگرچہ اس سے پہلے بھی کرنا جائز ہے۔(۱)

☆ان تینوں فرضوں میں سے اگر کوئی چیز رہ جائے گی تو حج صحیح نہ ہوگا اور اس کی تلافی دم یعنی قربانی وغیرہ سے بھی نہیں ہوسکتی۔(۲)

ان تینوں فرائض کا ترتیب وار ادا کرنا، اور ہر فرض کو اس کی مخصوص جگہ اور وقت میں کرنا بھی فرض ہے۔(۳)

## حج کے لئے چھٹی حاصل کرنا

بعض اداروں میں ملازمت کے دوران ہر ملازم کو ایک ماہ کی چھٹی تنخواہ کے ساتھ ملتی ہے، ایسے اداروں کے ملازمین کو اگر قانون کی رو سے چھٹی مل سکتی ہے، اور اس کے لئے کسی قسم کی غلط بیانی کی ضرورت نہیں ہوتی ہے تو ایسے

(۱) أمّا فرائض الحج : وهى أعمّ من الشرائط فثلاث : الأوّل : الإحرام قبل الوقوف بعرفة ، والثانی : الوقوف بعرفة فی وقته ولو ساعة ، والثالث : طواف الزيارة فی وقته و مكانهٖ. (غنية الناسک (ص: ۴۴ ) باب فرائض الحج ، فصل : وأمّا فرائض الحج ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری: (ص: ۹۲) باب فرائض الحج، فصل: فی فرائضه، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗁 الدر مع الرد : (۴۶۷/۳ ) كتاب الحج ، مطلب فی فروض الحج و واجباته ، ط: سعيد .

(۲) وحكم الفرائض أنّه لايصحّ الحج إلّا بها ولو ترک واحدًا منها لايجبر بدم. (مناسک الملا علی القاری مع إرشاد الساری: (ص: ۹۴) باب فرائض الحج، فصل: فی فرائضهٖ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۴۵) باب فرائض الحج و واجباته...... فصل: وأمّا فرائض الحج، ط: إدارة القرآن.

🗁 البحر العميق: (۳۵۴/۱) الباب الثالث: فی مناسک الحج، حكم الفرائض، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة.

(۳) وزاد فی نسخة : والترتيب بين الفرائض أی ومن الفرائض ترتيبها بأن يقع الإحرام أوّلاً ثم الوقوف ثم الطواف ، " وأداء كل فرض " أی ركن فی وقتهٖ . (إرشاد الساری : (ص: ۹۳ ) باب فرائض الحج ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة )

🗁 شامی : ( ۴۶۷/۲ ) كتاب الحج ، مطلب فی فروض الحج ، ط: سعيد.



اداروں کے لوگ قانونی طور پر چھٹی لے کے حج کر سکتے ہیں، حج کے ثواب میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔(۱)

## حج کے لئے رقم دی

''غریب کو حج کے لئے رقم دی'' عنوان کو دیکھیں۔(۲۴۵/۳)

## حج کے لئے رکھی ہوئی رقم پر زکوۃ

☆اگر کسی شخص نے حج کرنے کے ارادہ سے حکومت کی اسکیم میں درخواست دی اور حج کے لئے رقم جمع کرائی، لیکن قرعہ اندازی میں جانے کے لئے نام نہ نکلا، اور حکومت سے وہ رقم واپس مل گئی، اور یہ شخص آئندہ سال حج کرنے کا ارادہ رکھتا ہے تو اس رقم پر بھی زکوۃ واجب ہوگی کیونکہ یہ رقم اس کے پاس کم سے کم ایک سال تک رہے گی۔(۲)

## حج کے لئے قرض لینا

اگر حج فرض ہے، اور قرض مل سکتا ہے تو قرض لے کر حج کر لینا چاہیے، اور اگر حج فرض نہیں، لیکن قرض ادا کرنے کے اسباب موجود ہیں، تو بھی قرض لے کر حج کرنا جائز ہے، اور اگر قرض لینے کے بعد سہولت کے ساتھ ادا کرنے کی توقع نہیں تو قرض

(۱) ﴿ يأيّها الّذين اٰمنوا اتّقوا اللّٰه وقولوا قولًا سديدًا﴾. (الأحزاب: ۷۰)

(۲) فالأولىٰ يحمل ما فی البدائع وغيرها ، على ما إذا أمسكه لينفق منه كل مايحتاجه فحال الحول وقد بقى معه منه نصاب فإنّه يزكی ذٰلک الباقی ، وإن كان قصده الإنفاق منه أيضًا فی المستقبل ، لعدم استحقاق صرفه إلى حوائجه الأصلية وقت حولان الحول . ( شامی : (۲/ ۲۶۲ ) كتاب الزكاة ، مطلب فی زكاة ثمن المبيع وفاءً ، ط: سعيد)

🗁 البحر الرائق : ( ۲۰۶/۲ ) كتاب الزكاة ، ط: سعيد.

🗁 الهندية: (۱۷۴/۱) كتاب الزكاة، الباب الأوّل: فی تفسيرها، وصفتها، وشرائطها، ط: رشيديه.

لے کرحج اورعمرہ کرنے کے لئے جانا صحیح نہیں ہوگا۔(۱)

## حج کے لئے کسی نے رقم دی

کسی نے کسی کوحج کے لئے رقم دی، اس نے فوری حج نہیں کیا، بلکہ اس نے اس رقم کوکسی اورمصرف میں لگادیا، اوروہاں سے ایک دوسال تک یک مشت وہ رقم ملنے کی امیدنہیں، تواس صورت میں حج کے لئے رقم دینے والےکوحج کرانے کا ثواب مل جائے گالیکن جس آدمی کورقم دی گئی اس پرحج فرض ہوگیا۔(۲)

اگروہ حج کئے بغیر مرجائے گاتو گنہگار رہوگا، ایسے آدمی کے لئے حج بدل کرانے کی وصیت کرنالازم ہےتاکہ اس کی طرف سے حج بدل کرادیاجائے۔(۳)

---

(۱) ولـذا قلنا لايستقرض ليحج إلّا إذا قدر على الوفاء ( شامى: (۲/۴۶۲، ۴۶۳) كتاب الحج، مطلب فى قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع ، ط: سعيد)

🗁 إرشـاد السـارى : (ص: ۹۱ ، ۹۲ ) با شرائط الحج ، النوع الرابع: شرائط وقوع الحج عن الفرض ، فصل : وجوب الحج على الفور ، ط: الإمدادية مكّه المكرّمة.

🗁 و وسعـه أن يستقـرض ويـحـج، وإن كان غير قادر على قضائهٖ، وإن مات قبل قضائهٖ، قالوا: يـرجـى أن لايـؤاخـذه اللّٰه تعالىٰ بذٰلک، ولايكون آثما إذا كان من نيتهٖ قضاء الدين إذا قدر، لكن الـمراد وإن كان غير قادر على قضاء ه فى الحال، وغلب على ظنه أنّه لو اجتهد قدر على القضاء، أمّـا إن عـلـم أنّه ليس له جهة القضاء أصلًا، فالأفضل عدم الاستقراض لأنّ تحمل حقوق اللّٰه تعالىٰ أخف مـن ثـقل حقوق العباد. (غنية الناسک: (ص: ۳۳) باب شرائط الحج، فصل فيما إذا وجد شرائط الوجوب والأداء أو الوجوب فقط، ط: إدارة القرآن)

(۲) وكـذا لـو وهـب مال ليحج به، لايجب عليه قبوله؛ لأنّ شرط الوجوب لايجب تحصيله، فلو قبـل وجـب عـليـه الـحـج إجـمـاعًا. (غنية الناسک: (ص: ۲۱) باب شرائط الحج، فصل: وأمّا شرائط الوجوب ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشـاد السـارى : (ص: ۶۲ ) بـاب شرائط الحج ، النوع الأوّل : شرائط الوجوب ، الشرط السادس : الاستطاعة ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗁 الدر مع الرد : (۲/۴۶۱ ) كتاب الحج ، ط: سعيد.

(۳) مـن جـاء وقـت خـروجـه أهـل بـلـده، أو أشهـر الحج وقداستكمل سائر شرائط الوجوب والأداء وجـب عـليـه الـحج من عامه، و وجب أدائه بنفسهٖ، فيلزمه التأهب والخروج معهم، =



## حج کے لئے نکاح شرط نہیں

حج کے لئے نکاح شرط نہیں ہے غیرشادی شدہ حج کرسکتا ہے، اگرحج فرض ہےتوفرض اداہوجائے گا۔(۱)

## حج کے لئے والدین سے اجازت لینا

فرض حج کے لئے والدین سے اجازت لیناضروری نہیں ہے، البتہ نفل حج والدین کی اجازت کےبغیرنہیں کرناچاہیے۔(۲)

## حج کے مہینوں میں عمرہ کرنے والے پرحج

☆ میقات کی حدود سے باہررہنےوالا آفاقی شخص اگراشہرحج یعنی شوال، ذی القعدہ اورذی الحجہ کےشروع میں عمرہ کر کے حج سے پہلے اپنے وطن لوٹ جائےتو

---

= فـلو لم يحج حتى مات فعليه الإيصاء به. (غنية الناسک: (ص: ۳۲، ۳۳) باب شرائط الحج، فصل: فيما إذا وجد شرائط الوجوب فقط، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشـاد السـارى : (ص: ۸۹ ) بـاب شـرائـط الـحج ، النوع الرابع: شرائط وقوع الحج عن الفرض ، فصل : فيمن يجب عليه الوصية ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗁 البحر الرائق : (۲/۳۱۰ ) كتاب الحج ، ط: سعيد.

(۱) ﴿ وللّٰه على النّاس حجّ البيت من استطاع إليه سبيلًا﴾ (آل عمران: ۹۷)

🗁 فـرض مـره عـلـى الفور بشرط حرية ، وبلوغ ، وعقل ، وصحة ، وقدرة زاد و راحلة فضلت عـن مسـكنه و عما لا بد له منه ونفقة ذهابه وإيابه و عياله...... (كنز الدقائق مع البحر: (۲/۳۰۹، ۳۱۱) كتاب الحج ، ط: سعيد)

🗁 شامى : ( ۲/۴۵۸ ، ۴۵۹ ) كتاب الحج ، ط: سعيد.

(۲) ويـكـره الـخـروج إلـى الـحـج إذا كره أحد أبويه إن كان الوالد محتاجًا إلى خدمة الولد وإن كان مستـغـنيًـا فـلا بـأس...... فـى الـمـلـتـقط: حج الفرض أولىٰ من طاعة الوالدين، وطاعتهما أولىٰ من حج النّفل...... (الهندية: (۱/۲۲۰، ۲۲۱) كتاب المناسک، الباب الأوّل: فى تفسير الحج، ط: رشيديه)

🗁 فتح القدير مع الكفاية : ( ۲/۲۱۹ ) كتاب الحج ، ط: رشيديه .

🗁 غنية الناسک : (ص: ۳۴ ) باب ماينبغى لمريد الحج من آداب سفره ، ط: إدارة القرآن .

دوبارہ اس کو حج یا عمرہ کے لئے آنا ضروری نہیں۔(۱)

☆اور اگر یہ شخص اسی سال دوبارہ وطن سے واپس آ کر حج کرے گا تو اس پہلے عمرہ کی وجہ سے تمتع کرنے والا نہیں ہوگا، اور اس کی وجہ سے تمتع کا دم دینا لازم نہیں ہوگا۔(۲)

☆اگر ایسا شخص تمتع کرنا چاہے تو اس کو دوبارہ عمرہ کا احرام باندھ کر آنا ہوگا۔(۳)

☆ایسے لوگ دوبارہ وطن سے آ کر حج کرنا چاہیں تو حج افراد، حج تمتع اور حج قران میں سے کوئی بھی ایک حج کر سکتے ہیں۔(۴)

---

(۱) السابع:...... الوقت وهو أشهر الحج ...... وهى عندنا شوال و ذو القعدة و عشرة أيّام من ذى الحجة...... أو وقت خروج أهل بلدهٖ إن كانوا يخرجون قبلها ، فلايجب إلّا على القادر فيها أو فى وقت خروجهم . ( إرشاد السارى : (ص: ٦٧ ) باب شرائط الحج ، النوع الأوّل : شرائط الوجوب ، السابع : الوقت : ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 فقير آفاقى قدم مكة قبل أشهر أو صبى مكى بلغ...... قبل أشهر الحج هل يجب عليهم الحج فى الحال أم لايجب مالم يدركوا الأشهر وهم بمكّة، فعلى القول بأن الوقت شرط الوجوب لايجب. (غنية الناسک: (ص: ٢٢) باب شرائط الحج، فصل: أمّا شرائط الوجوب، ط: إدارة القرآن)

🗁 الدر مع الرد :( ٢/ ٤٦٥ ) كتاب الحج ، ط: سعيد.

(٢،٣) السادس: عدم الإلمام أى النزول بالأهل إلمامًا صحيحًا، وهو أن يرجع إلى وطنهٖ حلالًا...... فإن حل من عمرتهٖ أى فى الأشهر و رجع إلى أهلهٖ ثم حج أى ولو من عامه لم يكن متمتعًا...... السابع: أن يكون طواف العمرة كله أو أكثره والحج...... فى سفر واحدٍ، فلو رجع إلى أهله قبل إتمام الطواف ثم عاد وحج، فإن كان أكثر الطواف فى السفر الأوّل لم يكن متمتّعًا...... وإن كان أكثره فى الثانى أى من سفره كان متمتّعًا. (إرشاد السارى: (ص: ٣٨١، ٣٨٢) باب التمتّع، فصل: فى شرائطهٖ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک: (ص: ٢١٢، ٢١٣) باب التمتّع، فصل: فى ماهية التمتع و شرائطهٖ، ط: إدارة القرآن.

🗁 الدر مع الرد : (٢/ ٥٣٥ ، ٥٣٧ ) كتاب الحج ، باب التمتّع ، ط: سعيد.

(٤) السادس: أن يكون آفاقيًا ولو حكما فلا قران للمكى أى الحقيقى إلّا إذا خرج إلى الآفاق قبل أشهر الحج ،قيل : ولو فيها فيصح منه القران لصيرورته آفاقيا حكما...... ( إرشاد السارى (ص: ٣٦٤ ) باب القران ، فصل : فى شرائط صحة القران ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 الحادى عشر: أن يكون من أهل الآفاق، والآفاقى كل من كان داره خارج الميقات. =



# حج کے مہینے میں عمرہ کرنا

''اشہر حج میں عمرہ کرنا'' عنوان کو دیکھیں۔

# حج کے واجبات

## ☆حج کے واجبات چھ ہیں:

①......مزدلفہ میں وقوف کے وقت ٹھہرنا۔

②......صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرنا۔

③......رمی جمار یعنی شیطان کو کنکریاں مارنا۔

④......قارن اور متمتع کا قربانی کرنا۔

⑤......سر کے بال منڈوانا یا کتروانا۔

⑥......آفاقی یعنی میقات سے باہر رہنے والے کا طواف وداع کرنا۔(۱)

---

= (إرشاد السارى : (ص: ٣٨٤ ) باب التمتّع ، فصل : فى شرائطهٖ ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ٢٠٣ ) باب القران ، فصل : فى شرائط صحة القران ، و: (ص: ٢١٣، ٢١٤ ) باب التمتّع ، فصل : فى ماهية التمتّع وشرائطه ، ط: إدارة القرآن.

🗁 الدر مع الرد: (٢/ ٥٣١) كتاب الحج، باب القران، و: (٢/ ٥٣٩) باب التمتّع، ط: سعيد.

(١) وأمّا واجباته فستة : وقوف جمع فى وقتهٖ ولو لحظة ، والسعى بين الصفا والمروة ، ورمى الجمار ، والذبح للقارن والمتمتّع ، والحلق أو التقصير فى أوانهٖ و مكانهٖ ، وطواف الصدر للآفاقى غير الحائض والنفساء إذا يستوطن بمكّة قبل النفر الأوّل . ( غنية الناسک : (ص: ٤٥) باب فرائض الحج و واجباته و سننه ...... فصل : وأمّا واجباته ، ط: إدارة القرآن)

🗁 وواجبه نيف و عشرون: وقوف جمع...... والسعى بين الصفا والمروة...... ورمى الجمار...... وطواف الصدر أو الوداع للآفاقى غير الحائض والحلق أو التقصير...... وفى الشامية: قلت : لكن واجبات الحج فى الحقيقة : الخمسة الأول المذكورة فى المتن والذبح ، أمّا الباقى فهى واجبات له بواسطة؛ لأنّها واجبات الطواف ونحوه...... (الدر مع الرد: (٢/ ٤٦٧، ٤٦٨) كتاب الحج ، مطلب فى فروض الحج و واجباته ، ط: سعيد)

🗁 إرشاد السارى: (ص: ٩٤، ٩٥، ٩٦) باب فرائض الحج، فصل فى واجباته، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

☆ واجبات کا حکم یہ ہے کہ اگر ان میں سے کوئی واجب ترک ہو جائے گا تو حج ہو جائے گا، خواہ قصداً ترک کیا ہو یا بھول کر، لیکن اس کی جزاء لازم ہوگی خواہ دم کی صورت میں ہو یا صدقہ کی صورت میں، البتہ اگر کوئی فعل کسی معتبر عذر کی وجہ سے ترک ہو گیا ہو تو دم یا صدقہ لازم نہیں ہوگا۔(۱)

## حج مبرور

''حج مبرور'' حج مقبول کو کہتے ہیں، اور مقبول حج وہ ہے کہ جس میں گناہوں سے توبہ واستغفار کرے، اور حج کو تمام فرائض، واجبات، سنن اور مستحبات کے ساتھ ادا کرے اور احرام کی حالت میں ممنوعات سے اجتناب کرتا رہے، ریا، نام ونمود اور حرام مال سے بچے اور جملہ اخراجات، کھانا پینا وغیرہ حلال مال سے ہوں، اور حج کے بعد دینی حالت بہتر ہو تو یہ حج مقبول اور حج مبرور ہے۔(۲)

---

(۱) وحکم الواجبات لزوم الجزاء (أی الدم......) بترک واحد منها، وجواز الحج، سواء ترکه عمدًا أو سهوًا، لکن العامد آثم، ویستثنٰی من هٰذا الکلی ترک رکعتی الطواف، وترک الحلق لعذر والبیتوتة بمزدلفة عند موجبه، وترک یأخیر المغرب إلی العشاء، وترک الواجب بعذر قال: فی البدائع: إن الواجبات کلها إن ترکها لعذر لا شیئ علیها...... (مناسک الملا علی القاری مع إرشاد الساری: (ص: ۱۰۱، ۱۰۲، ۱۰۳) باب فرائض، فصل: فی واجباته، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

🗁 غنیة الناسک: (ص: ۴۶) باب فرائض الحج و واجباته، فصل: وأمّا واجباته، ط: إدارة القرآن.

🗁 الدر مع الرد: (۲/ ۴۷۰) کتاب الحج، مطلب: فی فروض الحج و واجباته، ط: سعید.

(۲) المبرور: المقبول، و قال غیره الّذی لایخالطه شیئ من الإثم، وقال القرطبی: الأقوال الّتی ذکرت فی تفسیره متقاربة المعنی. (فتح الباری: (۳/ ۳۸۲) باب فضل الحج المبرور، ط: دار المعرفة)

🗁 والمبرور: الّذی لایخالطه إثم، وقیل: المتقبّل، وقیل: الّذی لاریاء فیه ولاسمعة ولارفث ولافسوق، وقیل: الّذی لا معصیة بعده، وقال الحسن البصری: هو أن یرجع زاهدًا فی الدنیا راغبًا فی العقبٰی. (إرشاد الساری: (ص: ۳۹) باب شرائط الحج، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

🗁 مرقاه المفاتیح شرح مشکوٰة المصابیح: (۵/ ۴۲۲) کتاب المناسک، الفصل الأوّل، ط: رشیدیه.



## حج مقبول

☆ حج بہت بڑی عبادت ہے، اس سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔

حدیث شریف میں ہے کہ حج کرنے والا ایسا ہے گویا وہ آج اپنی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے'' یہ گناہوں سے پاک ہونے کو سمجھانے کے لئے ہے کہ جس طرح نومولود بچہ گناہوں سے پاک وصاف ہوتا ہے اسی طرح حج مقبول کے بعد آدمی گناہوں سے پاک صاف ہو جاتا ہے۔(۱)

☆ ''حج مقبول'' وہی ہے جس سے زندگی کی لائن بدل جائے، آئندہ کے لئے گناہوں سے بچنے کا اہتمام ہو، اور اطاعت کی پابندی کی جائے، حج کے بعد جس شخص کی زندگی میں خوش گوار انقلاب نہیں آتا اس کا معاملہ مشکوک ہے۔(۲)

---

(۱) وعنه ﷺ أنّه قال لابن عمر: أمّا علمت أنّ الإسلام یهدم ما کان قبله، وأنّ الهجرة تهدم ما کان قبلها، وأنّ الحج یهدم ما کان قبله، رواه مسلم، وعنه ﷺ: تابعوا بین الحج والعمرة، فإنّهما ینفیان الفقر والذنوب کما ینفی الکیر خبث الحدید والذهب والفضة، رواه الترمذی وغیره، وعنه ﷺ: إنّ الحاج إذا قضی آخر طواف بالبیت خرج من ذنوبهٖ کیوم ولدته أمّه، رواه وابن حبان. (إرشاد الساری: (ص: ۳۹، ۴۰) باب شرائط الحج، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

🗁 من حجّ للّٰه فلم یرفث ولم یفسق رجع کیوم ولدته أمّه، متّفق علیه...... العمرة إلی العمرة کفارة لما بینهما والحج المبرور لیس له جزاء إلّا الجنّة. متّفق علیه. (مشکوٰة المصابیح: (ص: ۲۲۱) کتاب المناسک، الفصل الأوّل، ط: قدیمی)

🗁 قال رسول اللّٰه ﷺ تابعوا بین الحج والعمرة فإنّها ینفیان الفقر والذنوب کما ینفی الکیر خبث الحدید والذهب والفضة، ولیس للحجة المبرورة ثواب إلّا الجنّة. (مشکوٰة المصابیح: (ص: ۲۲۲) کتاب المناسک، الفصل الثانی، ط: قدیمی)

🗁 سنن ابن ماجه: (ص: ۲۰۷) أبواب المناسک، باب فضل الحج والعمرة، ط: قدیمی)

(۲) وینبغی أن یجتهد فی محاسنه أی فی زیادة تحسین مکارم أخلاقه فی باقی عمره أی لیحسن ختام أمرهٖ، وأن یزداد خیره بعد العود، کما قیل: والعود أحمد، فعلامة الحج المبرور و قبول زیارة خیر مزرور أن یعود خیرًا مما کان فی جمیع الأمور، فإن رأی فی نفسهٖ نزوعًا عن الأباطیل أی من الخوض فی الضلال والتضلیل، وتجافیًا عن دار الغرور و إنابة إلی دار الخلود، أی وجوار المعبود، فلیحترز أن یدنس ذٰلک أن یخلط عمله ویوشخ أمله بطلب الفضول...... =

## حج مقدم ہے یا بچے کی شادی

☆ اگر کسی آدمی پر حج فرض ہے اور بچوں کی شادی بھی سامنے ہے تو پہلے حج ادا کرے اس سے فارغ ہونے کے بعد بچوں کی شادی کی فکر کرے، بچوں کی شادی کی وجہ سے حج کو مؤخر کرنا جائز نہیں ہے۔(۱)

فقہاء کرام نے مکہ مکرمہ تک آمد و رفت کا کرایہ اور جن کا خرچہ ضروری ہے ان کے خرچہ کا انتظام کرنے پر قادر ہونا بیان کیا ہے، بچوں کی شادی کا خرچہ بیان نہیں کیا، یہاں تک کہ مدینہ منورہ کے مبارک سفر کا خرچہ بھی حج کی فرضیت کے لئے ضروری قرار نہیں دیا ہے۔(۲)

---

= ویستبشر بحصول خلعة القبول، وهو غاية المطلوب والمسؤول و نهاية المقصود والمأمول. (إرشاد الساری: (ص: ۷۵۴) باب زيارة سيد المرسلين ﷺ، فصل: فی آداب الرجوع من سفر الحج، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

غنية الناسک: (ص ۳۸۹) خاتمة فی زيارة قبر الرسول ﷺ، فصل فی آداب الرجوع، ط: إدارة القرآن.

الفقه الإسلامی وأدلّته: (۳/۲۴۱۶) الباب الخامس: الحج والعمرة، الفصل الثالث، آداب السفر للحج وغيره وآداب الحاج العائد، المبحث الثانی: آداب رجوع الحاج من سفره، ط: مكتبه رشيديه كوئٹه.

(۱) وإذا وجد ما يحج به وقد قصد التزوج يحج به ولا يتزوّج ؛ لأنّ الحج فريضة أوجبها اللّٰه تعالىٰ على عبده كذا فی التبيين . (الهندية : (۱/۲۱۷) كتاب المناسک ، الباب الأوّل : فی تفسير الحج و فرضيته ، ط: رشيديه )

الدر مع الرد : (۲/۴۶۲) كتاب الحج ، ط: سعيد .

غنية الناسک : (ص: ۲۰) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط الوجوب ، ط:إدارة القرآن والعلوم الإسلامية .

(۲) حج کو اس انتظار میں مؤخر نہ کرے کہ جب مدینہ کا خرچ بھی پاس ہوگا تب حج کرے گا۔ (فتاوٰی محمودیہ: (۱۰/۳۱۸) کتاب الحج، باب فرضیه الحج وشرائطه وأركانه، فرضیت حج کے لئے مدینہ طیبہ کا خرچ ہونا ضروری نہیں، ط: إدارة القرآن) =



☆ اگر کسی آدمی پر حج فرض تھا اور اس نے حج نہیں کیا بلکہ اولاد کی شادی میں وہ رقم خرچ کر دی اور اب وہ غریب ہو گیا اور وہ پوری عمر غریب رہا تو وہ حج چھوڑنے والا ہے اور حج نہ کرنے کی وجہ سے گنہگار ہوگا۔(۱)

☆ آج کل رسم و رواج نے شادی کے لئے جو پابندیاں لازم کر دی ہیں وہ اکثر ایسی ہیں جو شرعاً لازم نہیں بلکہ اکثر شرعاً ناجائز ہیں، اگر مسنون طریقہ سے شادی کی جائے تو حج کو ملتوی یا مؤخر کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی۔(۲)

## حج مقدم ہے یا نکاح

اگر کسی کے پاس اتنا مال ہے کہ وہ حج کر سکتا ہے مگر اس کی شادی نہیں ہوئی، تو وہ پہلے نکاح کرے یا حج؟ اس بارے میں تفصیل یہ ہے کہ اگر حج کا فارم بھرنے کا زمانہ ہو اور لوگ حج کی تیاری کر رہے ہوں، اور زنا میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہو تو پہلے حج کرے، اور اگر اپنے اوپر قابو نہیں ہے اور زنا میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہے تو پہلے

---

= ونصاب الوجوب أی مقدار ما يتعلق به وجوب الحج من الغنی...... بل هو ملک مال يبلغه...... إلى مكّة بل إلى عرفة ذاهبًا أی إليها وجائيًا أی راجعًا عنها إلى وطنه راكبا فی جميع السفر لا ماشيًا أی فی جميعه. (إرشاد الساری: (ص: ۵۷) باب شرائط الحج، النوع الأوّل: الشرط السادس: الاستطاعة، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

غنية الناسک: (ص: ۱۹) باب شرائط الحج، فصل: أمّا شرائط الوجوب، ط: إدارة القرآن.

(۱) وهو فرض على الفور وهو الأصح فلا يباح له التاخير بعد الإمكان إلى العام الثانی...... عنده دراهم يبلغ بها الحج أو يبلغ ثمن مسكن وخادم و طعام و قوت، فعليه الحج، فإن جعلها فی غير الحج أثم. (الهندية: (۱/۲۱۶، ۲۱۷) كتاب المناسک، الباب الأوّل: فی تفسير الحج و فرضيته، ط: رشيديه)

غنية الناسک : (ص: ۱۱) مقدّمة فی تعريف الحج ومايتعلّق بفرضيته ، ط: إدارة القرآن .

حاشية الطحطاوی على المراقی : (ص: ۷۲۷) كتاب الحج ، ط: قديمی .

(۲) فتاوٰی محمودیہ: (۱۰/۲۹۱، ۲۹۲) كتاب الحج، باب فرضيةا لحج، وشرائطه وأركانه، لڑکی شادی مقدم ہے یا حج؟ ط: إدارة الفاروق، كراچی.

وانظر الحاشية السابقة، رقم: ۱ أيضًا. (وهو فرض على الفور وهو الأصح)

نکاح کرے بعد میں اگر اللہ توفیق دے تو حج کرے۔(۱)

## حج میں بے احتیاطیاں

بیت اللہ شریف کا حج کرنا بے شمار برکتوں کا ذریعہ اور حیرت انگیز نعمتوں کا وسیلہ ہے، موجودہ دور میں جدید سہولیات کی وجہ سے سابقہ زمانہ کی مشکلات ختم ہوگئی ہیں، بہت کچھ آسانیاں پیدا ہوگئی ہیں لیکن دور دراز کا سفر ہے، لاکھوں روپے خرچ ہوتے ہیں، اکثر لوگوں کو زندگی میں ایک ہی مرتبہ جانا نصیب ہوتا ہے، اور اب بھی بہت کچھ مشکلات اٹھانی پڑتی ہیں، ایسی صورت میں حج کرنے والے خواتین وحضرات پر بے حد ضروری ہے کہ اس مقدس فریضہ کی ادائیگی میں بے انتہا احتیاط کریں، حج کے مسائل کو اچھی طرح سیکھیں، حج کے موضوع پر لکھی گئی کتابوں کو پڑھیں، علماء کرام اور دارالافتاء سے رجوع کریں، اور تربیتی کیمپ، اور تربیتی پروگرام میں پابندی سے شرکت کریں جو بات سمجھ میں نہ آئے اس کو سمجھنے کی کوشش کریں۔(۲) تاکہ شرعی قانون کے مطابق صحیح طور پر حج ادا ہو سکے اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ راضی

---

(۱) له ألف و خاف العزوبة ، إن كان قبل خروجه أهل بلدهٖ فله التزوّج، ولو وقته لزمه الحج؛ لأنّه إذا خاف الزنا ، فالتزوّج واجب عليه لا فرض ، فيقدم عليه الحج الفرض ، بخلاف ما ذا تحقق الزنا وتيقنه ؛ لأنّ التزوّج فرض حينئذٍ فيقدم على الحج. (غنية الناسک: (ص: ۲۰) باب شرائط الحج ، فصل : أمّا شرائط الوجوب ، ط: إدارة القرآن)

الدر مع الرد : ( ۴۶۲/۲ ) كتاب الحج ، ط: سعيد.

منحة الخالق مع البحر الرائق : ( ۳۱۴/۲ ) كتاب الحج ، ط: سعيد.

(۲) وليتعلّم ما يحتاج إليه فى سفرهٖ من أمر الصلاة ، ولذٰلک يتعلّم كيفية الحج وصفة المناسک ، وأن يستصحب معه كتابًا واضحًا فى المناسک جامعًا لمقاصدها . (إرشاد السارى: (ص: ۹ ) مقدّمة فى آداب مريد الحج ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : ( ص: ۳۶ ) باب ماينبغى لمريد الحج من آداب سفرهٖ ، ط: إدارة القرآن.

البحر العميق : ( ۴۴۷/۱ ) الباب الرابع ، فى مقدمات السفر وآدابه ، الأمر العاشر : تعليم الصلاة و كيفية الحج ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة.



ہو جائیں اور تمام گناہ معاف ہو جائیں لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ مخلوق خدا کا یہ عظیم سمندر پوری دنیا کے ہر گوشہ سے آتا ہے اکثر وبیشتر لوگ حج کے مسائل واحکام اور طریقہ سے بے خبر ہوتے ہیں، سنن ومستحبات تو دور کی بات ہے فرائض وواجبات سے بھی غافل ہوتے ہیں، اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ حج کے دوران جن چیزوں سے منع کیا گیا ہے مستقل وہ کرتے رہتے ہیں، اور گناہوں سے بچنے کا بالکل اہتمام نہیں کرتے، وقت پر نماز ادا کرنے میں کوتاہی کرتے ہیں، اور مرد حضرات حرم شریف کی جماعت کی پابندی نہیں کرتے ہیں، حالانکہ ایک فرض نماز کی اہمیت حج سے بھی زیادہ ہے۔(۱)

اگر شرعی عذر کے بغیر ایک نماز بھی قضا کرے گا تو حج قبول ہونے کی توقع رکھنا مشکل ہے۔(۲)

---

(۱) وأن يستصحب معه كتابًا واضحًا فى المناسک ...... أو يصحب عالمًا يوثق بدينه ، يعلمه جميع ذٰلک فى موضعهٖ ؛ لأنّه لاعمل إلا عن علم قال : عمر بن عبد العزيز : من عمل على غير علم ، كان مايفسد أكثر ما يصلح ، وقال بعض العلماء : أعمال الجوارح فى الطاعات مع أهمال شروطها ضحكة للشيطان . ويروى عن عطاء عن النّبىّ ﷺ : ” تعلموا المناسک فإنّها من دينكم “ ومن العجب أن كثيرًا من أبناء الدنيا الّذين لاعلم عندهم بالمناسک ، يسهل عليهم إنفاق الأموال الكثير فى سفر الحج ، من غير حاجة مع سرف محرم ، ولايسهل عليهم إنفاق اليسير فى سفر من يعلمهم ما يحتاجون إليه فى سفرهم ، ليحصل لهم التعلم والأجر بإحجاجه ، وكثير من العامة يرجع بغير حج ، إمّا لكونه لايصح إحرامه ، أو لكونه يترک شرطًا ، أو يتعاطى شيئًا من الأمور المبطلة ...... (البحر العميق : ( ۴۴۷/۱ ، ۴۴۸ ) الباب الرابع : فى مقدّمات السفر وآدابه ، الأمر العاشر : تعليم الصلاة و كيفية الحج ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة)

(۲) اختلف فى الحج المبرور، فقال النووى رحمه اللّٰه : الأصح أنّ المبرور هو الّذى لايخالطه إثم ، وقيل : هو المقبول . (إرشاد السارى : (ص: ۷۵۴ ) باب زيارة سيد المرسلين ﷺ، فصل فى آداب الرجوع من سفر الحج ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

البحر العميق : (۵۷/۶ ، ۵۸ ) الباب الأوّل ، فى الفضائل ، فصل : فى فضل الهج والعمرة، وذم تارک الحج ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة.

الثالث: الخوف من ركوب الخطايا والذنوب بها، أمّا الكبائر والصغائر مثل الاشتغال بالسمر وحكايات الدنيا فى الطواف والمسجد وغير ذٰلک ، ففى الكبائر يتولّدمنه مقت اللّٰه =

سفر میں احرام باندھنے کے بعد تلبیہ پڑھنے اور اللہ کا ذکر کرنے کی جگہ پر عام طور پر غیبتیں کرتے ہیں، نامناسب باتیں زبان سے نکالتے ہیں، زبان، نگاہ اور ہاتھ پاؤں پر قابو نہیں رکھتے، بلکہ بسا اوقات مسجد حرام میں بیٹھے ہوئے نماز کے انتظار کے دوران، فضولیات اور غیبت میں مبتلا ہو جاتے ہیں، حالانکہ زندگی کے اس عظیم مرحلے پر پہنچ کر تمام اوقات عبادت میں گزارنے چاہئیں، گناہوں سے پاک صاف ہو کر ایسے واپس ہونا چاہیے جیسے آج ہی ماں کے پیٹ سے ولادت ہوئی ہے اور دنیا میں دوبارہ آئے ہیں۔

بعض حضرات مستحبات اور آداب کی بہت ہی زیادہ پابندی کرتے ہیں لیکن فرائض اور واجبات میں کوتاہی کرتے ہیں، موجودہ دور میں بعض حاجیوں کو دیکھ کر یہ شبہ ہوتا ہے کہ شاید کسی میلہ یا تماشہ کے لئے اکٹھے ہوئے ہیں، یا آرام کرنے کے لئے آئے ہوئے ہیں۔

عورتوں پر پردہ فرض ہے۔(۱) مگر حرمین شریفین میں پہنچ کر اکثر عورتیں بلکہ بہت ساری برقع پوش عورتیں بھی برقع پھینک کر بے حجاب ہو جاتی ہیں، اس طرح وہ

---

= و سخطه، وفيه إطفاء نور المعرفة بالكلية، وفى الصغائر يورث تقليل نور المعرفة، ولهٰذا قال ابن عباس رضى اللّٰه عنه حين اختار المقام بالطائف وحواليه على مكّة؛ لأنّ أذنب سبعين ذنبا بركية أحبّ إلىّ من أن أذنب ذنبًا واحدًا بمكّة“...... وقال بعض العلماء: إن السيئات تضاعف بها كما تضاعف الحسنات. (البحر العميق: (۱/ ۱۳۳، ۱۳۴، ۱۳۵) الباب الأوّل: فى الفضائل، فصل: فى حكم الجواز بمكّة شرفها تعالىٰ وعظمها، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة)

🗁 وليحذر كل الحذر من إخراج الصلوات المكتوبات عن وقتها ، فإنّها آكد من الحج ، وقد يسر اللّٰه أمرها على المسافر ، والعجب من قوم يأخذون أنفسهم ، بحج التطوّع مع كونهم لايسلمون فيه من إخراج الصلاة المفروضة عن وقتها و غير ذٰلک من المعاصى ، وهٰذه خسارة وجهالة . (البحر العميق : ( ۱/ ۳۱۱ ) الباب الثانى فى الرقائق المتعلقة بالحج وأسرارهٖ ، الفصل الأوّل : فى العزم على الحج ومايتعلّق بالسفر ، ط؛ مؤسّسه الريّان المكتبة المكيّة)

(۱) انظر الى الحاشية السابقة رقم: ۲، على الصفحة رقم: ۲۱۵ . (اختلف فى الحج المبرور،)



کبیرہ گناہ کی مرتکب ہوتی ہیں، نہ صرف بے حجاب ہوتی ہیں بلکہ بسا اوقات نیم عریاں لباس میں بیت اللہ شریف کا طواف کرتی ہیں، ان کے شوہر اور محرم حضرات ان کو اس بے حجابی سے روکتے بھی نہیں اور روکنے کی تدبیر بھی نہیں کرتے، اور حکومت کی طرف سے اس پر کوئی پابندی بھی عائد نہیں کی جاتی، بلا خوف مردوں کے درمیان گھس جاتی ہیں، حجر اسود کو بوسہ دینے کے لئے مردوں کی بھیڑ میں جان بوجھ کر گھس جاتی ہیں، اور پھنستی ہیں، اجنبی مردوں کے ساتھ شدید وقبیح اختلاط میں مبتلا ہوتی ہیں، یہ سب حرام اور کبیرہ گناہ ہیں۔(۱)

ایسا حج جس میں اول سے اخیر تک ناجائز، حرام اور کبیرہ گناہوں سے احتراز نہیں کیا جائے گا وہ حج کیسے قبول ہوگا، حج مقبول کا بدلہ جنت ہے لیکن یہ حج مقبول کیسے ہوگا؟ نبی کریم ﷺ نے حج مقبول کے بارے میں بیان فرمایا کہ ”حج کرے اور اس میں کوئی بھی بے حیائی کا کام نہ کرے، کوئی گناہ نہ کرے، تب گناہوں سے پاک وصاف ہوگا جیسے ماں کے پیٹ سے آج ہی پیدا ہوا ہے۔(۲)

---

(۱) قال ابن الحاج فى المدخل : وليحذر ممايفعله بعضهم أنّ الرّجال والنّساء يتزاحمون على الحجر الأسود فيقع الانضغاط بينهم ، فقديأتى فم الرجال على فم المرأة وبالعكس . (البحر العميق : ( ۲/ ۱۱۸۳ ) الباب العاشر : فى دخول مكّة و فى الطواف والسعى ، فصل: فى بيان أنواع الأطوفة ، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة)

(۲) والمبرور الّذى لايخالطه إثم، مأخوذ من البر وهو الطاعة، وقيل: المتقبل...... وقيل: المبرور الّذى لارياء فيه ولا سمعة، ولا رفث ولا فسوق وقيل: الّذى لا معصية بعده...... وعن أبى هريرة رضى اللّٰه عنه أنّ رسول اللّٰه ﷺ قال؛ العمرة إلى العمرة كفاره لما بينهما والحج المبرور ليس له جزاء إلّاالجنّة...... وعن جابر رضى اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه ﷺ: ”من جاء هٰذا البيت حاجًا فطاف بهٖ أسبوعًا ثم أتٰى مقام إبراهيم عليه السلام فصلى عنده ركعتين ثم أتٰى زمزم ثم شرب من مائها أخرجه اللّٰه من ذنوبهٖ كيوم ولدته أمّه...... (البحر العميق: ( ۱/ ۵۷، ۵۸، ۶۰، ۶۵) الباب الأوّل: فى الفضائل، فصل: فى فضائل الحج والعمرة وذم تارک الحج، ط: مؤسّسة الريّان المكتبنة المكيّة)

🗁 وعنه قال: قال رسول اللّٰه ﷺل من حجّ للّٰه فلم يرفث ولم تفسق رجع كيوم ولدته أمّه. متفق عليه، وعنه قال: قال رسول اللّٰه ﷺ: العمرة إلى العمرة كفارة لما بينهما، والحج المبرور =

ایشیاء کی بعض عورتیں مصروشام وغیرہ بعض ملکوں کی عورتوں کو دیکھ کر کہ وہ بے پردہ ہیں خود بھی پردہ اٹھا کر حرم میں اس طرح آتی ہیں جیسے دنیا کے تمام مردان کے محرم ہیں، یا وہ اپنے گھر کے صحن میں پھر رہی ہیں، یہ انتہائی حماقت کی بات ہے، اگر دنیا کی کوئی قوم کسی گناہ میں مبتلا ہے تو اس سے وہ گناہ جائز نہیں ہو جاتا۔

نیز یہ کہ مصر اور شام وغیرہ کی عورتیں چہرہ کھلا رکھ کر بے پردگی کرتی ہیں لیکن ایک خاص سنجیدگی اور وقار کے ساتھ ہوتی ہیں، لباس بھی ان کا سر سے پاؤں تک با حجاب ہوتا ہے، پاؤں تک موزے ہوتے ہیں، لیکن ہمارے ممالک کی بعض خواتین کا لباس انتہائی بے حیائی کا ہوتا ہے، تمام نسوانی اعضاء نمایاں ہوتے ہیں، بے محابا سینہ تان کر چلتی ہیں، اس وجہ سے یہ خواتین اس مقدس مقام میں گناہ اور معصیت میں مبتلا ہو جاتی ہیں، اور ان کے شوہر اور والدین بھی ان کی اس بے حجابی پر گنہگار ہوتے ہیں، کیونکہ یہ لوگ ان کو بے پردگی سے منع نہیں کرتے، روکتے اور ٹوکتے نہیں اصلاح کی کوشش نہیں کرتے، یہ کھلی بے حیائی اور بے غیرتی ہے۔(۱)

---

= ليس له جزاء إلّا الجنّة، متفق عليه. (مشكوٰة المصابيح: (ص: ۲۲۱، ۲۲۲) كتاب المناسک، الفصل الأوّل، والثانی، ط: قديمی)

مرقاة المفاتيح: (۲۶۵/۵، ۲۶۶) كتاب المناسک، الفصل الأوّل، ط: امداديه ملتان.

حاشية ابن عابدين: (۵۲۹/۲) كتاب الحج، باب القران، ط: سعيد.

(۱) أنّ للمرأة أن تلبس ما بدالها......؛ لأنّ عورة مستورة بالنص، فيجب عليها فعل ما هو أستر لها وهو الأصحّ...... واعلم أنّ سدل الشيئ على وجهها واجب عليها...... ودلّت المسئلة: على أنّ المرأة منهية عن إظهار وجهها للرجال من غير ضرورة. (البحر العميق: (۷۱۳/۲) الباب السابع: فی الإحرام، الفصل الثامن: إحرام المرأة، والخنثى مشكل، ط: مؤسّسة الريّان المكتبة المكيّة)

غنية الناسک: (ص: ۹۴) باب الحرام، فصل: فی إحرام المرأة، ط: إدارة القرآن.

عن عبداللّٰه بن عمر أنّ رسول اللّٰه قال: الا كلّكم راعٍ وكلّكم مسؤول عن رعيّته، فالأمير الّذی على النّاس راع عليهم و هو مسؤول عنهم، والرجل راع على أهل بيته وهو مسؤول عنهم، والمرأة راعية على بيت بعلها و ولده، وهی مسؤولة عنهم والعبد راع على مال سيده وهو مسؤول عنه، فكلّكم راع وكلّكم مسؤول عن رعيّته. (سنن أبی داؤد: (۵۸/۲) كتاب الخراج، باب مايلزم الإمام من حق الرعية، ط: رحمانيه)



ان سب سے بڑھ کر ایک بات یہ ہے کہ اکثر خواتین پانچ وقت کی نمازوں میں مردوں کی طرح حرم میں پہنچتی ہیں، عورتوں کے مخصوص دروازے اور متعینہ جگہوں کو چھوڑ کر عام جگہوں میں جا کر مردوں کے درمیان صفوں میں کھڑی ہو کر نماز پڑھنا شروع کر دیتی ہیں حالانکہ جماعت کی نماز میں ایک عورت کی وجہ سے تین مردوں کی نماز فاسد ہو جاتی ہے یعنی دائیں بائیں کے دو نمازی اور بالکل پیچھے کے ایک نمازی کی نماز فاسد ہو جاتی ہے۔(۱) اور کسی کی نماز فاسد کرنا خاص طور پر حرم شریف میں بہت ہی بڑا گناہ ہے۔

اس لئے خواتین کو چاہیے کہ خواتین کی متعینہ جگہوں میں نماز پڑھیں ورنہ جماعت ہونے کے بعد پڑھیں۔

## حج میں تصویر

حج میں جانے کے لئے ضرورت کی وجہ سے تصویر بنانا جائز ہے، تصویر لازم کرنے کے قانون بنانے والے گنہگار ہیں، حج پر جانے والا نہیں، کیونکہ وہ قانون کے سامنے مجبور ہے۔(۲)

---

(۱) (وإذا حاذته) ولو بعضو واحدٍ...... (امرأة) ولو أمة (مشتهاة)...... ولاحائل بينهما...... (فسدت صلاته) و قال المحقق الشامی تحت قوله: وخصه الزيلعی الخ...... وقد صرّحوا بأنّ المرأة الواحدة تفسد صلاة ثلاثة إذا وقفت فی الصف من عن يمينها، ومن عن يسارها، ومن خلفها فالتفسير الصحيح للمحاذاة ما فی المجتبیٰ: المحاذاة المفسدة أن تقوم بجنب الرجل من غير حائل أو قدامه. (الدر مع الرد: (۵۷۲/۱، ۵۷۳، ۵۷۵) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ط: سعيد)

البحر الرائق: (۳۵۴/۱، ۳۵۵) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ط: سعيد.

الهداية: (۱۷۸/۱) كتاب الصلاة، باب الإمامة، ط: مكتبة البشریٰ.

(۲) بأن كان الحاج لايتوصل إلى الحج إلا بالرشوة...... فالإثم فی مثله على الآخذ لا المعطی على ما عرف من تقسيم الرشوة فی كتاب القضاء، ولايترک الفرض لمعصية عاص...... (البحر الرائق: (۳۱۴/۲) كتاب الحج، ط: سعيد) =

## حج میں رشوت

حج میں جانے کے لئے رشوت دینے کی ضرورت پڑے تو ضرورت کی وجہ سے جائز ہوگا، قانون بنانے والے اور رشوت لینے والے گنہگار رہوں گے، دینے والا نہیں کیونکہ وہ مجبور ہے۔(۱)

## حج نبی کریم ﷺ کی طرف سے کرنا

''نبی کریم ﷺ کی طرف سے حج کرنا'' عنوان کو دیکھیں۔(۲۶۴/٤)

## حج نفل کے لئے والدین سے اجازت لینا

اگر والدین خدمت کے محتاج ہیں، اور ان کی خدمت کے لئے کوئی اور اولاد نہیں ہے تو والدین کی اجازت کے بغیر نفل حج کے لئے جانا مکروہ تحریمی ہے۔

= 🗀 مع أمن الطريق بغلبة السلامة ولو بالرشوة...... وبتقديرهم فالإثم فى مثلهٖ على الآخذ على ما عرف من تقسيم الرشوة فى كتاب القضاء. (الدر مع الرد: (۴۶۳/۲) كتاب الحج، مطلب فى قولهم يقدم حق العبد على حقّ الشرع، ط : سعيد)

🗀 إرشاد السارى : (ص: ۷۵) باب شرائط الحج ، النوع الثانى : شرائط الأداء ، الثانى : أمن الطريق ، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗀 غنية الناسک: (ص: ۲۵) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، الثالث: أمن الطريق ، ط: إدارة القرآن.

(۱) بأن كان الحاج لايتوصل إلى الحج إلا بالرشوة ...... فالإثم فى مثلهٖ على الآخذ لا المعطى على ما عرف من تقسيم الرشوة فى كتاب القضاء ، ولايترک الفرض لمعصية عاص...... (البحر الرائق : (۳۱۴/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد)

🗀 شامى: (۴۶۳/۲) كتاب الحج، مطلب فى قولهم يقدم حق العبد على حقّ الشرع، ط: سعيد.

🗀 إرشاد السارى : (ص: ۷۵) باب شرائط الحج ، النوع الثانى : شرائط الأداء ، الثانى : أمن الطريق ، ط: المكتبة الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗀 غنية الناسک: (ص: ۲۵) باب شرائط الحج، فصل: وأمّا شرائط وجوب الأداء ، الثالث: أمن الطريق، ط: إدارة القرآن.



اور اگر والدین بیٹے کی خدمت کے محتاج نہیں ہیں تو نفل حج کے لئے والدین سے اجازت لینا ضروری نہیں بہتر ہے۔(۱)

## حدودِ حرم کے نشانات

حدودِ حرم کے تمام اطراف میں حدودِ حرم کے نشانات موجود ہیں، اس سے معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ جگہ حدودِ حرم کے اندر ہے یا نہیں۔

حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو یہ مقامات دکھائے ہیں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان مقامات پر نشانات لگائے ہیں، پھر اس کے بعد نبی کریم ﷺ نے اس کی تجدید کی، پھر اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پھر اس کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے پھر اس کے بعد حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے ان نشانات کی تجدید کی، اور وہ نشانات اب تک حدودِ حرم کے اطراف میں موجود

(۱) هٰكذا كله فى الحج الفرض ، أمّا فى النفل فطاعة الوالدين أولىٰ مطلقًا احتاجا إلى خدمته أولا، وسواء كان الطريق مخوفًا أولا ، كما صرّح به فى الملتقط . (غنية الناسک : (ص: ۳۴) باب ماينبغى لمريد الحج من آداب سفره ، ط: إدارة القرآن)

🗀 حج الفرض أولىٰ من طاعة الوالدين فطاعتهما أولىٰ من حج النفل . (عالمگيرى : (۱/ ۲۲۱) كتاب المناسک ، الباب الأوّل فى تفسير الحج ...... ط: رشيديه )

🗀 إرشاد السارى : (ص: ۹ ) مقدمة فى آداب مريد الحج ، فصل : ويكره الخروج إلى الحج النفل ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗀 كالحج بمال حرام ، وبالكراهة كالحج بلا إذن ممن يجب استئذانه . الدر المختار . (قوله : ممن يجب استيذانه) كأحد أبويه المحتاج إلى خدمته والأجداد والجدات كالأبوين عند فقدهما، وكذا الغريم لمديون لا مال له يقضى به ، والكفيل لو بالإذن فيكره خروجه بلا إذنهم كما فى الفتح. وظاهره أنّ الكراهة تحريمية ، ولذا عبر الشارح بالوجوب ، وزاد فى البحر عن السير وكذا ان كرهت خروجه زوجته ومن عليه نفقته اهـ والظاهر أنّ هٰذا إذا لم يكن له مايدفعه للنفقة فى غيبته. قال فى البحر : وهٰذا كله فى حج الفرض ، أمّا حج النفل ، فطاعة الوالدين أولىٰ مطلقا كما صرّح به فى الملتقط . ( شامى : (۴۵۶/۲ ) كتاب الحج ، مطلب فيمن حج بمال حرام، ط: سعيد)

ہیں، البتہ جعرانہ کے اطراف میں نشان اور علامت نصب نہیں ہے۔(۱)

## حرام آمدنی والے کو حج گروپ میں شامل کرنا

☆ حرام آمدنی والے آدمی کی رقم کو گروپ والے کھانے پینے میں شامل نہ کریں، بلکہ ایسے آدمی کو گروپ والے اپنی حلال رقم سے کھلائیں پلائیں، یا اس کو حلال رقم قرض دیں تاکہ وہ اس رقم کو کھانے پینے میں شامل کرے۔(۲)

## حرام پیسے سے حج کرنا

حج حلال رقم سے کرنا چاہیے، ورنہ حج اللہ کے دربار میں قبول نہیں ہوگا حرام رقم سے حج نہ کرنا چاہیے وہ حج اللہ کے دربار میں قبول نہیں ہوگا اگرچہ حج کی فرضیت

---

(۱) ونقل عن شرح المهذب للنووی ان ناظم الابیات المذکورة القاضی ابو الفضل النویری ان علی الحرم علامات منصوبة فی جمیع جوانبہٖ نصبها ابراهیم الخلیل علیه الصلاة والسلام، وکان جبرئیل یریه مواضعها ثم أمر النبیّ ﷺ بتجدیدها، ثم عمر ثم عثمان ثم معاویة، وهی إلی الآن ثابتة فی جمیع جوانبه الا من جهة جده وجهة جعرانة فإنّها لیس فیها انصاب اهـ ملخصًا. (شامی: (۲/۴۷۹) کتاب الحج، قبل فصل فی الإحرام، مطلب فی المواقیت، ط: سعید)

🗁 غنیة الناسک: (ص: ۵۹) باب المواقیت، تتمة: فی حدود الحرم زادها اللّٰه أمنًا و شرفًا، ط: إدارة القرآن.

(۲) وفی الذخیرة: سئل أبو جعفر عمن اکتسب ماله من أمر السلطان والغرامات المحرمة و غیر ذٰلک. هل یحل لمن عرف ذٰلک أن یأکل من طعامه؟ قال: أحب إلیّ فی دینه أن لایأکل، ویسعه حکما، إن لم غصبًا أو رشوةً. (شامی: (۶/ ۳۸۶) کتاب الحظر والإباحة، فصل: فی البیع، ط: سعید)

🗁 آکل الربا وکاسب الحرام أهدی إلیه أو أضافه وغالب ماله حرام، لایقبل ولایأکل مالم یخبره أن ذٰلک المال أصله حلال ورثه، أو استقرضه. (الهندیة: (۵/ ۳۴۳) کتاب الکراهیة، الباب الثانی عشر فی الهدایا و الضیافات، ط: رشیدیه)

🗁 خلاصة الفتاوٰی: (۴/ ۳۴۸، ۳۴۹) کتاب الکراهیة، الفصل الرابع: فی المال من الإهداء والمیراث و غیر ذٰلک، ط: رشیدیه.



ساقط ہوجائے گی۔(۱)

## حرام حلال مخلوط ہے

اگر حلال اور حرام مال مخلوط ہے تو حرام مال کو حلال مال سے منہا کرنے کے بعد اگر حلال مال حج کیلئے کافی ہے تو حج فرض ہوگا ورنہ حج فرض نہیں ہوگا، اور جو حرام مال جمع کیا ہے اس کو اس کے اصل مالک کو واپس کردے، اگر وہ مرچکا ہے تو اس کے وارثوں کو واپس کردے، اور اگر مالک اور اس کے ورثاء موجود نہیں تو ثواب کی نیت کے بغیر مستحق زکوۃ لوگوں کو صدقہ کردے۔(۲)

---

(۱) وقد یتصف بالحرمة کالحج بمال حرام...... (قوله: کالحج بمال حرام)...... فإنّ الحج فی نفسه مأمور به، وإنّما یحرم من حیث الانفاق، وکأنّه أطلق علیه الحرمة؛ لأنّ للمال دخلا فیه، فإنّ الحج عبادة مرکبة من عمل البدن والمال کما قدمناه، ولذا قال فی البحر: ویجتهد فی تحصیل نفقة حلالٍ، فإنّه لا یقبل بالنفقة الحرام، کما ورد فی الحدیث، مع أنّه یسقط الفرض عنه معها، ولا تنافی بین سقوطه وعدم قبوله، فلایثاب لعدم القبول، ولا یعاقب تارک الحج، أی لأنّ عدم الترک یبتنی علی الصحة: وهی الاتیان بالشرائط والأرکان والقبول المرتب علیه الثواب یبتنی علی أشیاء کحل المال والإخلاص...... (الدر مع الرد: (۲/۴۵۶) کتاب الحج، مطلب: فیمن حج بمال حرام، ط: سعید)

🗁 غنیة الناسک: (ص: ۲۱) باب شرائط الحج، فصل: وأمّا شرائط الوجوب، ط: إدارة القرآن.

🗁 إرشاد الساری: (ص: ۶۹۰، ۶۹۱) باب المتفرّقات، مسئله: من حج بمال حرام، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة.

🗁 ویجتهد فی تحصیل نفقة حلالٍ، فإنّه لا یقبل بالنفقة الحرام، مع أنّه یسقط الفرض معها وإن کانت مغصوبة کذا فی فتح القدیر. (الفتاویٰ العالمکیریة: (۱/ ۲۲۰) کتاب المناسک، الباب الأوّل فی تفسیر الحج و فرضیته، ط: رشیدیه)

🗁 وقدرة زاد و راحلة...... فلاتجب بإباحة، ولا بمال حرام لکن لو حج به جاز؛ لأنّ المعاصی لاتمنع الطاعات، فإذا أتٰی بها لایقال: انّها غیر مقبولة، کما فی مکروهات صلاة الخزانة، ذکره القهستانی. (مجمع الأنهر شرح ملتقی الأبحر: (۱/ ۲۶۱) کتاب الحج، ط: دار إحیاء التراث العربی، بیروت)

(۲) وإذا عزم علی الحج ینبغی له البدایة بالتوبة بشروطها من رد المظالم إلی أهلها عند الإمکان...... والاستحلال من ذوی الخصومات والمعاملات، فإن ماتوا فالاستغفار لهم، وإن عنده مظلمة مالیة مات أهلها ولا وارث لها، أو جهل أربابها، فالتصدق بها بنیة خصمائه. ولایرجو به الثواب لنفسه، وفی الکبیر: فالتصدق بقدرها علی الفقراء علی غریمة القضاء إن وجدهم، =

## حرام کمائی سے حج کرنا

حرام کمائی سے حج کرنے سے حج قبول نہیں ہوتا، اس لئے حلال کمائی یا رقم کے علاوہ حرام کمائی یا رقم سے حج نہیں کرنا چاہیے ورنہ گناہ ہوگا۔(۱)

## حرام مال سے حج کرنا

☆......حرام مال سے حج کرنا صحیح نہیں، (بلکہ حرام مال کے بارے میں حکم یہ ہے کہ اگر مالک معلوم ہے اور واپس کرنا ممکن ہے تو واپس کر دینا ضروری ہے ورنہ ثواب کی نیت کے بغیر کسی مستحق زکوۃ آدمی کو صدقہ کر دینا ضروری ہے) تاہم اگر حرام مال سے حج کرلیا تو حج کا فرض ادا ہو جائے گا لیکن حج مقبول کا ثواب نہیں ملے گا۔(۲)

---

= ولا يشترط التصدق ما عليه. وفى الخانية: رجل تناول مال إنسان فى حال حياته، ثم رده إلى ورثته بعد موته، يبرأ عن الدين، ويبقى حق الميت فى مظلمته إيّاه، ولا يرجى له الخروج عنها إلَّا بالتوبة والاستغفار للميت. (غنية الناسک: (ص: ۳۴) باب ماينبغى لمريد الحج من آداب سفره، ط: إدارة القرآن)

🗀 الدر مع الرد: (۹۹/۵) كتاب البيوع، باب البيع الفاسد، مطلب: فى من ورث مالا حرامًا، و: (۱۸۹/۶) كتاب الغصب، و: (۳۸۶/۶) كتاب الحظر والإباحة، فصل: فى البيع، ط: سعيد.

🗀 البحر الرائق: (۲۰۱/۸) كتاب الكراهية، فصل: فى البيع، ط: سعيد.

🗀 ومعنى القدرة على زاد وراحلة، ملک مالٍ يبلغه إلى مكّة، بل إلى عرفة ذاهبًا و جائيًا راكبًا فى جميع السفر بثمن المثل أو أجرة المثل بنفقة وسط، لا إسراف فيها ولا تقصير، ...... ولا تثبت الاستطاعة بالعارية والإباحة ...... ولا بمال حرام ...... . (غنية الناسک: (ص: ۱۹، ۲۱) باب شرائط الحج، فصل: أمّا شرائط الوجوب، ط: إدارة القرآن)

🗀 إرشاد السارى: (ص: ۵۷) باب شرائط الحج، النوع الأوّل: شرائط الوجوب، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗀 الدر مع الرد: (۴۶۰/۲) كتاب الحج، ط: سعيد.

🗀 والحاصل أنّه ان علم أرباب الأوّل وجب رده عليهم، وإلَّا فإن علم عين الحرام لا يحل له، ويتصدق به بنية صاحبه. (شامى: (۹۹/۵) باب البيع الفاسد، مطلب: فيمن ورث مالاً حرامًا، ط: سعيد)

🗀 انظر الحاشية السابقة رقم: ۱، على الصفحة رقم: ۲۲۳. (وقد يتصف بالحرمة كالحج)

(۱) انظر الحاشية السابقة رقم: ۱، على الصفحة رقم: ۲۲۳. (وقد يتصف بالحرمة كالحج)

(۲) انظر الحاشية السابقة رقم: ۲، على الصفحة رقم: ۲۲۳. (وإذا عزم على الحج ينبغى لله)





مزید ''مال حرام سے حج کرنا'' عنوان کو دیکھیں۔

☆......حرام مال سے حج کرنے سے ذمہ داری ساقط ہو جائے گی، اور آخرت میں حج نہ کرنے کی سزا نہیں ملے گی، لیکن ایسا حج اللہ کے دربار میں قبول نہیں ہوگا، اور حج کرنے کا ثواب بھی نہیں ملے گا، کیونکہ حج اسلام کے ارکان میں سے ایک رکن ہے اور یہ اللہ تعالی ہی کے لئے ہے اور اللہ پاک ہے اور پاک چیز کو قبول کرتا ہے، حرام چیز کو قبول نہیں کرتا، اس لئے حج پاک اور حلال مال سے کرنا ضروری ہے، ہاں اگر کسی نے حرام مال سے حج کرلیا اور بعد میں اتنا حلال مال صدقہ کر دیا یا جس جس سے ناجائز طور پر رقم لی ہے حلال رقم سے اس کو اس کی رقم واپس کر دی تو حج قبول ہو جائے گا۔(۱)

## حرام مال کی وجہ سے حج فرض ہوتا ہے یا نہیں

حرام مال کی وجہ سے حج فرض نہیں ہوتا، بلکہ حرام مال کے بارے میں حکم یہ ہے کہ اگر اس کا اصل مالک یا اس کے ورثاء موجود ہیں تو ان کو واپس کر دیا جائے اگر واپس کرنا ممکن ہے ورنہ ثواب کی نیت کے بغیر کسی مستحق زکوۃ آدمی کو صدقہ کر دیا جائے۔(۲)

---

(۱) ويجتهد فى تحصيل نفقة حلال، فإنّه لايقبل بالنفقة الحرام كما ورد فى الحديث مع أنّه يسقط الفرض عنه معها، ولاتنافى بين سقوطه، وعدم قبوله فلايثاب لعدم القبول، ولايعاقب عقاب تارک الحج، أى لأنّ عدم الترک يبتنى على الصحة وهى الاتيان بالشرائط، والاركان والقبول المترتب عليه الثواب يبتنى على أشياء كحل المال والإخلاص، كما لوصلى مرائيا أو صام واغتاب فإنّ الفعل صحيح لكنه بلاثواب، والله تعالىٰ أعلم! (شامى: (۴۵۶/۲) كتاب الحج، مطلب فيمن حج بمال حرام، ط: سعيد)

🗀 البحر الرائق: (۳۰۹/۲) كتاب الحج، ط: سعيد.

🗀 فتح القدير: (۳۱۹/۲) كتاب الحج، هٰذه المقدّمة الموعودة، ط: رشيديه.

(۲) انظر الحاشية السابقة رقم: ۱، ۲. على الصفحة رقم: ۲۲۳. (وقد يتصف بالحرمة كالحج)، (وإذا عزم على الحج ينبغى لله).

## حرم

مکہ مکرمہ کے چاروں طرف کچھ دور تک زمین حرم کہلاتی ہے، اس کی حدود پر نشانات لگے ہوئے ہیں، اس میں شکار کھیلنا، درخت کاٹنا، گھاس میں جانور کو چرانا حرام ہے۔(۱)

مزید ''حرم کی حدود'' عنوان کے تحت بھی دیکھیں۔(۲/۲۲۷)

## حرم سے باہر حلق کیا

☆عمرہ یا حج کے احرام سے حلال ہونے کے لئے حرم کی حدود کے اندر حلق یا

---

(۱) عن ابن عباس قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم يوم فتح مكّة لاهجرة، ولكن جهاد و نية، وإذا استنفرتم فانفروا، وقال يوم فتح مكّة، إنّ هٰذا البلد حرّمه اللّٰه يوم خلق السّمٰوات والأرض، فهو حرام بحرمة اللّٰه إلى يوم القيامة وإنّه لم يحل القتال فيه لأحد قبله ولم يحل له إلّا ساعةً من نهارٍ فهو حرام بحرمة اللّٰه إلى يوم القيامة، لايعضد شوكه ولا ينفر صيده، ولايلتقط لقطته إلّا من عرفها، ولايختلى خلاها...... (مشكوٰة المصابيح: (ص: ۲۳۸) كتاب المناسک، باب حرم مكّة حرّسها اللّٰه تعالىٰ، الفصل الأوّل، ط: قديمى)

🗁 سنن الترمذى : (۱/۱۶۷) أبواب الحج ، باب ماجاء فى حرمة مكّة ، ط: قديمى.

🗁 البحر العميق : (۲/۱۰۰۷، ۱۰۰۸) الباب التاسع : فيما يتعلق بحرمة مكّة المعظمة ، ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكيّة.

🗁 فحد الحرم من طريق المدينة إلى التنعيم على ثلاثة أميال من مكّة، ومن طريق اليمن إلى ''أضاة لبن''، فى ثنية لبن على سبعة أميال من مكّة، ومن طريق العراق إلى ''ثنية خل'' بالمقطع على سبعة أميال من مكة، ومن طريق الجعرانة إلى ''شعب اٰل عبد اللّٰه بن خالد''، على تسعة أميال من مكّة، وبينها وبين الحرم نحو ثلاثة أميال، وحده من هٰذه الجهة لايعرف موضعه، قاله ابن حجر: ومن طريق الطائف إلى ''عرنة'' على سبعة أميال، ومن طريق جده إلى ''الحديبية'' على عشرة أميال من مكّة، قال فى المبسوط: نصف الحديبية من الحرم و نصفها من الحل،...... وعلى الحرم علامات منصوبة فى جميع جوانبه...... (غنية الناسک: (ص: ۵۹) باب المواقيت، تتمة فى حدود الحرم زادها اللّٰه أمنًا و شرفًا، ط: إدارة القرآن)

🗁 البحر العميق : (۲/۱۰۰۹، ۱۰۱۰، ۱۰۱۱، ۱۰۱۲) الباب التاسع : فيما يتعلق بحرم مكّة المعظمة ، حد الحرم ، ط: مؤسّسة الريّان ، المكتبة المكيّة.

🗁 الدر مع الرد : (۲/۴۷۹) كتاب الحج ، قبيل : فصل فى الإحرام ، ط: سعيد.



قصر کرنا ضروری ہے اگر حرم کی حدود سے باہر سر منڈوایا یا قصر کیا تو احرام سے نکل جائے گا لیکن حرم کی حدود میں ایک دم دینا لازم ہوگا۔(۱)

## حرم سے باہر قصر کیا

''حرم سے باہر حلق کیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۲۶)

## حرم کی حدود

مکہ شہر کے ارد گرد چاروں طرف حد بندی کی گئی ہے، اور حد بندی کی ان جگھوں کو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام کو دکھایا، اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان جگھوں پر نشان لگا دیے تھے، پھر حضرت سرورِ عالم ﷺ نے ان علامات کو از سرِ نو بنوایا، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے، پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے پھر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے ان علامات کی تجدید کی، اور یہ حد جدہ کی طرف سے دس میل ہے، اور کسی طرف سے تین میل، اور کسی طرف سے سات اور کسی طرف سے نو میل ہے، ان حدود کے اندر شکار کرنا اور ہری گھاس اور لکڑی توڑنا حرام ہے، اور ان حدود کے اندر کی زمین کو ''حرم'' کہتے ہیں، اور ان حدود سے باہر باہر کو

---

(۱) ويختص حلق الحاج بالزمان والمكان عند أبى حنيفة رضى اللّٰه عنه ، وحلق المعتمر بالمكان ، فالزمان أيّام النحر الثلاثة والمكان الحرم ، والتخصيص للتضمين لا للتحلل ، فلو حلق أو اقتصر فى غير ما توقت به لزمه الدم ، ولكن يحصل فى أىّ مكان و زمان أتىٰ بهٖ بعد دخول وقته. (غنية الناسک : (ص: ۱۷۵) باب مناسک منى يوم النحر ، فصل فى الحلق ، مطلب يختص حلق الحاج ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى: (ص: ۳۲۵) باب مناسک منى، فصل: فى زمان الحلق ومكانه، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

🗁 بدائع الصنائع: (۲/۱۴۲) كتاب الحج، فصل: وأمّا حكم تأخيره عن زمانه و مكانه، ط: سعيد.

’’حل‘‘ کہتے ہیں۔(۱)

## حرم کی حدود سے باہر نکل گیا

اگر عمرہ یا حج والا حلق کرنے سے پہلے حرم کی حدود سے باہر نکل گیا پھر حرم کی حدود میں واپس آ کر سر منڈوایا یا قصر کیا تو دم وغیرہ واجب نہیں ہوگا، لیکن اگر حاجی ایام نحر کے بعد حرم کی حدود میں واپس آ کر سر منڈوائے گا تو تاخیر کی وجہ سے ایک دم

(۱) و حد الحرم كما حرره السروجي و غيره من طريق المدينة دون التنعيم عند بيوت نفار...... على ثلاثة أميال من مكّة ومن طريق اليمن طرف أضاة لبن على سبعة أميال من مكّة ...... ومن طريق الطائف على عرفات من بطن غرة على سبعة أميال ، ومن طريق العراق على ثنية جبل بالمقطع على سبعة أميال ...... ومن طريق الجعرانة على تسعة أميال ، ومن طريق جده على عشرة أميال هٰذ اقول الجمهور فى ضبط حدود الحرم ، وهى : توقيف لايعرف إلا نقلاً...... وأوّل من نصب أنصاب الحرم : إبراهيم عليه الصلاة والسلام ، فكان إبراهيم يرضم الحجارة ، وينصب الاعلام ، ويحثى عليها التراب ، وكان جبرئيل عليه السلام يوقفه على الحدود .

وروى الزهدى عن عبيد اللّٰه بن عبد اللّٰه بن عتبة ، قال : نصب إبراهيم أنصاب الحرم يريد جبرئيل عليه السلام ثم لم تحرك حتٰى كان قصى فجدّدها ، ثم لم تحرك حتٰى كان النبىّ ﷺ فبعث عام الفتح تميم بن أسد الخزاعى فجدّدها ، ثم لم تحرك حتٰى كان عمر بن الخطاب فبعث أربعة نفر من قريش فجدّدوها ، ثمّ جدّدها عثمان بعد عمر بن الخطاب ، ثم جدّدها معاوية، ثم أمر عبد الملک بتجديدها ، ثمّ جدّدها المهدى ، وهى الآن بنية معاوية . ( البحر العميق : (۲/۱۰۰۹ ، ۱۰۱۰ ، ۱۰۱۱ ، ۱۰۱۲ ، ۱۰۱۵ ، ۱۰۱۶ ) الباب التاسع ، فيما يتعلق بحرم مكّة المعظمة ، حد الحرم ، مؤسسة الريّان ، المكتبة المكيّة )

🗀 أخبار مكة للأزرقى : ( ۲/۱۲۲ ) باب حرمة بيت الحرام ، ط: مكتبة الثقافة الدينيّة .

🗀 إرشاد السارى : (ص: ۶۹۳ ) باب المتفرقات ، فصل : فى حدود الحرم ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

🗀 أنّه لايحلّ قتل صيد الحرم للمحرم والحلال جميعًا...... أن نبات الحرم لايخلو إمّا أن يكون مما لاينبته النّاس عادة وإمّا أن يكون مما ينبته النّاس عادة، فإن كان ممالاينبته النّاس عادة إذا نبت بنفسهٖ وهو رطب فهو محظور القطع والقلع على المحرم والحلال جميعًا...... (بدائع الصنائع: (۲/ ۲۰۷، ۲۱۰) كتاب الحج، فصل: ويتّصل بهٰذا بيان مايعم المحرم والحلال جميعًا، ط: سعيد)

🗀 الدر مع الرد : ( ۲/۴۷۹ ) كتاب الحج ، قبيل : فصل فى الإحرام ، ط: سعيد .



دینا لازم ہوگا۔(۱)

## حرم کی مٹی

حرم کی زیادہ مٹی اور پتھر کو حرم کی حدود سے باہر لے جانا منع ہے اس لئے وہاں سے مٹی وغیرہ نہ لائیں۔(۲)

## حرم کے امام کے پیچھے نماز نہ پڑھنا

’’امام حرم کے پیچھے نماز نہ پڑھنا‘‘ عنوان کو دیکھیں۔(۱/۱۵۲)

## حرم کے پتھر

’’حرم کی مٹی‘‘ عنوان کو دیکھیں۔(۱/۱۵۲)

## حرم کے جنازے میں عورتوں کی شرکت

’’عورتوں کا جنازہ کی نماز میں شریک ہونا‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳/۲۲۹)

## حرم کے حدود کے بورڈ

مکہ مکرمہ کی حدود میں داخل ہوتے وقت جہاں بورڈ میں یہ لکھا ہوا ہے کہ غیر

(۱) انظر الى الحاشية رقم: ۱ ، على الصفحة رقم:۲۲۷ . (ويختص حلق الحاج بالزمان والمكان)

(۲) ولا بأس بإخراج تراب الحرم وأشجاره اليابسة والإذخر مطلقًا إلى الحل ( لباب ) وكذا قيل فى تراب البيت المعظم إذا كان قدرًا يسيرًا للتبرک به ، بحيث لا تفوت به عمارة المكان ، كذا فى الظهيرية ، وصوّب ابن الوهبان المنع عن تراب البيت لئلا تسلّط عليه الجهال ، فيفضى إلى خراب البيت والعياذ باللّٰه ؛ لأنّ القليل من الكثير كثير ...... ومن ذٰلک أحجار أرض الحرم وحصاها إلّا أن يبالغ فى ذٰلک . ( غنية الناسک : (ص: ۳۰۶ ) خاتمة فى أحكام الحرم والمسجد الحرام و ما فيها ، مطلب : فى إخراج تراب الحرم ، ط: إدارة القرآن )

🗀 إرشاد السارى : ( ص: ۶۹۴ ، ۶۹۵ ) باب المتفرّقات ، فصل : فى أحكام تراب وأرض مكّة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗀 شامى : (۲/۶۲۶ ) كتاب الحج ، قبيل : مطلب فى تفضيل مكّة على المدينة ، ط: سعيد .

مسلم یہاں سے آگے داخل نہیں ہو سکتے، یا غیر مسلم کے لئے دوسرا راستہ ہے وہاں سے حرم کی حدود شروع ہو جاتی ہیں۔

مکہ مکرمہ کے شمالی جانب مدینہ منورہ کے راستہ میں جاتے ہوئے حرم کی حد تنعیم ہے اور یہ سب سے قریب ترین جگہ ہے، اور مغربی جانب جدہ کی طرف جاتے ہوئے حرم کی حد "**حدیبیه**" اور جنوب کی جانب یمن کی طرف جاتے ہوئے حرم کی حد "**اَضاة لبن**" ہے اور مشرقی جنوبی جانب حرم کی حد "**جعرانه**" ہے اور مغربی شمالی جانب وادی عرفہ کے قریب حرم کی حد ہے، اور مشرقی شمالی جانب حرم کی حد "**ثنیة جبل المقطع**" ہے۔(۱)

## حرم کے راستہ سے گزرنا

اگر آفاقی تجارت یا اپنے رشتہ دار سے ملنے کے لئے "حل" مثلاً جدہ جانا چاہے لیکن جس راستہ سے وہ سفر کرے گا وہ راستہ حرم کے اندر سے ہو کر نکلتا ہے، تو ایسے شخص پر احرام باندھ کر حرم سے گزرنا لازم ہے، حج یا عمرہ کے احرام کے بغیر گزرنے پر دم لازم ہوگا۔(۲)

## حرم کے رہنے والے

جو لوگ "حرم" کے علاقے میں رہتے ہیں وہ جب بھی چاہیں مکہ مکرمہ میں

(۱) انظر الی الحاشیة رقم: ۱، علی الصفحة رقم: ۲۲۶. (عن ابن عباس قال:)

(۱) ( وإن عجز صام ثلاثة أيّام ) ولو متفرقة ( آخرها يوم عرفة ) ندبًا رجاء القدرة على الأصل فبعده لايجزيه . ( قوله : ولو متفرقة ) أشار إلى عدم لزوم التتابع ومثله فى السبعة ،وإلى أن التتابع أفضل فيهما ) . ( وسبعة بعد ) تمام أيّام ( حجه ) فرضًا أو واجبًا وهو بمعنى أيّام التشريق (أين شاء) لكن أيّام التشريق لاتجزيه لقوله تعالىٰ : ﴿ وسبعة إذا رجعتم ﴾ أى فرغتم من أفعال الحج ، فعم من وطنهٖ منًى أو اتخذها موطنا ( فإن فاتت الثلاثة تعين الدم ) فلو لم يقدر تحلل وعليه دمان ، ولو قدر عليه فى أيّام النحر قبل الحلق بطل صومه . ( قوله : وعليه دمان ) أى دم التمتّع ودم التّحلل قبل أوانهٖ ، بحر عن الهداية . ( و قوله : ولو قدر عليه ) …… بخلاف ما لو قدر على الهدى=

## دم شکر میں دم جبر کی نیت کرنا

کسی نے حج تمتع یا حج قران کی قربانی کے لئے دم شکر کی رقم بینک میں جمع کرائی اور بینک کو اس کا وکیل بنایا، پھر اس کو معلوم ہوا کہ رمی، قربانی اور حلق میں ترتیب ضروری ہے، جب کہ بینک میں اس کا خیال نہیں رکھا جاتا، لہٰذا اس نے قربانی کے لئے دوسری بکری خرید لی، اور جس بکری کا بینک کو وکیل بنایا تھا اس میں اپنے ذمہ میں آنے والے واجب دم جبر کی طرف سے قربانی کرنے کی نیت کرلی ہے تو یہ نیت بدلنا صحیح ہے اس لئے کہ قربانی کے سلسلہ میں مالدار اپنے غیر کو قائم مقام کرسکتا ہے اور اس تبدیلی کی اطلاع وکیل کو دینی ضروری نہیں اور یہاں موکل کی نیت کا اعتبار ہوتا ہے وکیل کی نیت کا اعتبار نہیں ہوتا۔(۱)

---

= بعد الحلق أو قبله لكن بعد أيّام النحر ...... ( الدر مع الرد : ( ۲/۵۳۳ ) كتاب الحج، باب القران ، ط: سعيد )

غنية الناسک : ( ص: ۲۰۷ ، ۲۰۸ ، ۲۰۹ ) باب القران ، فصل : فی بدل الهدى ، ط: إدارة القرآن .

البحر الرائق : ( ۲/۳۶۰ ، ۳۶۱ ) كتاب الحج ، باب القران ، ط: سعيد .

( ۱ ) ومنها أن تجزئ فيها النيابة فيجوز للإنسان أن يضحى بنفسهٖ وبغيرهٖ بإذنهٖ ؛ لأنها قربة تتعلّق بالمال فتجزئ فيها النيابة كأداء الزكاة و صدقة الفطر ...... حتى لو اشترٰى شأة للأضحية فجاء يوم النحر فاضجعها وشد قوائمها فجاء إنسان و ذبحها من غير أمره أجزأه استحسانا ...... وعلى هٰذا إذا غلط رجلان فذبح كل واحد منهما أضحية صاحبه عن نفسهٖ أنّه يجزئ كل واحد منهما أضحيته عنه استحسانًا ويأخذها من الذابح ، لما بينا أن كل واحد منهما يكون راضيًا بفعل صاحبهٖ فيكون مأذونًا فيه دلالة فيقع الذبح ونية صاحبه تقع لغوًا ...... ( بدائع الصنائع : (۵/۶۷ ) كتاب الأضحية ، فصل : وأمّا كيفية الوجوب فأنواع ، ط: سعيد )

رجل اشترٰى شاة للأضحية وأوجبها بلسانهٖ ثم اشترى أخرٰى جاز له بيع الأولىٰ فى قول أبى حنيفة و محمد رحمهما اللّٰه وإن كان الثانية شرًا من الأولىٰ وذبح الثانية فإنّه يتصدق بفضل ما بين القيمتين ...... قال بعض مشائخنا : هٰذا إذا كان الرجل فقيرًا ، فإن كان غنيًا فليس عليه أن يتصدق بفضل القيمة ، قال الإمام شمس الأئمة السرخسى : الصحيح أن الجواب فيهما على =



## دم قران کی استطاعت نہیں

''دم شکر کی استطاعت نہیں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۸۷)

## دم کا گوشت

☆ ''دم شکر'' کے علاوہ باقی دموں کا گوشت صرف فقراء اور مساکین کھا سکتے ہیں، مالدار نہیں کھا سکتے۔(۱)

☆ دم ادا ہونے کے لئے مسکینوں کا عدد شرط نہیں ہے، اگر ایک مسکین کو سارا گوشت ایک ہی دفعہ دے دیا جائے تب بھی جائز ہے۔(۲)

---

= السواء يلزمه التصدق بالفضل غنيًا كان أو فقيرًا ...... ولو اشترى الغنى أضحية فضلت فاشترٰى أخرٰى ثم وجد الأولىٰ فى أيّام النحر كان له أن يضحى بأيّتهما شاء . ( الهندية : (۵/۲۹۴ ) كتاب الأضحية ، الباب الثانى : فى وجوب الأضحية بالنذر وما هو فى معناه ، ط: رشيديه )

وهل تتعين الأضحية بالنيّة ؟ قالوا : إن كان فقيرًا وقد اشتراها بنيتها تعينت فليس له بيعها وإن كان غنيًا لم تتعين ، والصحيح أنّها تتعين مطلقًا فيتصدق بها الغنى بعد أيّامها حية ، ولكن له أن يقيم غيرها مقامها ...... قالوا : والهدايا كالضحايا ، قوله : والصحيح الخ ...... ذكر فى الشافى أنّه تتعين بالنّيّة ، وعند الجمهور : لا، إلاّ أن يقول بلسانهٖ علىَّ أن أضحى بها . ( الأشباه والنظائر مع شرح الحموى عليه : ( ۱/۵۲ ) الفن الأوّل : القواعد الكلية ، النوع الأوّل ، القاعدة الأولىٰ: لاثواب إلاّ بالنّيّة ، وأمّا الضحايا ...... ، ط: مكتبة علميه كوئٹه )

وفى الزكاة قالوا : المعتبر نية المؤكل ، فلو نواها ودفع الوكيل بلانية أجزأته ...... ( الأشباه والنظائر مع الحموى : ( ۱/۱۴۳ ) الفن الأوّل ، القواعد الكلّية ، تكميل فى النيابة فى النية ، ط: مكتبه علميه كوئٹه )

( ۱ ) ولا تجوز للمكفر أى مكفر الجنايات أن يأكل شيئًا من الدماء الواجبة عليه للجزاء إلّا دم القران والتمتّع والتطوع ...... ( إرشاد السارى : ( ص: ۵۷۰ ) باب جزاء الجنايات و كفّارتها، فصل : لايجوز أن يأكل شيئًا من الدماء الواجبة عليه للجزاء ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة )

الدر مع الرد : ( ۲/۶۱۵ ، ۶۱۶ ) كتاب الحج ، باب الهدى ، ط: سعيد .

غنية الناسک : (ص: ۳۵۶ ) باب الهدايا ، فصل : فى أحكام الهدايا بعد الذبح وأحكام ذبحها ، ط: إدارة القرآن .

(۲) ولايشترط فى التصدق به عدد المساكين ، فلو تصدق به على فقير واحدٍ جاز . ( لباب مع إرشاد السارى : ( ص: ۵۵۸ ) باب فى جزاء الجنايات و كفاراتها ، فصل : فى أحكام الدماء وشرائط جوازها ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة ) =

☆ دم کا گوشت ہر فقیر کو دینا جائز ہے، حرم شریف کا فقیر ہونا شرط نہیں اور حرم میں صدقہ کرنا بھی شرط نہیں، اس لئے اگر حرم سے نکل کر فقراء کو دے دیا تو بھی جائز ہے صرف حرم میں ذبح کرنا شرط ہے، البتہ حرم کے فقراء کو دینا افضل ہے، لیکن اگر دوسرے فقراء حرم کے فقراء سے زیادہ محتاج ہوں تو پھر ان کو دینا افضل ہے۔(۱)

## دم کا لفظ

دم کے لفظ سے مراد حرم کے حدود میں بکرا، بھیڑ، دنبہ ذبح کرنا یا گائے یا اونٹ میں سے ساتواں حصہ مراد ہوتا ہے، بشرطیکہ ان تمام جانوروں میں قربانی صحیح ہونے کی شرائط موجود ہوں۔(۲)

---

= غنية الناسک : ( ص: ۲۶۳ ) باب الجنايات ، فصل : فی شرائط كفاراتها الثلاث ، مطلب : فی شرائط جواز الدم ، ط: إدارة القرآن .

(۱) وخصّ الكل بالحرم لا بفقيره ، فلو أخرجه من الحرم بعد ذبحه فيه فتصدق به على فقراء الحرم أو غيرهم جاز ، لكنهم أفضل إلاّ أن يكون غيرهم أحوج . ( غنية الناسک : (ص: ۳۵۸) باب الهدايا ، فصل : فی أحكام الهدايا بعد الذبح وأحكام ذبحها ، ط: إدارة القرآن )

الدر مع الرد : ( ۲/۶۱۶ ) كتاب الحج ، باب الهدايا ، ط: سعيد .

الهندية : ( ۱/۲۶۲ ) كتاب المناسک ، الباب السادس عشر فی الهدى ، ط: رشيديه .

(۲) اعلم أنّ حيثما اطلق الدم ...... فالمراد الشاة وهی تجزی فی كل موضع ...... الاّ فی موضعين ......وأمّا شرائط جواز الدّماء ...... فالأوّل منها : أن يكون الهدى ثنيا ...... فمافوقه ...... الثانی أن يكون ...... سالمًا من العيوب ...... والثالث : ذبحه فی الحرم ...... والخامس : أن يكون من النعم المذكورة من الشاه والبعير والبقر فلايجوز نحو الدجاجة خلافًا لمايتوهّمه العامة . (إرشاد الساری : (ص: ۵۵۳ ، ۵۵۴ ، ۵۵۵ ) باب فی جزاء الجنايات و كفاراتها ، فصل : فی أحكام الدماء و شرائط جوازها ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة )

غنية الناسک : (ص: ۲۶۲ ) باب الجنايات ، فصل : فی شرائط كفاراتها الثلاث ، مطلب فی شرائط جواز الدم ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : ( ۲/۵۴۳ ) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .



## دم کہاں ادا کیا جائے

☆ حج اور عمرہ کے سلسلہ میں جو دم واجب ہوتا ہے، اس کا حرم کی حدود میں ذبح کرنا ضروری ہے، حدود حرم سے باہر کسی اور جگہ ذبح کرنا درست نہیں۔

☆ اگر کسی آدمی پر دم واجب ہوا اور اس کو حرم کی حدود میں ذبح کرنے سے پہلے اپنے وطن آ گیا تو کسی حاجی یا عمرہ کرنے والے یا جاننے والے کے ذریعے اتنی رقم بھیج دے، یاد رہے کہ اس دم کا گوشت صرف فقراء اور مساکین کھا سکتے ہیں، مالدار لوگ نہیں کھا سکتے۔(۱)

## دم کی قیمت دینا

☆ دم کے بدلہ میں قیمت دینا جائز نہیں البتہ اگر کسی نے اپنے دم سے کھا لیا کہ جس سے کھانا جائز نہیں تھا یا اس کو تلف کر دیا تو اس کھائے ہوئے اور تلف کئے ہوئے کی قیمت کا صدقہ کرنا واجب ہے۔(۲)

---

(۱) ويختص جواز ذبحهٖ بالمكان هو الحرم فلايجوز ذبحه فی غيره أصلاً . ( إرشاد الساری : (ص: ۳۶۹ ) باب القران ، فصل : فی هدى القارن والمتمتّع ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة )

وأيضًا فيه : ولو ذبح شيئًا من الدماء الواجبة أی كدم القران والتمتّع والنذر فی الحج والعمرة أی مجتمعين أو منفردين خارج الحرم أی عن أرضهٖ المحدودة المعلومة من كل ناحية بالعلم لم يسقط عنه أی ذٰلک الدم و عليه ذبح آخر أی بدلاً عمّا تقدّم وهٰذا متّفق عليه بين أصحابنا . ( إرشاد الساری : (ص: ۵۰۶ ) باب الجنايات وأنوعها ، النوع الخامس ، الجنايات فی أفعال الحج ، فصل : فی الجناية فی الذبح والحلق ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة )

غنية الناسک : (ص: ۲۷۹ ) باب الجنايات ، الفصل السابع : فی ترک الواجب فی أفعال الحج ...... المطلب التاسع فی ترک الواجب فی الذبح والحلق ، ط:إدارة القرآن .

الدر مع الرد : ( ۲/۶۱۶ ) كتاب الحج ، باب الهدى ، ط: سعيد .

(۲) ولايجوز عن الدم أی بدلاً عنه أداء القيمة أی صرف قيمتهٖ ولو حيًّا إلاّ إذا أكل أو أتلف مما لايجوز أی له الأكل منه ، فعليه قيمته أی حينئذٍ يتصدق بها أی على الفقراء . ( إرشاد الساری: (ص: ۵۵۸ ) باب فی جزاء الجنايات و كفارتها ، فصل فی أحكام الدماء وشرائط جوازها ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة) =

☆ دم شکر کا گوشت خود کھا سکتا ہے باقی دموں کا گوشت خود نہیں کھا سکتا۔(۱)

## دم کے احکام

''حج کی قربانی کے احکام'' عنوان کو دیکھیں۔(۱۹٤/۲)

## دم کے جانور ذبح کرنے کے لئے وقت کی پابندی ہے یا نہیں

قران اور تمتع کے ''دم شکر'' اور عید الاضحیٰ کی قربانی کے علاوہ کسی اور دم کے ذبح کرنے کے لئے وقت کی کوئی پابندی نہیں ہے، لیکن ذبح بہر حال حرم کی حدود میں ضروری ہے، اور عید الاضحیٰ کی قربانی حرم کی حدود میں کرنا ضروری نہیں، باقی منی میں کرنا سنت ہے، البتہ نذر کی قربانی ہو اور اُسے حدود حرم میں ذبح کرنے کی نذر نہ مانی ہو، تو اس کو حرم میں ذبح کرنے کی پابندی نہیں ہے۔(۲)

---

= غنیة الناسک : (ص: ۲٦۳) باب الجنايات ، فص؛ فی شرائط كفاراتها الثلاث ، مطلب فی شرائط جواز الدم ، ط: إدارة القرآن .

شامی : (۲۸٦/۲) كتاب الزكاة ، باب زكاة الغنم ، ط: سعيد.

(۱) ولایجوز للمكفر أی مكفر الجنايات أن يأكل من الدماء الواجبة عليه للجزاء إلاّ دم القرآن والتمتّع ...... (إرشاد الساری : (ص: ۵۷۰) باب فی جزاء الجنايات و كفارتها ، فصل : لايجوز أن يأكل شيئًا من الدماء الواجبة عليه للجزاء ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۲۵٦) باب الهدايا ، فصل فی أحكام الهدايا بعد الذبح ، وأحكام ذبحها ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۲/۲۱۵ ، ۲۱٦) كتاب الحج ، باب الهدی ، ط: سعيد .

(۲) وخصّ ذبح هدی المتعة والقران فقط بيوم النحر . والمراد به وقت النحر وهو الأيّام الثلاثة بليلتها المتوسطتين إلا أنّه كره الذبح ليلاً فلايجوز قبلها ولو ذبحه بعدها أجزأه إلاّ أنّه تارک للواجب عند الإمام ، ويجوز ذبح بقية الهدايا وهی هدی الكفارات والنذر و الإحصار والتطوع فی أیّ وقت شاء إلاّ أنّ ذبحه فی أيّام النحر أفضل إجماعًا ، وخص الكل بالحرم لا بفقيره ...... (غنیة الناسک : (ص: ۳۵۸) باب الهدايا ، فصل : فی أحكام الهدايا بعد الذبح ، وأحكام ذبحها ، ط: إدارة القرآن)

الدر مع الرد : (۲/۲۱٦) كتاب الحج ، باب الهدی ، ط: سعيد .

الهندية : (۱/۲٦۱) كتاب المناسک ، الباب السادس عشر فی الهدی ، ط: رشيديه .

ووقت الأضحية ثلاثة أيّام: العاشر والحادی عشر، والثانی عشر، أوّلها أفضل وآخرها أدونها، =



## دوا سے بال صاف کرنا

اگر احرام سے نکلنے کے لئے دوا یا صابن وغیرہ سے سر کے بال کو ختم کردے تب بھی کافی ہے، احرام سے نکل جائے گا۔(۱)

## دوائی سے حیض روکنے کے بعد عمرہ کرلیا پھر خون جاری ہوا

مثلاً ایک عورت نے حیض کے ایام میں دو تین خون کے قطرے دیکھے اور پھر حیض روکنے والی دوائی کھا کر پاک ہوگئی اور غسل کر کے عمرہ کرلیا اور دس دن پورے ہونے سے پہلے پھر خون دیکھا، تو یہ حیض کی حالت میں عمرہ شمار ہوگا، دواء کی وجہ سے حکم میں کوئی فرق نہیں آئے گا بلکہ یہ مسلسل خون آنے کے حکم میں ہوگا، اس لئے پاک ہونے کے بعد عمرہ دوبارہ کرے، اور اگر عمرہ دوبارہ نہیں کیا تو حرم کی حدود میں ایک

---

= ويجوز فی نهارها و ليلها بعد طلوع الفجر من يوم النحر إلى غروب الشمس من يوم الثانی عشر. (فتح القدير : (۸/٤۳۲) كتاب الأضحية ل ط: رشيديه)

الهندية : (۵/۲۹۵) كتاب الأضحية ، الباب الثالث فی وقت الأضحية ، ط: رشيديه .

البحر الرائق : (۸/۱۷۵) كتاب الأضحية ، ط: سعيد .

البدنة إذا أوجبها بالنذر فإنّه ينحرها حيث شاء إلاّ إذا نوىٰ أن ينحر بمكّة فلايجوز نحرها إلّا بمكّة . (الهندية : (۱/۲٦۲) كتاب المناسک ، الباب السادس عشر فی الهدی ، ط: رشيديه)

إرشاد الساری : (ص: ٦۷۱) باب الهدی ، فصل : فی وجوب الهدی بالنذر به ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

غنیة الناسک : (ص: ۳۵٤) باب الهدايا ، فصل : فی إيجاب الهدی بالنذر ، ط: إدارة القرآن .

(۱) ويستحب الحلق بالموسٰى ، ولو أزال الشعرة بالنورة ، أو الحرق ، أو النتف بيده ، أو أسنانه بفعله أو بفعل غيره أجزأ عن الحلق . (غنیة الناسک : (ص: ۱۷٤) باب مناسک منٰی يوم النحر ، فصل : فی الحلق ، ط: إدارة القرآن)

الهندية : (۱/۲۳۱) كتاب المناسک ، الباب الخامس فی كيفية أداء الحج ،ط : رشيديه.

إرشاد الساری : (ص: ۳۲٤) باب مناسک منٰی ، فصل : فی الحلق والتقصير ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

دم دینا لازم ہوگا۔(۱)

## دودھ شریک بھائی

دودھ شریک بھائی محرم ہے، اگر فتنہ اور شہوت کا اندیشہ نہیں ہے تو اس کے ساتھ سفر کرنا اور حج یا عمرہ پر جانا جائز ہوگا، موجودہ دور میں ایسے رشتہ داروں کے ساتھ سفر کرنے سے احتیاط کرنا بہتر ہے۔(۲)

## دودھ کے رشتہ دار

آج کل فتنہ کا زمانہ ہے، دودھ کے (رضاعی) رشتہ والے محرم کے ساتھ حج

---

(۱) اعلم أنّه لايشترط استمرار الدم فيها بحيث لاينقطع ساعة ؛ لأنّ ذٰلک لايكون الا نادرًا بل انقطاعه ساعة أو ساعتين فصاعدًا غير مبطل كذا فی المستصفٰی " بحر " أی لأنّ العبرة لأوّله وآخرہٖ . ( شامی : ( ۲۸۴/۱ ) كتاب الطهارة ، باب الحيض ، ط: سعيد )

🗀 الهندية : ( ۲۴۷/۱ ) كتاب المناسک ، الباب الثامن فی الجنايات ، الفصل الخامس فی الطواف والسعی ، ط: رشيديه .

🗀 شامی : ( ۵۵۱/۲ ) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

🗀 البحر الرائق : ( ۲۲/۳ ) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

🗀 ولو انقطع دمها أی دم الحائض بدواء أولا أی لابدواء أو لم ينقطع أی بالكلية فاغتسلت أولا أی أوماغتسلت و طافت ثم عاد دمها فی أيّام عادتها يصح طوافها ولزمها بدنة و كانت عاصية أی من وجهين : لدخول المسجد ونفس الطواف وعليها أن تعيده طاهرة أی من الحدثين فإن أعادته سقط ما وجب أی من البدنة وعليها التوبة من جهة المعصية ولو مع البدنة . (إرشاد الساری : (ص: ۴۹۶ ) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : فی الجنايات فی أفعال الحج ، فصل : فی طواف الزيارة للحائض ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة )

(۲) والمحرم من لايجوز مناكحتها على التأبيد بقرابة أو رضاعٍ أو مصاهرةٍ بنكاح فاسد أو سفاح على الأصح ...... ونقل أبو السعود رحمه اللّٰه تعالى عن البزازية : لاتسافر بأخيها رضاعًا فی زماننا ، قال فی رد المحتار : أی لفساد الزمان . ( غنية الناسک : (ص: ۲۷ ) باب شرائط الحج، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، ط: إدارة القرآن.

🗀 إرشاد الساری : (ص: ۷۶ ) باب شرائط الحج ، النوع الثانی : شرائط الأداء ، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة .

🗀 شامی : (۴۶۴/۲ ) كتاب الحج ، ط: سعيد .



کے سفر کرنے سے بھی احتیاط کی ضرورت ہے، اس لئے ان لوگوں کے ساتھ حج نہ کیا جائے۔(۱)

## دور اور قریب کی مقدار رمی میں

''کنکری شیطان سے دور گرنے کی مقدار'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۲۵/۳)

## دو رکعت نماز طواف کے بعد

''طواف کے بعد دو رکعت'' کے عنوان کو دیکھیں۔(۱۱۷/۳)

## دو رکعت واجب الطّواف کے بغیر دوسرا طواف شروع کردیا

''دو نفل بھول کر دوسرا طواف شروع کردیا'' عنوان کو دیکھیں۔(۲۷۱/٤)

## دوست کی والدہ

دوست کی والدہ محرم نہیں اس لئے اس کو حج اور عمرہ کے لئے ساتھ لے جانا جائز نہیں۔(۲)

## دوسروں کی طرف سے حج کرنے کا ثواب

دوسروں کی طرف سے حج کرنے کا ثواب بعض اعتبار سے اپنے حج کے ثواب سے بھی زیادہ ہے۔(۳)

---

(۱) انظر الحاشية السابقة رقم : ۲ ، على الصفحة السابقة ، رقم : ۲۰۵ .

(۲) والمحرم من لا يجوز له مناكحتها على التابيد لقرابة أو رضاع أو مصاهرة بنكاح فاسدٍ على الأصح.

( غنية الناسک : (ص: ۲۷ ) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، ط: إدارة القرآن )

🗀 شامی : ( ۴۶۴/۲ ) كتاب الحج ، ط: سعيد ،

🗀 الهندية : ( ۲۱۹/۱ ) كتاب المناسک ، الباب الأوّل : فی تفسير الحج و فرضيته و وقته و شرائطه ، ط: رشيديه .

(۳) ..............................

..............................

..............................

..............................

## دوسرے کی بیوی ظاہر کر کے حج کرنا

بعض دفعہ کسی عورت کا شوہر مثلا سعودی عرب میں رہتا ہے اور وہ اپنی بیوی کو حج کرانا چاہتا ہے لیکن کسی قانونی پیچیدگی کی وجہ سے اپنے نام پر بلا نہیں سکتا اس لئے اپنے کسی ساتھی یا دوست کے نام نکاح نامہ بنا کر کاغذی کاروائی کر کے دوسرے کی بیوی ظاہر کر کے بلا لیتا ہیں، اور دوسرا آدمی ائر پورٹ جا کر سیکورٹی والوں کو اقامہ دکھا کر عورت کو لے کر آتا ہے، اس کے بعد عورت اصل شوہر کے پاس ہوتی ہے اور اس کے ساتھ حج بھی کر لیتی ہے تو اس صورت میں حج تو ادا ہو جائے گا لیکن محرم کے بغیر جہاز کا سفر کرنے کی وجہ سے گنہگار ہوگی، اور جعل سازی کی وجہ سے تینوں گنہگار ہوں گے اس لئے اس طرح غلط کاغذات بنا کر حج کے لئے جانا درست نہیں۔(۱)

## دوسرے کے پیسوں سے حج کرنا

دوسروں کے پیسوں سے حج کرنے سے فرض حج ادا ہو جائے گا، بشرطیکہ نفل حج ادا کرنے کی نیت نہ کی ہو۔(۲)

---

(۱) إن الإعانة على المعصية حرام مطلقًا بنص القرآن، أعنى قوله تعالىٰ: ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾. (أحكام القرآن للمفتى محمد شفيع رحمه اللّٰه: (۳/۷۴) سورة المائدة، رقم الآية: ۲، ط: إدارة القرآن)

أنّ رسول اللّٰه ﷺ قال: من حمل علينا السلاح فليس منّا ومن غشّنا فليس منّا. (الصحيح لمسلم: (۱/۹۵) كتاب الإيمان، باب قول النبيّ ﷺ من غشّنا فليس منّا، ط: رحمانيه)

ولو حجت بلا محرم أو زوج جاز حجها بالاتفاق، كما لو تكلّف رجل مسألة النّاس، وحج، ولكن مع الكراهة التحريمية للنهى. (غنية الناسک: (ص: ۲۹) باب شرائط الحج، فصل: وأمّا شرائط وجوب الأداء، الرابع: المحرم أو الزوج، ط: إدارة القرآن)

الجوهرة النيّرة: (۱/۱۸۱) كتاب الحج، ط: قديمى.

شامى: (۲/۴۶۵) كتاب الحج، ط: سعيد.

(۲) (قوله: للآفاقى) ...... [تنبيه] الفقير الآفاقى إذا وصل إلى ميقات فهو كالمكى ...... ويبغى أن يكون الغنى الآفاقى كذٰلک إذا عدم الركوب بعد وصوله إلى أحد المواقيت فالتقيد بالفقير =



## دوسرے کے پیسے سے حج کرنا

مالدار لوگ غریب لوگوں کو حج کراتے ہیں، اور پیسے کے سارے انتظامات کر دیتے ہیں، اور غریب لوگ حج کر کے آجاتے ہیں، ایسی صورت میں غریب لوگوں کا حج ادا ہو جائے گا، بعد میں مالدار ہونے کی صورت میں اپنے پیسے سے دوبارہ حج کرنا لازم نہیں ہوگا کیونکہ حج زندگی میں صرف ایک دفعہ کرنا فرض ہوتا ہے، بار بار کرنا فرض نہیں ہوتا، البتہ ایسے لوگ حج کرتے وقت حج یا فرض حج کی نیت سے حج کریں نفل حج کی نیت سے حج نہ کریں ورنہ بعد میں صاحب استطاعت ہونے کی صورت میں دوبارہ فرض حج ادا کرنا لازم ہوگا۔(۱)

## دو میقات ہیں

''میقات دو ہیں'' عنوان کو دیکھیں۔(۴/۲۲۴)

---

= لظهور عجزهٖ من المركب، وليفيد أنّه يتعين عليه أن لاينوى نفلاً على زعم أنّه لايجب عليه لفقرهٖ؛ لأنّه كان واجبا وهو آفاقى، فلمّا صار كالمكى وجب عليه، فلو نواه نفلاً لزمه الحج ثانيًا.
(الدر مع الرد: (۲/۴۶۰) كتاب الحج، مطلب فيمن حج بمال حرام، تنبيه، ط: سعيد)

بدائع الصنائع: (۲/۱۲۰) كتاب الحج، فصل وأمّا شرائط، ط: سعيد.

خانية على هامش الهندية: (۱/۲۸۳) كتاب الحج، ومن شرائط الوجوب، ط: رشيديه.

غنية الناسک: (ص: ۱۸) فصل وأمّا شرائط الوجوب فسبعة على الأصح، السادس: الاستطاعة، ط: إدارة القرآن.

(۱) ولو تكلّف هؤلاء الحج بأنفسهم سقط عنهم بالاتفاق ...... كالفقير إذ احج ثم استغنىٰ وكذا كل من حج ممن لايجب عليه الحج فإنّه يقع عن حجة الإسلام إلّا الصبى والمجنون والعبد والكافر. (غنية الناسک: (ص: ۲۴) باب شرائط الحج، فصل: وأمّا شرائط الأداء، ط: إدارة القرآن)

الفقير الآفاقى إذ اوصل إلى ميقات فهو كالمكى ...... وليفيد أنّه يتعين عليه أن لاينوى نفلاً على زعم أنّه لا يجب عليه لفقرهٖ؛ لأنّه ماكان واجبًا وهو آفاقى فلما صار كالمكى وجب عليه فلو نواه نفلاً لزمه الحج ثانيًا. (الدر مع الرد: (۲/۴۶۰) كتاب الحج، ط: سعيد)

إرشاد السارى: (ص: ۵۶) باب شرائط الحج، النوع الأوّل: شرائط الوجوب، السادس: الاستطاعة، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

## دھاگہ

احرام کی چادر اور تہبند کو دھاگہ سے باندھنا مکروہ ہے۔(۱)

## دھکا دینا طواف کے دوران

''طواف کے دوران ایذاءرسانی'' عنوان کو دیکھیں۔(۳/ ۱۲۱)

## دھونی دیا ہوا کپڑا

احرام باندھنے کے بعد دھونی دیا ہوا کپڑا پہننا مکروہ ہے، البتہ اس سے دم یا صدقہ میں سے کوئی چیز لازم نہیں ہوگی۔(۲)

## دھونی والا مکان

احرام کی حالت میں ایسے مکان میں داخل ہوا جس میں کسی چیز کی دھونی دی

---

(۱) والأصل : أن لايكون فيه خياطة أصلاً ، وإن زر أحدهما أو خلله بخلالٍ ، أو ميله أو عقده بأن ربط طرفه الآخر أو شدّه بحبل ونحوهٖ أساء ولاشيئ عليه . ( غنية الناسک : (ص: ۷۱) باب الإحرام ، فصل : فيما ينبغي لمريد الإحرام من كمال التنظيف والغسل ، ط: إدارة القرآن )

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۱۶۹ ، ۱۷۰ ) باب الإحرام ، فصل فى مكروهات الإحرام ،ط : الإمدادية مكّة المكرّمة .

🗁 الدر المختارمع الرد : (۲/ ۴۸۱ ) كتاب الحج ، فصل : فى الإحرام ،ط : سعيد .

(۲) ولبس الثوب المبخر ...... وكذا لو أجمر أى ثوبه بطيب تبقى رائحته بعد الإحرام ...... (إرشادا السارى : (ص: ۱۷۰ ) باب الإحرام ، فصل : فى مكروهات الإحرام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة )

🗁 غنية الناسک : (ص: ۹۱ ) باب الإحرام ، فصل فى مكروهات الإحرام ومحظوراته الّتى لاجزاء فيها سوى الكراهة ، ط: إدارة القرآن .

🗁 التاتارخانية : ( ۲/ ۵۰۶ ) كتاب المناسک ، الفصل الخامس فيما يحرم على المحرم ومالا يحرم ، نوع منه فى الدهن والتطييب والخضاب ، ط: إدارة القرآن .

🗁 و قالوا : لو لبس إزاراً مبخّرًا لاشيئ عليه ؛ لأنّه ليس بمستعمل لجزء من الطيب وإنّما حصل مجرد الرائحة ومن ثم قال فى الخانية : لو دخل بيتًا قد بخر فيه واتّصل بثوبهٖ شيئ منه لم يكن عليه شيئ ، نهر . (شامى : (۲/ ۴۸۷ ) كتاب الحج ، فصل فى الإحرام ، مطلب : فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم ، ط: سعيد )



گئی تھی، اور احرام والے کپڑوں میں خوشبو آنے لگی اور خوشبو کپڑوں کو بالکل نہیں لگی تو دم اور صدقہ میں سے کوئی بھی چیز واجب نہیں ہوگی۔(۱)

## دینی بھائی کے ساتھ حج پر جانا

عورتوں کے لئے محرم کے بغیر حج کا سفر کرنا جائز نہیں ہے۔
حقیقی محرم نہ ہونے کی صورت میں کسی مسلمان کو دینی بھائی کہہ کر اس کے ساتھ حج کا سفر کرنا جائز نہیں۔(۲)

## دیور

''دیور'' محرم نہیں، اس کے ساتھ حج یا عمرہ یا کسی سفر میں جانا جائز نہیں ہے۔(۳)

---

(۱) ولو دخل بيتًا قد أبخر فيه واتصل بثوبهٖ شيئ من ذٰلک لا شيئ عليه . (التاتارخانيه : (۲/ ۵۰۶) كتاب المناسک ، الفصل الخامس فيما يحرم على المحرم ومالايحرم ، نوع منه فى الدهن والتطييب والخضاب ، ط: إدارة القرآن )

🗁 غنية الناسک : (ص: ۹۱ ) باب الإحرام ، فصل فى مكروهات الإحرام ومحظوراته الّتى لاجزاء فيها سوى الكراهة ، ط: إدارة القرآن .

🗁 (إرشادا السارى : (ص: ۱۷۰ ) باب الإحرام ، فصل : فى مكروهات الإحرام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة )

🗁 ( شامى : (۲/ ۴۸۷ ) كتاب الحج ، فصل فى الإحرام ، مطلب : فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم ، ط: سعيد )

(۲) وأمّا الّذى يخص النّساء فشرطان : أحدهما : أن يكون معها زوجها أو محرم لها ...... ولنا ما روى عن ابن عبّاس رضى اللّٰه عنه عن النبىّ ﷺ أنّه قال : ألا لاتحجنّ امرأة إلاّ ومعها محرم ، وعن النّبىّ ﷺ أنّه قال : لاتسافر امرأة ثلاثة أيّام إلاً ومعها محرم أو زوج . ( بدائع الصنائع : (۲/ ۱۲۳ ) كتاب الحج ، فصل : وأمّا شرائط فرضيته فنوعان ، ط: سعيد )

🗁 شامى : ( ۲/ ۴۶۴ ) كتاب الحج ، ط:سعيد .

🗁 الهندية : ( ۱/ ۱۱۸ ، ۱۱۹ ) كتاب المناسک ، الباب الأوّل ، فى تفسير الحج ، ط: رشيديه .

(۳) والمحرم فى حق المرأة شرط ، شابة كانت أو عجوزًا إذا كانت بينها و بين مكّة مسيرة ثلاثة أيّام ...... والمحرم : الزوج ، ومن لايجوز مناكحتها على التأبيد برضاع أو صهرية . وفى الخانية: أو رحم ...... (التاتارخانية : ( ۲/ ۴۳۴ ) كتاب المناسک ، الفصل الأوّل فى بيان شرائط الوجوب ، ط: إدارة القرآن ) =

ڈ

## ڈاڑھ نکالنا

احرام کی حالت میں ڈاڑھ نکالنا جائز ہے، اس سے دم وغیرہ لازم نہیں ہوتا۔

## ڈاڑھی

☆اگر احرام کی حالت میں وضو کرتے وقت یا کسی اور طرح داڑھی کے تین بال گر گئے تو ایک مٹھی گندم یا اس کی قیمت صدقہ کردے، اور اگر خود اکھاڑے تو ہر ایک بال کے بدلے میں ایک مٹھی گندم یا اس کی قیمت صدقہ کردے، اگر تین بال سے زائد اکھاڑے تو صدقۂ فطر کی مقدار گندم یا اس کی قیمت صدقہ کردے۔(۱)

☆احرام کی حالت میں وضو کرتے وقت داڑھی کا خلال کرنا مکروہ ہے، اگر کرے تو اس طرح کرے کہ بال نہ گریں۔(۲)

---

= شامی : (۲/۴۶۴) کتاب الحج ، ط: سعید .

غنیة الناسک : (ص: ۲۷) باب شرائط وجوب الأداء ، ط: إدارة القرآن .

عن عقبة بن عامر قال : قال رسول اللّٰه ﷺ : إیّاکم والدخول علی النّساء فقال رجل : یا رسول اللّٰه ! أریت الحمو؟ قال : الحمو الموت . متفق علیه . ( مشکوٰة المصابیح : ( ص: ۲۶۸) کتاب النکاح ، باب النظر إلی المخطوبة و بیان العورات ، الفصل الأوّل ، ط: قدیمی )

( ۱ ) وإن نتف من رأسه أو أنفهٖ أو لحیتهٖ ثلاث شعرات ، ففی کل شعر کف من طعام ، وفی خصلة نصف صاعٍ ، فتبیّن أنّ نصف الصاع إنّما هو فی الزائد علی الشعرات الثلاث ، أمّا إذا لم یزد تصدق لکل شعرة بکف من طعام ، هٰذا إذا سقط بفعل محظور الإحرام ، کالنتف ، أمّا إذا سقط بفعل المأمور به کالوضوء ، ففی ثلاث شعرات کف واحد من طعام . ( غنیة الناسک : (ص: ۲۵۶ ) باب الجنایات ، الفصل الارابع : فی الحلق و إزالة الشعر ، ط: إدارة القرآن )

التاتارخانیة : ( ۲/ ۵۰۱ ، ۵۰۲ ) کتاب المناسک ، الفصل الخامس : فیما یحرم علی المحرم ومالایحرم ، نوع آخر منه : فی حلق الشعر ، و قلم الأظفافیر ، ط: إدارة القرآن .

الهندیة : ( ۱/ ۲۴۳ ) کتاب المناسک ، الباب الثامن فی الجنایات ، الفصل الثالث : فی حلق الشعر و قلم الأظفار ،ط : رشیدیه .

(۲) وحک سائر بدنهٖ حکا شدیدًا إن خاف سقوط شعرة أو قملة ، وإلا فلا بأس بهٖ ، وإذا حک رأسه یحکه برفق ، وعن أبی حنیفة یحکه ببطون الأصابع کیلا یؤذی شیئًا من هوام رأسه ولا یتناثر =



☆بعض لوگوں میں یہ بات مشہور ہے کہ احرام کی حالت میں سر اور داڑھی کے بال جتنے گریں گے اتنی قربانیاں کرنے کی ضرورت ہوگی، یہ بات غلط ہے، دم لازم نہیں ہوتا البتہ صدقہ کرنا لازم ہوتا ہے۔(۱)

☆ہر طرف سے ایک مٹھی داڑھی رکھنا نبی کریم ﷺ بلکہ تمام انبیاء کرام کی سنت ہے، ایک مٹھی سے پہلے کاٹنا کبیرہ گناہ ہے۔(۲)

☆مسجد نبوی ﷺ کی حاضری میں بھی گناہوں سے پاک رہنے کی کوشش کرنی چاہیئے، بعض لوگ خوب داڑھی منڈا کر روضۂ اطہر پر حاضری دیتے ہیں، اور

---

= شعره . ( غنیة الناسک : (ص: ۹۰ ) باب الإحرام ، فصل فی مکروهات الإحرام ، ومحظوراته الّتی لاجزاء فیها سوی الکراهة ، ط: إدارة القرآن )

التاتارخانیة : ( ۲/ ۵۰۱ ) کتاب المناسک ، الفصل الخامس : فیما یحرم علی المحرم ومالایحرم ، نوع منه فی حلق الشعر ، وقلم الأظافیر ، ط: إدارة القرآن .

إرشاد الساری : (ص: ۱۶۹ ) باب الإحرام ، فصل فی مکروهاته ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

( ۱ ) انظر الحاشیة ، رقم : ۴ ، علی الصفحة السابقة ، رقم : ۲۰۸ .

(۲) عن النبیّ ﷺ قال : أحفوا الشوارب واعفوا اللحی ...... عن عائشة رضی اللّٰه عنها قالت : قال رسول اللّٰه ﷺ : عشرة من الفطرة : قص الشارب ، وإعفاء اللحیة الحدیث : (الصحیح لمسلم : ( ۱/ ۱۶۲ ) کتاب الطهارة ، باب خصال الفطرة ، ط : رحمانیه )

صحیح البخاری : ( ۲/ ۸۷۵ ) کتاب اللباس ، باب إعفاء اللحٰی ، ط: قدیمی .

مرقاة المفاتیح : (۲/ ۹۱ ) کتاب الطهارة ، باب السواک ، الفصل الأوّل ، ط: رشیدیه .

قال محمد رحمه اللّٰه تعالیٰ : عن ابن عمر رضی اللّٰه عنهما : أنّه کان یقبض علی لحیته ، ثم یقص ما تحت القبضة ، قال محمد : وبه نأخذ وهو قول أبی حنیفة . ( کتاب الآثار (ص: ۱۹۸ ) باب حف الشعر من الوجه ، ط: إدارة القرآن )

وأمّا الأخذ منها ( أی من اللحیة ) وهی دون ذٰلک أی دون القبضة ، کما یفعله بعض المغابرة ومخنثة الرجال ، فلم یبحه أحدٌ ، وأخذ کلها فعل یهود الهند ، و مجوس الأعاجم ، فتح . ( الدر مع الرد : ( ۲/ ۴۱۸ ) کتاب الصوم ، مطلب فی الأخذ من اللحیة ، وفیه أیضًا : (۶/ ۴۰۷) کتاب الحظر والإباحة ، فصل فی البیع ، ط: سعید )

فتح القدیر : ( ۲/ ۲۷۰ ) کتاب الصوم ، باب مایوجب القضاء والکفارة ، قبیل فصل : ومن کان مریضًا فی رمضان ...... ط: رشیدیه .

ان کو ذرا بھی شرم نہیں آتی کہ وہ آنحضرت ﷺ سے محبت کا دعوی کرتے ہیں، مگر شکل آپ ﷺ کے دشمنوں جیسی بناتے ہیں۔(۱)

☆ حج اور عمرہ کے دوران بھی اپنے آپ کو گناہوں اور غلطیوں سے پاک رکھنا چاہیے ورنہ حج اور عمرہ کا پورا پورا ثواب نہیں ملے گا۔(۲)

## ڈاڑھی حلق یا قصر سے پہلے کاٹ لی

اگر عمرہ کرنے والے نے طواف اور سعی کے بعد حلق یا قصر سے پہلے ڈاڑھی کاٹ لی تو حرم کی حدود میں دم دینا لازم ہوگا۔(۳)

---

(۱) فإذا عزم على الزيارة أى قصدها ، فعليه أن يخلص نيته ويجرّد عزمه أى طويته من رادة الرياء والسمعة وقصد المبهات والفرجة ومن علاماتها الدالة ،عليها : أن لايترک شيئًا مما يلزمه من الفرائض والسنن ، وإلاّ فلايحصل له من الزيارة إلّا التعب والخسارة ، بل يوجب التوبة والكفارة . ( إرشاد السارى: (ص: ۷۰۸ ) باب زيارة سيد المرسلين ﷺ ، فصل فى آداب التوجه والسفر للزيارة ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة )

(۲) فعلى هٰذا يخرج الحج من أن يكون مبرورًا بارتكاب الجناية عمدًا مرّة بعد أخرىٰ ، وإن كفر عنها صاحبها ...... ومن فعل شيئًا مما يحكم بتحريمه ، فقد أخرجه عن أن يكون مبرورًا . (منحة الخالق على هامش البحر : (۱۳/۳ ) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد )

🗀 إلاّ أن الحج المبرور على ما نقله العسقلانى عن ابن خالويه : المقبول ، وهو كما لو ترىٰ أمره مجهول ، وقال غيره : هو الّذى لايخالطه شيئ من المعاصى ، ورجحه النووى ، وهٰذا هو الأقرب وإلى قواعد الفقه أنسب . ( حاشية إرشاد السارى : ( ص: ٦٨٥ ) باب المتفرّقات ، مسئلة : الحج يهدم ما كان قبله من الصغائر . ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة )

🗀 فتح البارى : (ص: ۳۸۲/۳ ) كتاب الحج ، باب فضل الحج المبرور ، ط: دار المعرفة بيروت .

(۳) وفى البدائع : لو وجب عليه الحلق أو التقصير ، فغسل رأسه بالخطمى مقام الحلق ، لايقوم مقامه و عليه الدم ، لغسل رأسه بالخطمى وليس للمحرم أن يقصّ أظافيره قبل الحلق ، وكذا فى منسک الكرمانى . ( البحر العميق : ( ۱۷۹۰/۳ ) الباب الثانى عشر : فى الأعمال المشروعة يوم النحر ، الحلق ، ط: مؤسسة الرّيان ، المكتبة المكيّة )

🗀 ولو قصّ أظفاره أو شاربه أو لحيته أو طيب قبل الحلق فعليه موجب جنايته . ( إرشاد السارى: ( ص: ۳۲۲ ) باب مناسک منىٰ ، فصل : فى الحلق والتقصير ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة )

🗀 غنية الناسک : (ص: ۱۷۴ ) باب مناسک منىٰ يوم النحر ، فصل : فى الحلق ، ط: إدارة القرآن .



## ڈاڑھی کے بال

احرام کی حالت میں چوتھائی داڑھی یا اس سے زیادہ کے بال منڈوائے یا کتروائے یا کسی اور چیز کے ذریعہ دور کرے یا اکھاڑے خواہ اختیار سے ہو یا بلا اختیار ہر حال میں دم دینا لازم ہوگا۔(۱)

## ڈرافٹ پر زیادہ رقم لینا

پاکستان میں پہلے حج کے لئے ڈرافٹ جمع کرانے کی صورت میں قرعہ اندازی کے بغیر حج کے لئے بھیج دیا جاتا تھا، اور ڈرافٹ کے بغیر فارم جمع کرنے کی صورت میں جانا یقینی نہیں ہوتا تھا، اگر قرعہ اندازی میں نام نکل آیا تو جاسکتا تھا ورنہ نہیں اس لئے لوگ حج کے لئے ڈرافٹ خریدتے تھے، ڈرافٹ میں مثلا ایک لاکھ کی رقم لکھی ہوئی ہے منگوا کر دینے والے یا ڈرافٹ فروخت کرنے والے ایک لاکھ کی جگہ پر مثلا ایک لاکھ پانچ ہزار لیتے تھے حالانکہ ڈرافٹ میں بھی پاکستانی رقم لکھی ہے اور جو اس کے عوض میں وصول کر رہا ہے وہ بھی پاکستانی رقم ہے تو یہ کمی زیادتی سود ہونے کی وجہ سے ناجائز اور حرام ہے۔

البتہ جائز ہونے کی صورت یہ ہے کہ ایسے ڈرافٹ کو دوسری کرنسی کے عوض میں

---

(۱) فالواجب دم لو حلق ربع رأسه أو ربع لحيته فصاعدًا ، أو قصر ربع رأسه أو أكثر . (غنية الناسک : ( ص: ۲۵٦ ) باب الجنايات ، الفصل الرابع : فى الحلق وإزالة الشعر ،ط :إدارة القرآن )

🗀 إرشاد السارى : (ص: ۴٦۱ ) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الثالث : فى الحلق وإزالة الشعر ، و قلم الأظفار ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗀 الهندية : ( ۲۴۳/۱ ) كتاب المناسک ، الباب الثامن فى الجنايات ، الفصل الثالث ، فى حلق الشعر و قلم الأظفار ، ط: رشيديه .

لیا جائے مثلاً ڈالر، پونڈ، یورو یا ریال کے عوض میں لیا جائے تو اس صورت میں کرنسی کی جنس مختلف ہونے کی وجہ سے کمی زیادتی کی صورت میں کوئی گناہ نہیں ہوگا۔(۱)

اور اگر دوسری کرنسی کے عوض میں خریدنے کی کوئی صورت نہیں ہے تو پھر منگوانے کی صورت میں اس طرح معاہدہ کریں کہ ایک لاکھ کے ڈرافٹ کے عوض میں ایک لاکھ ہے البتہ منگوانے کی اجرت یا حق محنت کے طور پر مثلاً مزید پانچ ہزار دینے ہیں تو اس صورت میں گنجائش ہوجائے گی۔(واضح رہے کہ آج کل پاکستان میں ڈرافٹ کی صورت نہ ہونے کے برابر ہے)(۲)

---

(۱) عن عبادة بن الصامت قال: قال رسول اللّٰه ﷺ الذهب بالذهب، والفضة بالفضة، والبر بالبر، والشعير بالشعير، والتمر بالتمر، والملح بالملح، مثلاً بمثلٍ سواء بسواءٍ، يدًا بيدٍ، فإذا اختلف هٰذه الأصناف فبيعوا كيف شئتم إذا كان يدًا بيدٍ، رواه مسلم. (مشكوٰة المصابيح: (ص: ۲۴۴) باب الربوا، الفصل الأوّل، ط: قديمى)

🗁 أحدهما أن يكون الجنس بالجنس من غير أن يكون مع أحد الجنسين عرض مثل الذهب بالذهب والفضة بالفضة مفردين فإنّه لايجوز فيه خمسة أشياء: [۱] التفاضل، [۲] والنسية، [۳] والخيار، [۴] والجهالة، [۵] والافتراق قبل القبض ...... فإذا كان الجنسان مختلفين كالذهب بالفضة، والفضة بالذهب، فلاتجوز فيه ثلاثة أشياءٍ: [۱] النسية، [۲] والخيار، [۳]والافتراق قبل القبض، وأمّا إذا كان أحدهما أكثر من الآخر، جاز ذٰلک، وسواء كان مع أحدهما عرض أو لم يكن. (النتف فى الفتاوٰى: (ص: ۲۹۸، ۲۹۹) كتاب الصرف، ط: سعيد)

🗁 الهداية: (۳/ ۸۱) كتاب البيوع، باب الربٰو، ط: مكتبة شركت علمية، ملتان.

(۲) تصح الوكالة بأجر و بغير أجر؛ لأنّ النّبىّ ﷺ كان يبعث عماله لقبض الصدقات ويجعل لهم عمولة، ولهٰذا قال أبناء عمه: لو بعثتنا على هٰذه الصدقات، فنؤدى النّاس ونُصيب مايصيب النّاس، أى العمولة، ولأنّ الوكالة عقد جائز، لايجب على الوكيل القيام، فيجوز أخذ الأجرة فيها بخلاف الشهادة. (الفقه الإسلامى وأدلّته: (۵/ ۴۰۵۸) القسم الثالث: العقود أو التصرّفات المدنية المالية، الفصل التاسع :الوكالة، المبحث الأوّل: تعريف الوكالة ...... الوكالة بأجر، ط: رشيديه)



# ڈرائیور وغیرہ کے لئے احرام کے بغیر میقات سے تجاوز کرنا

☆ موجودہ دور میں ڈرائیور، تاجر، دفاتر میں کام کرنے والے، ٹیکسی چلانے والے، اور دیگر پیشہ ورانہ کام کرنے والے کبھی ہر روز، کبھی دوسرے تیسرے دن، اور بعض لوگوں کو ایک سے زائد مرتبہ حرم میں داخل ہونا پڑتا ہے، ایسی حالت میں اس طرح کے لوگوں کو ہر بار احرام عمرہ اور احرام کی پابندی بے حد مشکل اور دشوار ہے، اس لئے ان حضرات کے لئے احرام کے بغیر بھی حرم کے حدود میں داخل ہونے کی گنجائش ہوگی، دم دینا یا عمرہ کرنا لازم نہیں ہوگا، اگرچہ احرام باندھ کر آنا بہتر ہوگا۔(۱)

☆ اور جو لوگ روزانہ نہیں آتے کبھی کبھار آتے ہیں تو ان کے لئے احرام باندھ کر آنا لازم ہے۔(۲)

☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ میقات کے باہر سے لکڑیاں لانے والے اور عمال اور تجار اور کمانے والے جو بار بار جاتے آتے ہیں ان کے لئے احرام کے بغیر میقات سے گزرتے رہنے کی اجازت ہے، اس لئے کہ اگر ہر بار ان پر احرام کی پابندی لگائی جائے گی تو مشقت کا خطرہ ہے۔(۳)

---

(۱) قال أبو عمر: لا أعلم خلافا بين فقهاء الامصار فى الحطابين ومن يد من الاختلاف إلى مكة، ويكثره فى اليوم والليلة أنّهم لايأمرون بذٰلک لما عليهم فيه من المشقة. (عمدة القارى: (۷/ ۵۳۵) كتاب المناسک، أبوب العمرة، باب دخول الحرم و مكّة بغير إحرام، ط: دار الحديث ملتان)

🗁 من كان داخل الميقات له أن يدخل مكّة بغير إحرام لحاجته لأنّه يكثر دخوله مكّة، وفى إيجاب الإحرام فى كل مرّة حرج بين. (الهداية: (۱/ ۴۳۴) كتاب الحج، فصل فى المواقيت، ط: مكتبة البشرٰى)

(۲) انظر الحاشية السابقة، رقم: ۱.

(۳) وأخرج ابن أبى شيبة فى مصنفهٖ: ثنا على بن هاشم، ووكيع عن طلحة، عن عطاء، عن ابن عباس رضى اللّٰه عنهما قال: لايدخل أحد مكّة الا بإحرام الا الحطابين، والعمالين، وأصحاب منافعها. (نخب الأفكار فى تنقيح مبانى الأخبار فى شرح شرح معانى الآثار للإمام بدر الدين محمود بن أحمد العينى الحنفى: (۱۳/ ۵۴۴، ۵۴۵، ۵۴۷، ۵۴۸)، كتاب مناسک الحج، [۱٦۸] من باب: دخول الحرم هل يصلح بغير إحرام؟، ط: دار اليسر، دار المنهاج، المدينة المنوّرة، حققه و خرج أحاديثه السيد أرشد المدنى) =

## ڈر یا وحشت ہوتو کیا پڑھے

’’خوف یا وحشت ہو‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲٦٤)

## ڈیپ ہیٹ(Deep Heat )

’’وکس‘‘عنوان کے تحت دیکھیں۔(٤/٣١٣)

---

= مصنف ابن أبی شيبة : ( ۲۲۷/۸ ) ، رقم الحديث : ۱۳۶۹۱ ، كتاب الحج ، باب من كره أن يدخل مكّة بغير إحرام ، ط: مؤسّسة علوم قرآن ، شركة دار القبلة ، و: (۲۱۱/۴) .

طحطاوی شریف من عطاء ( ۵۰۸/۱ ) كتاب مناسک الحج ، باب دخول الحرم هل يصلح بغير إحرام ، ط: سعيد .تلخيص الحبير فی تخريج الرافعی الكبير : (۴۶۴/۲ ) رقم الحديث : ۱۰۱۰ ، كتاب الحج ، باب دخول مكّة و بقية أعمال الحج ، ط: مؤسّسة قرطبة ،

للحطابين أی الّذين يحملون الحطب إلى مكّة للبيع ، قال أبو عمر ولا علم خلافه بين فقهاء الأمصار فی الحطا بين ومن بد من الاختلاف إلى مكّة ويكثره فی اليوم والليلة أنّهم لايومرون بذلك لما عليهم فيه من المشقة ، هٰذا ما اختصر من كلام العينی . ( حاشية الطحطاوی : (۵۰۸/۱) ط: سعيد)

( ۱ ) وذات عرق : بكسر العين وسكون الراء ، لجميع أهل المشرق و هی بين المشرق والمغرب من مكة ، قيل : وبينها و بين مكّة مرحلتان . ( البحر الرائق : (۳۱۷/۲ ) كتاب الحج، مواقيت الإحرام ، ط: سعيد )

إرشاد الساری : (ص: ۱۱۲ ) باب المواقيت ، فصل : فی مواقيت الصنف الأوّل ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

شامی : ( ۴۷۵/۲ ) كتاب الحج ، مطلب : فی المواقيت ، ط: سعيد .





ذ

## ذات عرق

مکہ مکرمہ کے مشرقی شمالی جانب مثلاً عراق وغیرہ کی طرف سے آنے والوں کے لئے’’ذات عرق‘‘ میقات ہے، یہ مکہ مکرمہ کے مشرقی شمالی جانب تقریباً پچاس میل کے فاصلے پر ہے۔(۱)

نقشہ یہ ہے:

# ذبح رمی سے پہلے کرلیا

''رمی سے پہلے ذبح کرلیا''عنوان کو دیکھیں۔(ر)

# ذوالحلیفہ

مکہ مکرمہ سے سیدھا شمال کی طرف مدینہ منورہ ہے، مدینہ منورہ کی طرف سے مکہ مکرمہ کی طرف آنے والوں کے لئے میقات ''ذوالحلیفہ'' ہے، آج کل اس کو''بئر علی'' یا''ابار علی'' کہتے ہیں، اور یہ مدینہ طیبہ سے مکہ مکرمہ کی طرف آتے ہوئے تقریباً چھ میل پر مکہ مکرمہ کے راستہ میں دائیں جانب ہے، اور یہاں ایک شاندار اور خوبصورت مسجد بنی ہوئی ہے اور وضو غسل ہر چیز کا بہترین انتظام ہے، یہاں سے مکہ مکرمہ تقریباً ڈھائی سو میل ہے۔(۱)

---

(۱) و " ذو الحليفة " بضم الحاء المهملة و بالفاء ، بينه و بين مكّة نحو عشر مراحل ، أو تسع ، وبينه وبين المدينة ستة أميالٍ ، كما ذكره النووى و قيل سبعة كما ذكره القاضى عياض ، ميقات أهل المدينة ، وهو أبعد المواقيت وبهٰذا المكان آبار تسميه العوام آبار على ...... . (البحر الرائق: ( ۲/۳۱۷ ) كتاب الحج ، مواقيت الإحرام ، ط : سعيد )

شامى : (۲/۴۷۴ ) كتاب الحج ، مطلب فى المواقيت ، ط: سعيد .

إرشاد السارى : (ص: ۱۱۰ ، ۱۱۱ ) باب المواقيت ، فصل : فى مواقيت الصنف الأوّل ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .



# رات منی سے باہر گزارنا

منی میں رات گزارنا سنت ہے، اس لئے بلا عذر منی سے باہر رات گزارنا مثلاً مکہ مکرمہ میں یا رہائش کی بلڈنگ میں، یہ سنت کے خلاف ہونے کی وجہ سے درست نہیں، البتہ حج ہوجائے گا اور دم وغیرہ لازم نہیں ہوگا۔(۱)

# راستہ پر میقات نہیں

''میقات پر راستہ نہیں'' کے عنوان کو دیکھیں۔(۴/۲۲۴)

# راستہ میں مرنے پر دوسرے نے حج ادا کیا

ایک شخص فرض حج کے لئے روانہ ہوا، میقات پہنچنے سے پہلے ہی انتقال ہوگیا، اس میت کے باقی ماندہ روپیہ سے دوسرے آدمی نے اس کی طرف سے حج ادا کیا، تو امید ہے کہ میت کی طرف سے حج ادا ہوجائے گا۔(۲)

---

(۱) ويكره أن لايبيت بمنى ليال الرمى ، ولو بات فى غيره متعمدًا لايلزمه شيئ عندنا . (التاتارخانية: (۲/۴٦٦ ) كتاب المناسك ، الفصل الثالث فى تعليم أعمال الحج ، ط: إدارة القرآن )

إرشاد السارى : ( ص: ۱۰۷ ) باب فرائض الحج ، وواجباته ...... فصل فى مكروهاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

غنية الناسک : (ص: ۴۸ ) باب فرائض الحج وواجباتهٖ ...... فصل : وأمّا مكروهاته ، ط: إدارة القرآن.

(۲) ولو مات رجل بعد وجوب الحج ولم يوص به ، فحج رجل عنه أو حج عن أبيه أو أمّه عن حجة الإسلام من غير وصية ، قال أبوحنيفة : يجزيه إن شاء اللّٰه ...... ؛ لأنّه إيصال للثواب وهو لايختص بأحد من قريب أو بعيد . ( شامى : (۲/٦۰۰ ) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، قبيل : مطلب : شروط الحج عن الغير وشرون ، ط: سعيد )

البحر الرائق : ( ۲/٦۹ ) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، ط: سعيد .

غنية الناسک : (ص: ۳۲۲ ) باب الحج عن الغير ، فصل : شرائط النيابة فى الحج الفرض، ط: إدارة القرآن .

البتہ اس آدمی پر ضروری ہے کہ میت کا بقیہ روپیہ میت کے وارثوں کو دیدے، کیونکہ مرنے والے نے حج بدل کرنے کے لئے وصیت نہیں کی، اس لئے بقیہ روپیہ میراث میں شامل ہوکر وارثوں کا حق ہوگیا۔(۱)

"ربنا اتنا فی الدنیا حسنۃ الخ"

ترجمہ: اس میں لفظ "حسنۃ" میں تمام ظاہری اور باطنی خوبیاں اور ہر قسم کی بھلائیاں داخل ہیں مثلاً دنیا کی حسنہ میں بدن کی صحت، اہل وعیال کی صحت، رزق حلال میں وسعت وبرکت، دنیاوی سب ضروریات کا پورا ہونا، اچھے اعمال، نیک اخلاق، علم نافع، عزت و وجاہت، عقائد کی درستگی، سیدھے اور صحیح راستے کی ہدایت، عبادات میں اخلاص کامل وغیرہ سب داخل ہیں۔

اور آخرت کی "حسنہ" میں جنت اور اس کی بے شمار اور لازوال نعمتیں اور حق تعالیٰ کی رضاء اور اس کا دیدار یہ سب چیزیں شامل ہیں۔(۲)

(۱) ولایجوز لأحد أن یتصرف فی ملک غیرہ بلاإذنہ أو وکالۃ منہ ...... وإن فعل کان ضامنًا. (شرح المجلّۃ لرستم باز: (۱/۲۱) رقم المادۃ: ۹۶، المقالۃ الثانیۃ: فی بیان القواعد الفقھیۃ، ط: حنفیہ کوئٹہ)

الدر المختار: (۶/۲۰۰) کتاب الغصب، ط: سعید.

(۲) وأظھر الأقوال فی تفسیر الحسنۃ فی الدنیا أنّھا العبادۃ والعافیۃ وفی الآخرۃ: الجنۃ والمغفرۃ، وقیل الحسنۃ تعم الدنیا، والآخرۃ. (شرح الصحیح لمسلم للنووی علی ھامش الصحیح لمسلم: (۲/۳۴۳) کتاب الذکر والدعاء والتوبۃو الاستغفار، باب کراھۃ الدعاء بتعجیل العقوبۃ فی الدنیا، ط: قدیمی)

عن أنس قال: کان أکثر دعوۃ یدعو بھا، یقول: اللّٰھم آتنا فی الدنیا حسنۃ و فی الآخرۃ حسنۃ، وقنا عذاب النّار، قال: وکان أنس إذا أراد أن یدعو بدعوۃ دعا بھا، فإذا أراد أن یدعو بدعاء دعا بھا فیہ. (الصحیح المسلم: (۲/۳۴۴) کتاب الذکر والدعاء والتوبۃ والاستغفار، باب فضل الدعاء باللّٰھم اتنا فی الدنیا حسنۃ ...... ط: قدیمی)

عن أنس قال: کان أکثر دعاء النّبیّ ﷺ: اللّٰھم آتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الآخرۃ حسنۃ و قنا عذاب النّار، متفق علیہ. (مشکوٰۃ المصابیح: (ص: ۲۱۸) کتاب الدعوات، باب جامع الدعاء، الفصل الأوّل، ط: قدیمی) =



خلاصہ یہ کہ یہ دعا ایک ایسی جامع دعا ہے کہ اس میں انسان کی تمام دنیاوی اور دینی میں مقاصد آجاتے ہیں، دنیا وآخرت دونوں جہاں میں راحت وسکون میسر آتا ہے، آخر میں خاص طور پر اس میں جہنم کی آگ سے پناہ کا بھی ذکر ہے، اس وجہ سے نبی کریم ﷺ اس دعا کو کثرت سے مانگا کرتے تھے۔(۱)

= ومنھم من یقول ربّنا آتنا فیا لدنیا حسنۃ وفی الآخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النّار، فیہ ثلاث مسائل ...... واختلف فی تأویل الحسنتین علی أقوال عدیدۃ، فروی عن علی بن أبی طالب رضی اللّٰہ عنہ أنّ الحسنۃ فی الدنیا المرأۃ الحسناء، وفی الآخرۃ الحور العین ...... و قال قتادۃ: حسنۃ الدنیا العافیۃ فی الصفحۃ، وکفاف المال، وقال الحسن: حسنۃ الدنیاالعلم والعبادۃ، وقیل غیر ھٰذا. والّذی علیہ أکثر أھل العلم أنّ المراد بالحسنتین نعم الدنیا والآخرۃ وھٰذا ھو الصحیح، فإنّ اللفظ یقتضی ھٰذا کلہ، فإن " حسنۃ " نکرۃ فی سیاق الدّعاء فھو محتمل لکل حسنۃ من الحسنات علی البدل. (الجامع لأحکام القرآن للقرطبی: (۲/۴۳۲، ۴۳۳) رقم الآیۃ: ۲۰۱، سورۃ البقرۃ، ط: دار عالم الکتب ریاض)

فقال: " ومنھم من یقول ربّنا آتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الآخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النّار " فجمعت ھٰذہ الدعوۃ کل خیر فی الدنیا وصرفت کل شر، فإنّ الحسنۃ فی الدنیاتشمل کل مطلوب دنیوی من عافیۃ، و دار رحبۃ، و زوجۃ حسنۃ، ورزق واسع و علم نافع، وعمل صالح، ومرکب ھنیئ وثناء جمیل إلی غیر ذٰلک مما اشتملت علیہ عبارات المفسرین، ولامنافاۃ بینھا، فإنّھا کلھا مندرجۃ فی الحسنۃ فی الدنیا، وأمّا الحسنۃ فی الآخرۃ فأعلی ذٰلک دخول الجنۃ، وتوابعہ من الأمن من الفزع الأکبر من العرصات، وتیسیر الحساب وغیر ذٰلک من أمور الآخرۃ الصالحۃ ...... ولھٰذا وردت السنّۃ بالترغیب فی ھٰذا الدعاء ...... عن أنس قال: کان أکثر دعوۃ یدعو بھا رسول اللّٰہ ﷺ: اللّٰھم ربّنا آتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الآخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النّار.

(تفسیر ابن کثیر: (۱/۵۵۸) سورۃ البقرۃ، رقم الآیۃ: ۲۰۱، ط: دار طیبۃ بیروت)

(۱) وأظھر الأقوال فی تفسیر الحسنۃ فی الدنیا أنّھا العبادۃ والعافیۃ وفی الآخرۃ: الجنۃ والمغفرۃ، وقیل الحسنۃ تعم الدنیا، والآخرۃ. (شرح الصحیح لمسلم للنووی علی ھامش الصحیح لمسلم: (۲/۳۴۳) کتاب الذکر والدعاء والتوبۃو الاستغفار، باب کراھۃ الدعاء بتعجیل العقوبۃ فی الدنیا، ط: قدیمی)

عن أنس قال: کان أکثر دعوۃ یدعو بھا، یقول: اللّٰھم آتنا فی الدنیا حسنۃ و فی الآخرۃ حسنۃ، وقنا عذاب النّار، قال: وکان أنس إذا أراد أن یدعو بدعوۃ دعا بھا، فإذا أراد أن یدعو بدعاء دعا بھا فیہ. (الصحیح المسلم: (۲/۳۴۴) کتاب الذکر والدعاء والتوبۃ والاستغفار، باب فضل الدعاء باللّٰھم اتنا فی الدنیا حسنۃ ...... ط: قدیمی) =

# رخسار

احرام کی حالت میں رخسار کو کپڑے سے چھپانا مکروہ ہے، ہاتھ سے چھپانا جائز ہے۔(۱)

---

= عن أنس قال : كان أكثر دعاء النّبىّ ﷺ: اللّٰهم آتنا فى الدنيا حسنة وفى الآخرة حسنة و قنا عذاب النّار ، متفق عليه . ( مشكوٰة المصابيح : (ص: ۲۱۸ ) كتاب الدعوات ، باب جامع الدعاء ، الفصل الأوّ ل ، ط: قديمى )

ومنهم من يقول ربّنا آتنا فيا لدنيا حسنة وفى الآخرة حسنة وقنا عذاب النّار ، فيه ثلاث مسائل ...... واختلف فى تأويل الحسنتين على أقوال عديدة ، فروى عن على بن أبى طالب رضى اللّٰه عنه أنّ الحسنة فى الدنيا المرأة الحسناء ، وفى الآخرة الحور العين ...... و قال قتادة : حسنة الدنيا العافية فى الصفحة ، وكفاف المال ، وقال الحسن : حسنة الدنياالعلم والعبادة ، وقيل غير هٰذا . والّذى عليه أكثر أهل العلم أنّ المراد بالحسنتين نعم الدنيا والآخرة وهٰذا هو الصحيح ، فإنّ اللفظ يقتضى هٰذا كله ، فإن ” حسنة “ نكرة فى سياق الدّعاء فهو محتمل لكل حسنة من الحسنات على البدل . ( الجامع لأحكام القرآن للقرطبى : (۲/ ۴۳۲ ، ۴۳۳ ) رقم الآية : ۲۰۱ ، سورة البقرة ، ط: دار عالم الكتب رياض )

فقال : ” ومنهم من يقول ربّنا آتنا فى الدنيا حسنة وفى الآخرة حسنة وقنا عذاب النّار “ فجمعت هٰذه الدعوة كل خير فى الدنيا وصرفت كل شر ، فإنّ الحسنة فى الدنياتشمل كل مطلوب دنيوى من عافية ، و دار رحبة ، و زوجة حسنة ، ورزق واسع و علم نافع ، وعمل صالح ، ومركب هنيئ وثناء جميل إلى غير ذٰلک مما اشتملت عليه عبارات المفسرين ، ولامنافاة بينها ، فإنّها كلها مندرجة فى الحسنة فى الدنيا ، وأمّا الحسنة فى الآخرة فأعلى ذٰلک دخول الجنة ، وتوابعه من الأمن من الفزع الأكبر من العرصات ، وتيسير الحساب وغير ذٰلک من أمور الآخرة الصالحة ...... ولهٰذا وردت السنّة بالترغيب فى هٰذا الدعاء ...... عن أنس قال : كان أكثر دعوة يدعو بها رسول اللّٰه ﷺ : اللّٰهم ربّنا آتنا فى الدنيا حسنة وفى الآخرة حسنة وقنا عذاب النّار . (تفسير ابن كثير : ( ۱/ ۵۵۸ ) سورة البقرة ، رقم الآية : ۲۰۱ ، ط: دار طيبة بيروت)

( ۱ ) ولابأس أن يضع يده على أنفه بلاثوب ، والظاهر أنّه لوكان الوضع بالثوب ففيه الكراهة التحريمية فقط وعلى هٰذا يفرع ما لو دخل تحت ستر الكعبة ، فإن كان يصيب وجهه أو رأسه فمكروه ، لاشيئ عليه ، وإلاّ فلا بأس به . ( غنية الناسک : ( ص: ۲۵۵ ) باب الجنايات ، الفصل الثالث : فى تغطية الرأس والوجه ، ط: إدارة القرآن )

شامى : (۲/ ۵۴۹ ) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

البحر الرائق : ( ۳/ ۸ ) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .



# رخصتی سے پہلے حج کرنا

اگر لڑکی کا نکاح ہوگیا ہے، اور رخصتی نہیں ہوئی، اور لڑکا لڑکی کو اس دوران اپنے ساتھ حج کرانا چاہتا ہے، تو رخصتی سے پہلے بھی شوہر کے ساتھ حج کے لئے بھیجنا جائز ہوگا، اس سے رخصتی اور حج دونوں کام ہوجائیں گے، جب نکاح ہوگیا تو دونوں میاں بیوی ہیں ایک دوسرے کے لئے حلال ہیں، رخصتی ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو اس سے کوئی فرق نہیں آئے گا، حج سے واپس آنے کے بعد اگر لوگوں کے سامنے باقاعدہ رخصتی کرانا چاہیں تو کر سکتے ہیں، شرعاً اس میں کوئی قباحت نہیں ہے۔(۱)

# رزائی

احرام کی حالت میں سردی کی وجہ سے رزائی استعمال کرسکتا ہے، مگر سر اور چہرہ نہیں ڈھانک سکتا، البتہ عورتوں کے لئے سر ڈھانکنے کی اجازت ہے۔(۲)

---

( ۱ ) ( وينعقد ) متلبسا ( بإيجاب ) من أحدهما ( وقبول ) من الآخر ...... ( و ) شرط ( حضور ) شاهدين ( حرين ) •و حر و حرتين ( مكلفين سامعين قولهما معا ) ...... ( الدر المختار مع رد المحتار : (۳/ ۹ ، ۲۱ ، ۲۲ ) كتاب النكاح ، ط: سعيد )

النكاح ينعقد بالإيجاب والقبول وضعا للمضى أ ووضع أحدهما للمضى والآخر لغيرہٖ مستقبلا كان كالأمر أو حالاً كالمضارع ، كذا فى النهر الفائق ، فإذا قال لها : أتزوجک بكذا ، فقالت قد قبلت يتم النّكاح ...... ( الهندية : ( ۱/ ۲۷۰ ) كتاب النكاح ، الباب الثانى فيما ينعقد به النّكاح ومالاينعقد به ، ط: رشيديه )

الهداية : ( ۲/ ۳۰۵ ، ۳۰۶ ) كتاب النكاح ، ط: مكتبة شركة علمية ملتان .

(۲) وستر الوجه كله أو بعضه كفمه و ذقنہٖ ...... والرأس أى رأس الرجل أمّا المرأة فتستره ...... بخلاف الميت وبقية البدن ، أى و بخلاف ستر بقية البدن سوى الرأس والوجه فإنّه لاشيئ عليه . (الدر مع الرد : ( ۲/ ۴۸۷ ، ۴۸۸ ) كتاب الحج ، فصل فى الإحرام ، مطلب فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم ، ط: سعيد )

غنية الناسک : (ص: ۸۸ ) باب الإحرام ، فصل فى محرمات الإحرام ، ط: ومحظوراته الّتى فى غالبها الجزاء ، و : (ص: ۹۴ ) فصل : فى إحرام المرأة ، ط: إدارة القرآن .

بدائع الصنائع : ( ۲/ ۱۸۴ ، ۱۸۵ ) كتاب الحج ، فصل : وأما بيان ما يحظره الإحرام ومالايحظره وبيان م ايجب بفعل المحظور ، ط: سعيد .

## رسی

احرام کی چادر اور تہبند کو رسی سے باندھنا مکروہ ہے۔(۱)

## رشوت دے کر حج پر جانا

اگر کسی پر حج فرض ہے، اور حکومت رشوت کے بغیر حج کے لئے جانے کی اجازت نہیں دیتی تو رشوت دے کر حج کے لئے جانا جائز ہوگا، اور رشوت دینے والا حاجی گنہگار نہیں ہوگا، البتہ رشوت لینے والے گنہگار رہوں گے۔

اور نفل حج یا عمرہ کے لئے رشوت دینا کراہت کے ساتھ جائز ہوگا۔(۲)

## رشوت دے کر ملازمت لی

☆ رشوت دے کر ملازمت حاصل کرنا ناجائز ہے، مگر ملازمت ہو جانے کے بعد صلاحیت، قابلیت اور مہارت کی وجہ سے اپنی محنت سے اس نے جو پیسہ کمایا ہے اور تنخواہ لی ہے وہ حلال ہے اس رقم سے حج کرنا یا اپنے والدین یا ان کے علاوہ کسی اور کو حج کرانا جائز ہے، البتہ رشوت دے کر جو ملازمت لی ہے اس سے توبہ استغفار

---

(۱) وعقد الإزار والرداء بأن يربط طرف أحدهما بطرفه الآخر ، وأن يخلله بخلال أو يشده بحبل و نحوه . (غنية الناسک : (ص: ۹۱) باب الإحرام ، فصل : فی مكروهات الإحرام ، ط: إدارة القرآن)

البحر الرائق : (۷/۳) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

الهندية : (۱/۲۴۲) كتاب الحج ، الباب الثامن : فی الجنايات ، الفصل الثانی : فی اللبس، ط: رشيديه .

(۲) (من أمن الطريق) بغلبة السلامة ولو بالرشوة على ماحققه الكمال . الدر المختار. وفی الشامية : (قوله : على ماحققه الكمال) ...... و بتقديره فالإثم فی مثلهٖ على الآخذ على ما عرف من تقسيم الرشوة فی كتاب القضاء ...... قلت ويؤيّده مايأتی عن القنية والمجتبىٰ فان المكس والخفارة رشوة ، ونقل "ح" عن البحر ان الرشوة فی مثل هٰذا جائزة ولم اره فيه فليراجع . (شامی : (۲/۴۶۳) كتاب الحج ، مطلب فی قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع ، ط: سعيد)

البحر : (۲/۳۱۴) كتاب الحج ، (قوله : وأمن الطريق) ط: سعيد .



کرنا ضروری ہے۔(۱)

☆ ظلم کو دفع کرنے اور اپنا جائز حق حاصل کرنے کے لئے رشوت دینی پڑے تو گنجائش ہے مگر دوسرے کی حق تلفی نہ ہو، البتہ رشوت لینے والا گنہگار رہوگا، اس کے لئے کسی حال میں بھی رشوت لینے کی اجازت نہیں کیونکہ اس کا حق کبھی بھی ضائع نہیں ہوتا۔(۲)

## رشوت لینے والے کا حلال کمائی سے حج کرنا

☆ اگر کوئی ملازم یا افسر تنخواہ بھی لیتا ہے، اوپر سے رشوت بھی لیتا ہے، رشوت کی رقم سے کھاتا پیتا ہے اور تنخواہ کی حلال رقم جمع کرتا رہتا ہے، اور تنخواہ کی حلال رقم سے حج کرتا ہے تو حج ہو جائے گا، لیکن حرام کمائی سے کھانا اور حلال کمائی کو جمع کرنے کا جو طرز ہے وہ صحیح نہیں ہے۔(۳)

---

(۱) عن عبد الله بن عمرو قال : لعن رسول الله ﷺ الراشی والمرتشی . (مشكوٰة المصابيح : (ص: ۳۲۶) باب رزق الولاة ، وهداياهم ، الفصل الثانی ، ط: قديمی)

جامع الترمذی : (۱/۲۸) أبواب الأحكام ، باب ماجاء فی الراشی والمرتشی فی الحكم ، ط: سعيد .

ثم الرشوة أربعة أقسام : منها ما هو حرام على الآخذ والمعطی ، وهو الرشوة على تقليد القضاء والإمارة ، الثانی : ارتشاء القاضی ليحكم وهو كذٰلک ولو القضاء بحق ؛ لأنّه واجب عليه ...... (شامی : (۵/۳۶۲) كتاب القضاء ، مطلب : فی الكلام على الرشوة والهدية ، ط: سعيد)

(۲) الثالث : أخذ المال ليسوی أمره عندالسلطان دفعًا للضرر ، أو جلبًا لنفع ، وهو حرام على الآخذ ، فقط ، الرابع : ما يدفع لدفع الخوف من المدفوع إليه على نفسهٖ أو مالهٖ حلال للدافع ، حرام على الآخذ ؛ لأنّ دفع الضرر عن المسلم واجب . (شامی : (۵/۳۶۲) كتاب القضاء ، مطلب : فی الكلام على الرشوة والهدية ، ط: سعيد)

مرقاة المفاتيح : (۷/۲۴۸) باب رزق الولاة وهداياهم ، الفصل الثانی ، ط: الإمدادية ملتان .

البحر الرائق : (۶/۴۴۱) كتاب القضاء ، ط: سعيد .

(۳) عن أبی هريرة قال : قال رسول اللّٰه ﷺ : إنّ اللّٰه طيب لايقبل إلاّ طيبًا ، وإنّ اللّٰه أمر المؤمنين بما أمر به المرسلين فقال : يأيّها الرسل كلوا من الطيبات واعملوا صالحًا ، وقال تعالىٰ : ﴿ يٰأيّها الّذين اٰمنوا كلوا من طيّبات ما رزقنٰكم ﴾ ثم ذكر الرجل يطيل السفر ، أشعث ، أغبر ، يمد يديه إلى السماء ، يا رب ! يا رب ! ومطعمه حرام ، ومشربه حرام ، وملبسه حرام ، وغذی =

حدیث شریف میں ہے کہ ''جس جسم کی غذا حرام کی ہو دوزخ کی آگ اس کی زیادہ مستحق ہے۔''(۱)

ایسے آدمی پر ضروری ہے کہ حرام کمائی سے توبہ کرے، اور جس جس آدمی سے رشوت کی رقم لی ہے وہ اس کو واپس کرے، اگر وہ مرگیا ہے تو اس کے وارثوں کو واپس کرے، اور اگر وارث بھی نہیں ہیں تو اسکی طرف سے کسی غریب کو صدقہ کردے، اور ثواب کی نیت بھی نہ کرے۔(۲)

---

= بالحرام ، فأنّىٰ يستجاب لذٰلک ، رواه مسلم . ( مشكوٰة المصابيح : ( ص: ۲۴۱ ) كتاب البيوع، باب الكسب وطلب الحلال ، الفصل الأوّل ، ط: قديمى )

( ۱ ) عن جابر رضى الله عنه قال : قال رسول الله ﷺ : لايدخل الجنّة لحم نبت من السحت ، وكل لحم نبت من السحت كانت النّار أولىٰ به . رواه أحمد ، والدارمى ، والبيهقى فى شعب الإيمان . ( مشكوٰة المصابيح : (ص: ۲۴۲ ) كتاب البيوع ، باب الكسب وطلب الحلال ، الفصل الثانى ، ط: قديمى )

🗁 كنز العمال : ( ۱۱۹/۶ ) رقم الحديث : ۱۵۱۰۶ ، كتاب الإمارة والقضاء ، من قسم الأقوال ، الباب الثانى ، فى القضاء ، الفصل الثالث : فى الهدية والرشوة ، الرشوة من الإكمال ، ط: مؤسّسة الرسالة ، بيروت .

🗁 مسند أحمد بن حنبل : ( ۳۹۹/۳ ) رقم الحديث : ۱۵۳۱۹ ) مسند المكثرين من الصحابة ، مسند جابر بن عبد الله رضى الله عنه ، ط: مؤسّسة قرطبة ، قاهرة .

(۲) أنّ ما وجب التصدق بكله لايفيد التصدق ببعضهٖ ؛ لأنّ المغصوب إن علمت أصحابه ، أو ورثتهم وجب الرد عليهم ، وإلاّ وجب التّصدّق به . ( شامى : (۲۹۱/۲ ) كتاب الزكاة ، باب زكاة الغنم ، قبيل مطلب : فى التصدق بمال حرام ، ط: سعيد ، وكذا فى : ( ۳۸۵/۶ ) كتاب الحظر والإباحة ، فصل : فى البيع ، ط: سعيد )

🗁 البحر الرائق : ( ۳۵۹/۸ ) كتاب الكراهية ، ط: سعيد .

🗁 تبيين الحقائق : ( ۳۲۱/۶ ، ۳۲۲ ) كتاب الغصب ، ط: دار الكتب العلمية بيروت .

🗁 إنّما يكفر إذ اتصدّق بالحرام القطعىّ ...... رجل دفع إلى فقير من المال الحرام شيئًا يرجو به الثواب ، يكفر ...... قوله : إذا تصدّق بالمال الحرام القطعى ) : أى مع رجاء الثواب الناشى عن استحلاله ، كما مرّ فافهم . ( الدر مع الرد : ( ۲۹۲/۲ )كتاب الزكاة ، با بزكاة الغنم ، مطلب فى التصدق من المال الحرام ، ط: سعيد )

🗁 الهندية : ( ۲۷۲/۲ ) كتاب السير ، الباب التاسع : فى أحكام المرتدين ، ط: رشيديه .



